رہنمائے فارسی

مؤلف

محمد انور حبیب

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی ○ پاکستان

رہنمائے فارسی

مؤلف

محمد انور حبیب

زیر اہتمام

ضیاء المصنفین

دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی پاکستان

marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نامِ کتاب	رہنمائے فارسی
مصنف	محمد انور حبیب، فاضل دارالعلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ
زیر اہتمام	ادارہ ضیاء المصنفین، بھیرہ
اشاعت	اپریل 2005ء
تعداد	دو ہزار
مطبع	اوریلیا پرنٹرز، لاہور
ناشر	ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
کمپیوٹر کوڈ	1Z458
قیمت	-/110 روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔فون: 7221953 فیکس:۔042-7238010

9۔الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔فون: 7225085-7247350

14۔انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون: 021-2212011-2630411۔ فیکس:۔021-2210212

e-mail:- sales@zia-ul-quran.com

zquran@brain.net.pk

Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

marfat.com

آئینہ حسن ترتیب

دیباچہ	5	اسم معاوضہ	38
اصطلاحات	9	مستثنیٰ کا بیان	39
اسم معرفہ کی اقسام	12	حروف تہجی کا استعمال	40
اسم ذات کی تقسیم	12	اسم ضمیر کی وضاحت	47
مرکب اشاری	13	عدد کسریٰ	48
واحد جمع	14	اسمائے معیت	49
مذکر، مونث	16	فعل ناقص وتام	51
اسم نکرہ کی اقسام	18	فعل معاون	53
اسم مصغر	18	افعال رخصتی	55
اسم مکبر	19	عنقریب وقوع پذیر ہونے والے فعل	56
اسم ظرف	20	ایک فعل کے وقوع کے بعد دوسرا فعل صادر ہونا	58
اسم آلہ	23	دعائیہ جملے یا افعال	58
اسم صوت	25	صفت مشبہ	59
اسمائے استفہام/تمرین	26	جملہ اسمیہ	60
اسم صفت تفضیلی	28	جملہ فعلیہ	60
اسم مصدر	33	جملہ خبریہ	61
حاصل مصدر	35		
اسم حالیہ	37		

marfat.com

جملہ انشائیہ 61

محاورات 63

ضرب الامثال 65

لغات عامہ 69

انتخاب از پندنامہ 76

احوال زندگی شیخ عطار 84

سوانح سعدی شیرازی 88

مختصر مقدمۂ گلستان 94

انتخاب از گلستان 98

انتخاب از حکیم و پندہائے سعدی 13

منظومات متفرقہ چند غزلہائے 143

بیا! بمجلس اقبال سعدی 158

رباعیات 162

از کلام غالب 166

از کلام احمد جام 167

ثناء و حمد از سعدی 167

از رباعیات عمر خیام 168

از مثنوی شریف مولانا روم 169

انتخاب از کلام خسرو 170

متفرق اشعار فارسی 172

فرہنگ 183

اصطلاحات تا ظرف 183

اسم آلہ تا مصدر 184

اسم حالیہ تا فعل معاون 185

متفرق افعال تا جملہ فعلیہ 186

بخش دوم، پندنامہ 186

مقدمۂ گلستان سعدی 221

حکایات سعدی ترتیب وار 231

حکم و پندہائے سعدی 298

خاتمۃ الکتاب 302

چند غزلہائے شیخ سعدی 303

بیا بمجلس اقبال 316

از دیوان غالب 328

از کلام احمد جام 329

حمد و ثناء از سعدی 331

از رباعیات عمر خیام 333

از مثنوی شریف 333

از کلام خسرو 337

متفرق اشعار فارسی 339

بخش اول میں موجود مشقوں کا حل 365

چند شعری اصطلاحات 370

marfat.com

دیباچہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُوَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ،اَمَّا بَعْدُ

فارسی زبان کی شیرینی وانگبینی اورحلاوت ومٹھاس میں کوئی قیل وقال نہیں ہے۔یہ اپنی جائے پیدائش کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی متعارف ومتداول رہی ہے۔جامع، کامل، زندہ اورترقی یافتہ جیسی صفات سے متصف ہونے کے ساتھ یہ فصاحت وبلاغت، روانی و سلاست اوراستعداد وصلاحیت کے اعلیٰ معیار سے مزیّن وآراستہ ہے نیز صُوَرِی ومعنوی خوبیوں سے مالا مال ہے۔اس کی وسعت اور ہمہ گیری کا اندازہ اس کے قدیم اورجدید علوم فنون اورآداب کے چشمہ شیریں وزلال میں غواصی کے بعد ہی ہوتا ہے۔اس کی حلاوت و شیرینی میں کھو جانے والا شادکام ہوتا ہے۔لاتعداد اسلاف اور بزرگان دین نے فارسی کو ذریعۂ اظہارخیال بنا کراسے لازوال علمی وادبی اثاثہ کا حامل بنا کرایک زندہ جاوید حقیقت بنادیا ہے۔جس سے کوئی مفرنہیں ہے۔گزشتہ چودہ صدیوں میں عالم اسلام اوراس کے علاوہ زندہ قوموں میں دوسری زبانوں کے پہلو بہ پہلو فارسی زبان بھی پھلتی، پھولتی، اورپنپتی رہی ہے۔مختلف جامعات اور مدارس کے نصابات تعلیم میں اس کی موجودگی اور مستقل شمولیت، اس زبان کی اہمیت اورمقبولیت پربیّن دلیل اورشاہد عادل ہے۔

برصغیر پاک ہند میں ایران کی ہمسائیگی کے اثرات کے علاوہ بھی مسلمانوں کا فاتحین کی شکل میں داخل ہونا اوراسلامی مستقل حکومت کا قیام بھی اس زبان کی نشرواشاعت میں ممدّ و معاون ثابت ہوا۔ایران افغانستان، ماوراءالنہراور ہند کے علماء وشعراء نے اپنے اذہان و افکار کا نچوڑ اس زبان میں پیش کر کے علم ادب کے اس بحرزخار کومزید متموّج ومتلاطم کردیا نیز ایسا لازوال علمی ذخیرہ وراثت میں چھوڑا جو اپنی اہمیت وصلاحیت اورافادیت کو ظاہر و اجاگر کرتا رہتا ہے۔ہمارے پیارے وطن پاکستان میں رسمی جامعات وکلیات کے علاوہ

marfat.com

دینی مدارس کے نصاب میں اس کی موجودگی ماضی کے عظیم الشان ورثہ کو زندہ رکھنے کی ایک قابل قدر و تحسین کاوش ہے۔

عصر حاضر کی عظیم علمی درسگاہ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کے منہج الدراستہ میں روز اول سے ہی یہ زبان شامل رہی ہے۔ مفسر قرآن، مفکر اسلام حضور ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری رحمۃ اللہ علیہ نے دوسرے علوم وفنون کی تدریس کے ساتھ ساتھ فارسی کی تدریس کو بھی منظم ومربوط فرمایا ہے آپ اکثر اس بات کا اظہار فرماتے تھے کہ ہمارے اسلاف کا ایک گراں قدر علمی سرمایہ فارسی زبان میں ہے۔ لہٰذا اس ذخیرہ تک رسائی کے لیے فارسی کا سیکھنا ازبس ضروری ہے۔ تشویق وتحریص اور انگیخت کے لیے آپ اپنی تحریروں اور تقریروں بالخصوص مجالس ذکر وفکر میں اکثر فارسی کے اشعار کا تذکرہ عمدہ انداز میں فرماتے تھے۔ نصائح اور مواعظ میں ایسے اشعار ذکر فرماتے جن میں اعلیٰ وارفع روحانی و اخلاقی اقدار کا مفہوم ومضمون واضح ہوتا۔

لہٰذا اسی سلسلۃ الذہب کو مزید نکھارنے اور طلبہ میں فارسی دانی کا عمدہ مذاق پیدا کرنے میں ایک آسان اور زود فہم انداز اپنایا گیا ہے کہ مبتدی طلبہ کی فارسی کے ساتھ دلچسپی بھی برقرار رہے اور وہ اپنی ذہنی استعداد اور قابلیت کے مطابق فائق واجود ثمرات بھی سمیٹ سکیں اس مقصد جلیل کے حصول کی خاطر اور ادارہ ''ضیاء المصنفین'' کے مدیر، رفیق محترم ومکرم حضرت علامہ مولانا ملک محمد بوستان صاحب دام ظلہ کی خواہش پر سال دوم کے طلبہ عظام کے لیے اس تالیف کو ترتیب دینے کی یہ معمولی اور حقیری سعی وجود میں لائی گئی ہے جس سے امید ہے عزیزان کی فارسی کے ساتھ دلچسپی برقرار رہے گی۔

یہ کدّ وکاوش ضرور نتیجہ خیز اور ثمر بار ہوگی اگر چند امور کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

☆ ''رہنمائے فارسی'' شروع کرانے سے قبل اساتذہ کرام اپنے شاگردان عزیز کے لئے گزشتہ سال پڑھے ہوئے قواعد کو دہرادیں تاکہ آموختہ ذہن نشین ہو جائے۔

☆ اساتذہ کرام پہلے خود سبق کا اچھی طرح مطالعہ فرمالیں تاکہ تعارف یا متعلقہ سوال

marfat.com

اچھی طرح سمجھا سکیں۔ کیوں کہ سبق کے متعلق تمام امور پر بحث کرنا ایک لازمی امر ہے۔

☆ اساتذہ کرام پہلے خود سبق یا عبارت کو روانی سے پڑھ کر طلبہ کو سنائیں اور صحیح تلفظ کی پابندی کی جائے۔

☆ محبت اور شفقت کا سلوک لازمی طور پر طلبہ میں شوق پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے لہذا عزیزان کو مکلّف بنایا جائے کہ وہ آموختہ خوب ذہن نشین کر کے آیا کریں۔ آموختہ کا تکرار و اعادہ کریں اور اگلے سبق کا مطالعہ کر کے آئیں۔

☆ حصہ گرامر میں قوانین وضوابط کے ساتھ تمارین بھی دی گئی ہیں۔ ممکن حد تک آخر میں ان کا حل بھی موجود ہے۔ بہر حال طلبہ کے لیے ان کی اہمیت بہت زیادہ ہے سوال جواب کا سلسلہ اور تمارین کا زبانی حل کروانا، مذاق پیدا کرنے میں بڑا ممد و معاون ثابت ہوگا۔

☆ بعض الفاظ پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور مشکل الفاظ کے معنیٰ، آخر میں فرہنگ کے طور پر درج ہیں، تا کہ طلبہ کو مزید آسانی ہو۔ مزید تحقیق و تدقیق کے لیے فارسی زبان کی فیروز اللغات (طبع فیروز سنز لاہور) بہت ہی مفید اور معاون ثابت ہوگی۔

☆ مذکورہ بالا مقرّر نصاب ہے اور بطور متلوّ نصاب کے غزلیات سعدیؒ سے انتخاب اور متفرق متقدمین حکماء شعراء کے کلام سے انتخاب شامل ہے۔ یہ محض طلبہ میں فارسی شاعری کا ایک عمدہ مذاق پیدا کرنے کی ایک کوشش ہے۔ اساتذہ کرام اس حصہ کو صرف سلاست اور روانی سے پڑھ کر سنا دیں اور مختصر سا ترجمہ اور تشریح بھی فرما دیں۔

☆ طلبہ کی اس حصہ میں رہنمائی کے لیے فرہنگ کے آخر میں مشکل الفاظ کے معانی اور مغلق اشعار کا مرکزی خیال اور سادہ ترجمہ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ امید ہے طلبہ کو آسانی ہوگی۔

☆ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب مکرم، ہادیٔ دو عالم، سرور کائنات، مفخر موجودات ﷺ کے طفیل اس حقیر و ادنیٰ سی کاوش و سعی کو شرف قبولیت بخشے اور اس کو مفید و مقبول بنائے، آمین۔

marfat.com

تنبیہ:۔اس کتاب میں اگر کوئی غلطی یا خامی دوران مطالعہ اصحاب علم ودانش کی نظر سے گزرے تو اسے میری کوتاہ فہمی اور کم علمی پر محمول کرتے ہوئے مجھے مطلع فرمائیں تا کہ اس کی اصلاح کی جاسکے۔

ع شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا

ربّنا تقبّل منّا انّک انت السّمیع العلیم و تب علینا انّک انت التّوّاب الرّحیم و صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ سیدنا ومولانا محمّد خاتم الا نبیا ء و المرسلین وعلیٰ آلہ و اصحا بہ اجمعین الیٰ یوم الدّین۔

المؤلف

محمد انور حبیب

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ، ضلع سرگودھا

بارہ ربیع الاوّل شریف ۱۴۲۵ھ

3 مئی 2004ء بروز پیر

marfat.com

رہنمائے فارسی

اصطلاحات بخش اول

حروف ابجد:۔فارسی زبان میں حروف تہجی بتیس ۳۲ ہیں اور عربی زبان میں اٹھائیس ہیں۔ جو درج ذیل ہیں اَبْجَدُ، هَوَّزُ حُطِّیْ کَلِمَنْ سَعْفَصْ قَرْشَتْ ثَخَّذْ ضَظَغْ اور ان میں پ، ژ، گ، چ، کا اضافہ کریں تو یہ فارسی زبان کے حروف تہجی بن جاتے ہیں۔

الف ممدودہ:۔جس الف پر مدہ (آ) ہو اور اس کو کھینچ کر لمبا کر کے پڑھا جائے اُسے الف ممدودہ کہتے ہیں جیسے آب، آتش۔

الف مقصورہ:۔وہ الف جس پر مدہ نہ ہو اور اسے لمبا کر کے نہ پڑھا جائے مثلاً اَبر، اچار، اختر۔

اِشباع:۔حرکت کو دراز کرنا، یعنی زبر، زیر، پیش، کو یہاں تک لمبا کرنا کہ پیش سے واؤ، زیر سے یاء، اور زبر سے الف پیدا ہو جائے۔ اُفتاد سے اوفتاد، اچار سے آچار، آتش سے آتیش وغیرہ۔ علم قافیہ کی اصطلاح میں حروف دخیلی کو بھی اشباع کہتے ہیں۔

امالہ:۔کسی بھی لفظ میں موجود ''الف'' یا ''ہ'' کو یائے مجہول سے بدل کر پڑھنے کو امالہ کہتے ہیں جیسے آگرہ سے آگرے، حساب سے حسیب، کتاب سے کتیب وغیرہ اور عربی زبان میں فتحہ کو کسرہ کی طرف اس قدر جھکانا کہ یائے مجہول کی آواز پیدا ہو جائے جیسے ایمن۔

مترادف:۔دو ہم معنی الفاظ کو کہتے ہیں مثلاً گلشن، چمن، قلب، فواد، احسان، کرم وغیرہ

متضاد:۔ہر آپس میں مخالف اور ضد رکھنے والے الفاظ، متضاد کہلاتے ہیں جیسے روز، شب، بخیل، کریم، زیر، بالا۔

مخفّف:۔بعض اوقات کسی لفظ کو مختصر کر لیتے ہیں اسے مخفّف کہتے ہیں۔ ''جم'' جمشید کا مخفّف ہے اور وہ حرف جو بغیر تشدید کے ہو اسے بھی مخفف کہتے ہیں۔

محذوف:۔بعض اوقات لفظ میں سے کسی حرف کو خذف کر دیتے ہیں، ایسے حرف کو محذو

marfat.com

ف کہتے ہیں جیسے بیچارہ سے بچارہ، شاد باش سے شاباش، وغیرہ۔

تلمیح:۔ بعض اوقات کلام میں کسی مشہور قصہ یا واقعہ کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ ایسے اشارہ کو تلمیح کہتے ہیں۔ جیسے آتش نمرود، طوفان نوح، شتر صالح وغیرہ۔

متروک:۔ جس لفظ یا اسم کا استعمال ترک ہو چکا ہو اور وہ بول چال یا تحریر میں نہ آتا ہو اسے متروک کہتے ہیں۔ جیسے کلپترہ (بے ہودہ اور بے معنی باتیں)۔

مشدّد:۔ کسی حرف پر شد لگا کر پڑھنے کو تشدید کہتے ہیں۔ اور جو حرف تشدید سے پڑھا جائے اسے مشدّد کہتے ہیں۔ جیسے بچّہ میں ''چ'' دوبار پڑھی جارہی ہے۔ پہلے ساکن اور پھر متحرک مثلاً زچّہ۔

منوّن:۔ جس حرف پر تنوین یعنی دو زبریں، دو زیریں، یا دو پیش ہوں یہ نون کی آواز پیدا کرتے ہیں۔ حرکات کے اس استعمال کو تنوین کہتے ہیں جیسے فوراً، نسلاً بعد نسلٍ، مشارٌ وغیرہ

مدغم:۔ کبھی کبھی قریب المخارج یا متّحد المخارج الفاظ کو باہم ملا کر پڑھنے میں آسانی ہوتی ہے اسے ادغام کہتے ہیں جیسے شب بو، شب پر، بدتر، کوشبّو، شپّر، بتّر، پڑھتے ہیں۔

حروف شمسی

ہر وہ حرف جس سے پہلے الف لام لگایا جائے اور وہ پڑھا نہ جائے ایسے حروف کو شمسی کہتے ہیں مثلاً الشّمس، یوں الف لام لگانے سے پہلا حرف مشدد بھی ہو جاتا ہے۔ ان کی تعداد چودہ ہے

ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ل، ن،

حروف قمری

ہر وہ حرف جس سے پہلے الف لام لگایا جائے اور وہ پڑھا جائے ایسے حروف کو قمری کہتے ہیں مثلاً القمر یہ بھی تعداد میں چودہ ہیں

ا، ب، ج، ح، خ، ع، غ، ف، ق، ک، م، و، ہ، ی۔

تنبیہ:۔ رہبر فارسی ''ا'' میں آپ لفظ اور اس کی اقسام، کلمہ، مہمل، پڑھ آئے ہیں اور کلمہ کی

marfat.com

اقسام، اسم، فعل، حرف، بھی پڑھ چکے ہیں۔ نیز اسم کی اقسام بناوٹ کے لحاظ سے، جامد، مصدر، مشتق، بھی آپ کے علم میں آ چکی ہیں۔ اب اسم کی اقسام معنیٰ کے لحاظ سے یعنی اسم معرفہ اور اسم نکرہ آپ پڑھیں گے اور پھر ان کی جو اقسام ہیں ان کا اجمالی تعارف اور مثالیں مذکور ہوں گی۔

marfat.com

اسم نکرہ:۔وہ اسم جو کسی عام جگہ، شخص یا چیز کا نام ہو جیسے شہر، دریا، کتاب۔
اسم معرفہ:۔وہ اسم جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو مثلاً ملتان، گلاب، محمد کرم شاہ۔

اسم معرفہ کی اقسام

1۔علَم۔ 2۔اسم ضمیر۔ 3۔اسم اشارہ۔ 4۔اسم موصول

(اس میں اسم علم کی مزید پانچ اقسام ہیں: عرف، خطاب، لقب، کنیت، تخلص)

اسم نکرہ کی اقسام

(۱)اسم ذات

(۲)اسم استفہام

(۳)اسم صفت

(۴)اسم مصدر

(۵)اسم حاصل مصدر

(۶)اسم فاعل

(۷)اسم مفعول

(۸)اسم حالیہ

(۹)اسم معاوضہ

تنبیہ:۔مذکورہ بالا اقسام میں سے آپ گزشتہ سال اسم فاعل اور اسم مفعول، نیز اسم مصدر کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔بقیہ کی تفصیل امسال آپ پڑھیں گے۔

☆اسم ذات کی تقسیم

اسم مصغّر:۔اسم مکبّر، اسم ظرف، اسم آلہ، اسم صوت۔
اسم علم:۔وہ اسم ہے جو کسی خاص شخص کا نام یا پہچان کے لیے علامت کا کام دے۔
مثلاً سلمان، مبشّر، انور، سعید۔
اسم موصول:۔اسم موصول وہ اسم ہے کہ جب تک ایک اور جملہ جو اس کے بعد آتا

marfat.com

ہے اس کے ساتھ نہ ملایا جائے پوری بات سمجھ نہیں آتی۔ جو جملہ اس معنی کو پورا کرتا ہے اسے صلہ کہتے ہیں مثلاً ہر کہ آمد عمارت نو ساخت، ہر کہ اسم موصول ہے۔ عمارت نو ساخت اس کا صلہ ہے پہلے جملہ کو موصوف موصولہ کہتے ہیں۔

اسماء موصولہ درج ذیل ہیں:۔ ہر کہ، ہر آنکہ، آنا نکہ، آنہا نکہ۔ یہ اشخاص کے لیے آتے ہیں

ہر چہ، ہر آنچہ، آنچہ، یہ اشیاء کے لیے آتے ہیں۔

''کہ'' حرف صلہ ہے یہ جاندار اور بے جان دونوں کے ساتھ آتا ہے۔ اور جب یہ ''کہ'' کسی اسم کے ساتھ آتا ہے تو اس سے پہلے ی کو بڑھاتے ہیں۔ مثلاً چیزی کہ، مردیکہ، کاری کہ، کسانی کہ۔

امثلہ:۔ کہ۔ مُزد آں گرفت کہ کار کرد

ہر کہ:۔ ہر کہ آمد عمارت نو ساخت

آنکس کہ:۔ آنکس کہ نزد شما نشستہ بود کہ بود؟

آنا نکہ:۔ آنا نکہ خاک را بنظر کیمیا کنند۔ کجا اند؟

ہر چہ:۔ ہر چہ در کان نمک رفت، نمک شد۔ ہر چہ دیدہ اید، بگوئید۔

ہر آنچہ:۔ ہر آنچہ بخواہید، بگیرد۔ گزشت آنچہ گزشت۔

یکہ:۔ وقتیکہ در آنجا رسیدم در خانہ کسے نہ بود۔

یکہ:۔ کسانیکہ کارہائے نیکو کردند، عزت یافتند۔

آنہا کہ:۔ آنہا کہ مرا ادب دادہ بودند، برفتند۔

مرکّب اشاری (اسم اشارہ اور مشار الیہ)

اسم اشارہ وہ لفظ ہے جس سے کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کیا جائے تا کہ اس کی خصوصیت ظاہر ہو۔ جس کی طرف اشارہ ہوا سے مشار الیہ کہتے ہیں اور جس سے اشارہ کیا جائے اسے اسم اشارہ کہتے ہیں۔ مثلاً: ایں کودک یا آں ستارہ وغیرہ۔ اس میں ایں اور آں

marfat.com

اسم اشارہ اورکودک، ستارہ مشارٌ الیہ ہیں۔اب قریب کے اشارہ کے لیے اِیں اور اِینک واحد کے لیے ہیں اور جمع مشارٌ الیہ کے لیے اینہا اور ایناں آئے گا۔مشارالیہ اگر دور ہوتو پھر اسم اشارہ بعید آں واحد کے لیے اور آنہا، آناں جمع کے لیے آئیں گے اگر مشارٌ الیہ جمع ہوتو اسم اشارہ پھر بھی واحد آئے گا۔جیسے ایں مرداں۔آں زناں۔

☆اسی طرح اگر اسم اشارہ سے پہلے حرف باء آجائے تو اسم اشارہ کا الف دال سے بدل جائے گا جیسے بدیں چنگال۔بداں قاش وغیرہ

☆اور جب اِیں کا مشارٌ الیہ روز، شب، سال، وغیرہ ہوتو اِیں کی بجائے اِم کا حرف آجائے گا جیسے اِمشَب (آج رات) اِمروز، امسال وغیرہ۔

☆لفظ ''ہم'' اسمائے اشارہ سے پہلے آکر تاکید کے معنیٰ پیدا کردیتا ہے۔لفظی تبدیلی یوں آئے گی ایں سے ہمیں اور آں سے ہماں ملا کر پڑھا جائے گا مثلاً ہمیں شب (اسی رات) اور ہماں روز (اس دن) وغیرہ

واحد۔جمع اوران کے قواعد (تعداد کے لحاظ سے اسم کی اقسام)

واحد:۔وہ اسم جو مفرد یا ایک پر دلالت کرے جیسے مرد، کتاب۔

جمع:۔وہ اسم ہے جو ایک سے زیادہ افراد یا اشیاء پر دلالت کرے۔مثلاً مرداں۔ کتابہا۔

واحد سے جمع بنانے کے قواعد

نمبر 1۔جاندار اسماء کے آخر میں ''ان'' بڑھانے سے جیسے مرد سے مرداں، پیل سے پیلاں، زن سے زناں وغیرہ۔

نمبر2۔اگر جاندار اسموں کے آخر میں ہ (ہائے مختفی) ہوتو اسے حذف کر کے گاں کا اضافہ کرتے ہیں۔بندہ سے بندگاں، بچہ سے بچگاں، درندہ سے درندگاں، یا بندہ سے یا بندگاں۔

نمبر3۔اگر واحد اسم کے آخر میں الف یا واؤ ہوتو ''یاں'' کا اضافہ کرتے ہیں مثلاً دانا

marfat.com

سے دانایاں، خوب رو سے خوب رویاں، سخنگو سے سخنگویاں، بینا سے بینایاں وغیرہ۔

نمبر 4۔ بے جان اسماء کے آخر میں ''ہا'' بڑھا کر:۔ جیسے گل سے گلہا۔ باغ سے باغہا۔ کتاب سے کتابہا۔ سال سے سالہا۔

نمبر 5۔ اگر بے جان اسموں کے آخر میں ہ (ہائے مختفی) ہو تو جمع بناتے وقت اسے عمو ماً گرا دیتے ہیں مثلاً خامہ سے خامہا، اور اگر اس طرح جمع بناتے وقت دو اسموں میں التباس آتا ہو تو پھر ہا کو قائم رکھتے ہیں جیسے جامہ کی جمع جامہ ہا ہو گی کیوں کہ جام کی جمع جامہا آتی ہے مثلاً نام سے نامہا ہو گی کیوں کہ نامہ کی جمع نامہ ہا آتی ہے۔

نمبر 6۔ چند فارسی الفاظ کی جمع ''ات'' سے آتی ہیں جیسے بیگم سے بیگمات۔ دہ سے دیہات وغیرہ اور اگر اسم کے آخر میں ہ (ہائے ملفوظی) ہو تو جات کا اضافہ کرتے ہیں جیسے نقشہ سے نقشہ جات۔ کارخانہ سے کارخانہ جات۔ شاہراہ سے شاہرات اور شاہراجات وغیرہ۔

نمبر 7۔ فارسی جدید میں بے جان اسموں کی جمع ''الف نون'' کے ساتھ اور جانداروں کی جمع ہا سے بھی لاتے ہیں مثلاً درختاں۔ چشماں۔ جانورہا۔ شترہا وغیرہ۔

تنبیہ:۔ قاعدہ نمبر ۲ میں ایک اور اصول بھی لاگو ہوتا ہے جیسے بندہ میں ''ہ'' کو ''گ'' سے تبدیل کر کے آخر میں ''ان'' کا اضافہ کرتے ہیں۔ مثلا بندہ سے بندگاں۔ ستارہ سے ستارگاں۔ چرندہ سے چرندگاں۔ پرندہ سے پرندگاں۔ جوئیندہ سے جوئیندگاں وغیرہ۔

(مذکورہ بالا قواعد قیاسی ہیں)

اسم جمع

ایسے الفاظ جو واحد ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ جمع کی کوئی علامت نہیں ہوتی ہے۔ اور وہ الفاظ یا کلمات اشخاص یا اشیاء کے مجموعہ پر دلالت کرتے ہوں تو ایسے الفاظ کو اسم جمع کہتے ہیں۔ ان کے بنانے کا کوئی قاعدہ کلیہ نہیں ہے اور یہ سب سماعی ہوتے ہیں مثلاً انجمن، لشکر، کارواں، گروہ، طائفہ، سپاہ۔

marfat.com

جمع الجمع

بعض دفعہ جمع کی آگے پھر جمع بنالی جاتی ہے دراصل یہ عربی الفاظ کی ترکیب ہے جو فارسی میں مستعمل ہے جیسے دوا سے ادویّہ سے ادویات، فیض، فیوض، فیوضات، وجہ سے وجوہ، وجوہات، وغیرہ۔

تنبیہ:۔ جاندار اسماء کی جمع کے لیے فعل جمع اور بے جان اسماء کی جمع کے واسطے فعل واحد آتا ہے۔ مثلاً غلامان شاہ آمدند، پرستاران غلام بدیع الجمال حیران و پریشان گشتند۔ کتا بہادر صندوق است۔ ستارگان در پہنائے شب پیدا و ھویدا شد۔

مذکر۔ مؤنث (جنس کے اعتبار سے اسم کی تقسیم)

تذکیر و تانیث کے حوالے سے اسماء کو مذکر یا مؤنث کہا جاتا ہے کیوں کہ ہر ایک چیز کا جوڑا ہوتا ہے لہٰذا نر کو مذکر اور مادہ کو مؤنث کہتے ہیں۔

ان میں سے ہر ایک کے لیے جدا جدا لفظ آتا ہے مثلاً مادر، پدر، مرد و زن، اسپ مادیان، خروس ماکیان، وغیرہ اور کبھی مذکر کے ساتھ نر اور مونث کے ساتھ مادہ کا اضافہ کرتے ہیں جیسے شتر نر، شتر مادہ، گرگ نر، گرگ مادہ، یوز نر، یوز مادہ، (چیتا) عربی میں اصل اسم مذکر کے ساتھ علامت تانیث لگا کر بھی اسم مؤنث بناتے ہیں۔ والد سے والدہ، خادم سے خادمہ۔

نوٹ:۔ اگر اسماء سے پہلے نر لگایا جائے تو اس کے بعد "ہ" کا اضافہ کرتے ہیں جیسے نرہ شیر، مادہ شیر۔ نرہ خر، مادہ خر۔

مذکر و مؤنث کی پہچان میں چند مزید امور بھی معاون ہیں اور یہ اس کی اقسام بھی ہیں جیسے۔ مذکر، مؤنث کے بعد مشترک اور بے جان اسماء میں بھی تذکیر و تانیث ہوتی ہے۔

☆ **مشترک**:۔ وہ اسم جو مذکر اور مؤنث کے لیے بیک وقت بولا جائے جیسے کودک، دوست، طفل، دشمن۔ ان اسماء کے بعد صفات بھی اسی زمرہ میں آتی ہیں۔ نیکاں، بداں میں نیک و بد۔ خوب و زشت۔ نیز وہ اسمائے مشتقہ جو جانداروں کے نام ہوں مثلاً دانا، بینا پرندہ،

marfat.com

درندہ یا پھر وہ اسماء جن کے آخر میں ''زادہ'' لگایا جائے جیسے برادرزادہ، پیرزادہ، اخونذادہ۔

☆ بے جان:۔ مثلاً نیکی، دروغ، رفتار، سیم، آہن، زر وغیرہ۔

گوشوارہ، مذکر، مؤنث

مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
مرد	زن	پدر	مادر
برادر	خواہر	پسر	دختر
داماد	عروس	خسر	خوشدامن
عمّو	عمّہ	دائی (ماموں)	زنِ دائی
پدرزن	مادرزن	برادرزن	خواہرزن
بابا	مامان	غلام	کنیز
بُزنر	بزماده	فرزندِ نرینہ	فرزند مادینہ
خروس (مرغ)	ماکیان (مرغی)	خال	خالہ
خادم	خادمہ	کدخدا	کدبانو
ناکُتخُدا	دوشیزہ	خُسر پورہ (سالا)	خسرپوری
دیُو	پری	خواجہ	خاتون
بیگ (صاحب)	بیگم	خان	خانم
عالم	عالمہ	گُنجشک نر	کنجشک مادہ (چڑیا)
جدّ	جدّہ	معلم	معلّمہ
حسین	حسینہ	مریض	مریضہ
عالم	عالمہ	شاعر	شاعرہ
خر	مَاچہ خر	مسافر	مسافرہ
اسپ	مادیان	زاہد	زاہدہ

marfat.com

اسم نکرہ کی اقسام

اسم ذات:۔وہ اسم جو کسی شخص یا چیز کی ذات پر دلالت کرے مثلاً احمد، زمین، درخت، صندلی وغیرہ۔

اسم ذات کی اقسام

1۔اسم مصغّر

اسم مصغر وہ اسم ہے جس میں حالت اصلی کی نسبت چھوٹائی پائی جائے اس عمل کو تصغیر کہتے ہیں اور مصغّر کا معنی ہوگا چھوٹا کیا ہوا۔اس سے معنی میں چھوٹائی پیدا ہوتی ہے مثلاً دیگ سے دیگچہ وغیرہ۔

بنانے کا قاعدہ:۔جس اسم کو مصغّر بنانا مقصود ہو اس کے آخر میں درج ذیل علامات لگائیں۔

علاماتِ تصغیر	امثلہ
چہ	دیگچہ، صندوقچہ، مورچہ، طاقچہ۔
یچہ	دریچہ، باغیچہ۔
ک	دُخترک، دُہلک، کرمَک، زاغک۔
یزہ	ناوَیزہ، مشکیزہ۔
ہ	پسرہ، دخترہ۔
و	پسرو، دخترو۔
کہ	مردکہ، زنکہ۔

اسم مصغّر کبھی محبت کے لیے بولا جاتا ہے جیسے بابا سے بَابُک (باپ) اور کبھی حقارت کے لیے بولا جاتا ہے مثلاً مردکہ۔نَفسَک

marfat.com

2۔اسم مکبّر

اسم مکبّر وہ اسم ہے جس میں اصلی حالت کی نسبت بڑائی کے معنیٰ پائے جائیں۔
بنانے کا قاعدہ:۔اسماء سے پہلے درج ذیل علامات لگا کر اسم مکبّر بناتے ہیں۔

علامات	امثلہ
شاہ،شہ	شاہسوار،شاہکار،شاہراہ،شہتیر،شہتوت۔
خر	خرمگس،خرچنگ،خرمُہرہ،خرپُشتہ۔
	خرسنگ،خرگاہ،خروار،خَراس۔
دیو	دیومردم،دیوگندم،دیوباد،دیوغار،دیوپا،دیوکمان۔

مشق وتمرین (نمبر1)

1۔بہ زبان اردو ترجمہ کنید

صندوقچہ من کجااست؟ شما درکدام کوچہ مکان گرفتہ اید؟ صدائے نیشہ ونے بسیار دلکش است۔

مرغکے بر درخت نشستہ است۔ایں شاہراہ بہ کجامی رود؟ دانہ دانہ ہمی شود خرمن۔ایں خرپشتہ بسیار بلند است۔درموسم تابستان دیو باد ہامی خیزند۔غوری وغزنوی دیومرداں راہزیمت دادند۔

2۔بفارسی ترجمہ کنید

گھر میں کوئی نہیں ہے۔جوخیانت کرتا ہے اس کا ہاتھ حساب سے کانپتا ہے۔یہ مسجد اور وہ مدرسہ ہے۔فوجیں میدان میں پہنچ گئیں۔عرب کے گھوڑے وفاداری میں مشہور ہیں۔مسافر بھوکا اور پیاسا ہے۔پھول کھلے گا۔ستارے رات کو چمکتے ہیں۔آپ کا آنا مبارک ہو۔ میں بہت مشغول ہوں۔ جی ہاں! میں انہیں خوب جانتا ہوں۔بہت بہت شکریہ۔

marfat.com

3۔اسم ظرف

اسم ظرف وہ اسم ہے جو جگہ یا وقت کا معنی ظاہر کرے۔اگر وہ اسم صرف وقت کا معنی دے تو اسے اسم ظرف زماں کہلائے گا۔جیسے صبح اینجا بودی۔امروز باراں خواہد بارید۔صبح اورامروز ظرف زماں ہیں جو وقت کو ظاہر کر رہے ہیں۔لہذا ایسے تمام اسماء جو وقت پر دلالت کریں وہ ظرف زماں کہلائیں گے اور ایسے اسماء عموماً مفرد ہوتے ہیں مثلاً

دنوں کے نام:۔جیسے جمعہ،آدینہ،شنبہ،وغیرہ۔

مہینوں کے نام:۔فروردین،اُردی بہشت،وغیرہ۔

اوقات مختلفہ

صبح،شام،چاشت،نیمروز،بامداد،امروز،فردا،شب،امشب،دیروز،پریروز،دی شب،پسِ فردا،فرداشب،پسِ پسِ فردا۔

غیر معیّن اوقات:۔حال،اکنوں،دیر،زود۔

بعض حروف کی زیادتی کے ساتھ:۔جیسے گاہ،ان،انگاہ،لگا کر جیسے سحرگاہ،صبح گاہاں،بامداداں،بہاراں،شبانگاہ وغیرہ۔

لفظ ھنگام:۔ھنگامِ شب،ھنگامِ رفتن،ھنگامِ فرصت۔

جاری زمانہ کے لیے:۔اِم لگاتے ہیں۔امسال،امروز،امشب۔

گزشتہ زمانہ کے لیے:۔پار لگاتے ہیں۔پارسال،گذشتہ روز،دیروز،دی شب۔

گذشتہ سے پچھلا:۔پیرارسال،پری روز،پری شب۔

پرسوں سے پہلے:۔دو دفعہ پری لگا کر۔پری پری روز یا شب۔

آئندہ کل:۔فردا(پرسوں کے لیے)پسِ فرداور پرسوں سے بھی پہلے پسِ پسِ فردا۔

اسی طریقہ پر شب یا سال لگا کر معنی لیا جا سکتا ہے۔

marfat.com

3۔ظرف مکان

وہ اسم ہے جو جگہ کو ظاہر کرے اور اس کا معنی دے۔جیسے کتب خانہ۔گلزار۔

(1) بعض ظرف مکاں اپنی اصلی حالت میں استعمال ہوتے ہیں جو کسی خاص جگہ یا مقام کا نام ہوتے ہیں مثلاً شہر، باغ، لانہ۔

(2) الفاظ کے آخر میں مندرجہ ذیل علامات لگا کر اسم ظرف مکاں بناتے ہیں۔

امثلہ۔

گاہ:۔بارگاہ، آرامگاہ، قربان گاہ، عیدگاہ، چراگاہ، رزم گاہ۔

خانہ:۔کتابخانہ، شفاخانہ، میخانہ، پست خانہ، شرابخانہ، آشپز خانہ۔

دان:۔قلم دان، شمع دان، گلدان، عطردان، نمک دان۔

کدہ:۔بتکدہ، میکدہ، صنم کدہ، عشرت کدہ، آتشکدہ۔

سرای:۔کارواں سرای، حرم سرای، عشرت سرای، مہمان سرای۔

زار:۔مرغزار، گلزار، لالہ زار، چمن زار، زَعفران زار۔

بار:۔رُودبار، جوئیبار، زنگبار۔

سار:۔کوہسار، سنگسار، شاخسار، نمک سار۔

ستاں:۔گلستان، خارستان، نخلستان، پاکستان، کوہستان۔

شن:۔گلشن

لاخ:۔سنگلاخ، دیولاخ۔

آباد:۔اسلام آباد، مہر آباد، مراد آباد۔

☆اسم اور امر ملا کر بھی ظرف مکاں بناتے ہیں جیسے زرخیز، بدرَو۔

☆بعض حروف جارہ بھی ظرف مکاں کا معنی دیتے ہیں۔مثلاً اندرون، بیرون، بالا، پائیں، پیش، پس، درمیان، کنارہ، نزدیک، دور، ایں سو، آں سو، اینجا، آنجا، ہر طرف۔

نوٹ:۔عربی زبان کے ظرف مکاں بھی فارسی میں اکثر استعمال ہوتے ہیں اور ان

marfat.com

کے اوزان یہ ہیں۔

۱۔ مَفعِل :۔ منزل، مشرق، مسجد، مجلس، محفل، مغرب۔

۲۔ مَفعَل :۔ مسکن، مرقد، مخزن، مکتب، مقتل، مطلع، مذبح، مطبع، منبع، مخرج۔

۳۔ مَفعَلَہ :۔ مدرسہ، مقبرہ۔

مشق وتمرین (نمبر 2)

میں کل مدینہ منورہ جاؤں گا۔ کل ہوا بہت گرم تھی۔ پچھلی رات ٹھنڈی ہوا چلی اور میں سو گیا۔ تم آج رات کہاں رہے؟ صبح سے شہر میں پھرتا رہا ہوں۔ دریائے سندھ پتھریلی اور ریتلی زمین سے گزرتا ہے۔ باغ میں پھول کھلے ہوئے ہیں۔ بارش ہو چکی ہے۔ تمام زمین پر ہر طرف سبزہ ہی سبزہ نظر آتا ہے۔ پہاڑوں پر برف پڑی ہوئی ہے۔ واہ کیا اچھا ہے سلسلۂ کوہ مری۔ یہ مسلمانوں کا ملک ہے اور اس میں بہت سی مساجد اور مزارات ہیں۔

؎ سدا پھلا پھولا رہے یارب چمن مری امیدوں کا
جگر کا خون دے دے کر یہ بوٹے میں نے پالے ہیں

؎ خون دل دے کے نکھاریں گے رخِ برگِ گلاب
ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے

marfat.com

4۔اسم آلہ

اسم آلہ وہ اسم ہے جو کسی اوزار یا ہتھیار کا نام ہو اور اس سے کوئی فعل انجام دیا جاتا ہو۔
مثلاً چاقو، تیر، سُنبہ، کلید، قفل۔

قواعد:۔ بعض اسم آلہ خود بخود رائج ہیں وہ کسی اور اسم یا فعل سے نہیں بنتے ہیں مثلاً تیر وتفنگ، تیغ وسپر، ہاون، ترازو، نَرد بان۔ ایسے تمام سماعی اسم آلہ ہوتے ہیں۔

☆ بعض اسم آلہ ایسے ہیں جو مصدر سے بنائے جاتے ہیں۔

اُستردن سے اُسترہ، مالیدن سے مالہ، کوفتن سے کُوبَہ، دمیدن سے دَمَہ، سُنبیدن سے سُنبہ، تابیدن سے تابَہ۔

(۱) تو گویا اصول یہ مستنبط ہوا کہ فعل امر واحد حاضر کے آخر میں "ہ" لگا کر اسم آلہ بنایا جاتا ہے۔

(۲) فعل امر کے آخر میں نَ بڑھانے سے جیسے سوختن سے سوزن، پرویزیدن سے پرویزن، بیختن سے بیزن۔

(۳) اسم اور امر ملا کر، جیسے جاروب، خط کش، قلم تراش، دُود کش۔

(۴) اسم کے بعد دہ لگانے سے جیسے دستہ، چشمہ۔

(۵) عربی زبان کے اسم آلہ بھی فارسی میں استعمال ہوتے ہیں، اور وہ خاص اوزان پر ہوتے ہیں۔

۱۔ مِفعَل:۔ مِسطر، مغفر، مشعل، مخلب، مشرب، مضرب، محور۔

۲۔ مِفعَال:۔ مسواک، مقراض، میزان، مضراب۔

۳۔ مِفعَلَہ:۔ مروحہ، مشربہ، مطرقہ۔

marfat.com

مشق وتمرین (نمبر3)

بزبان اردو ترجمہ کنید۔

ا۔نانِ تا بہ ثقیل می باشد۔ بمدرسہ باد بیزن می کشیدم۔ درخانہ بادکش ہمہ روز بدست من بود۔ آتشگیر بمن دہ۔ جاروب کش را بخوانید تا جاروب کند۔ دیوار را بہ مالہ لیش کنید۔ دُود کشِ آشپز خانہ خراب شد۔ پیمانہ لبالب است۔ مشاطہ مو یہائش راشانہ می کرد۔

۲۔ بزبان فارسی ترجمہ کنید۔

ورمے کا منہ ٹوٹ گیا۔ میرے چاقو کا دستہ ٹوٹ گیا۔ تالے کی چابی گم ہوگئی۔ قینچی لاؤ تا کہ اس کتاب کو درست کروں۔ لوہار دھونکنی سے آگ جلا رہا ہے۔ سوئی کا ناکہ بہت تنگ ہے۔

marfat.com

5۔اسم صوت

اسم صوت وہ اسم ہے جو کسی جاندار یا غیر جاندار کی آواز کو ظاہر کرے اور صوت کا لغوی معنیٰ آواز ہے۔ مثلاً کاغ کاغ، دُز دُز،

بعض اسمائے صوت کسی آواز کو ظاہر نہیں کرتے بلکہ وہ جانوروں کو ہانکا لگانے کے لیے مستعمل ہوتے ہیں جیسے فِش فِش۔

(چند مشہور اسمائے اصوات)

ہنسی	قہقہہ	پاؤں پٹخنا	طَرَپ طرپ
آواز	صدا، نوا، ندا	ٹوٹنا، پھٹنا	طَرَاق طراق رطراک
بلبل	چہچہہ	جانور کی ناراضگی	غُرّش
بلی	مُو مُو	چڑیا کی آواز	چاؤ چاؤ رچِیک جیک
بارش	شپاشپ	قلم کی آواز	صریر خامہ
دانت پیسنا	دُگ دُگ	کوے کی آواز	کاغ کاغ
کھانسنا	کُخ کُخ	کوئل رقمری	کُو کُو
کھٹ کھٹ	طَقْ طَقْ	کتے کی آواز	عَفْ عَفْ رعُو عُو
کراہنا	آہ آہ	بوتل صراحی	قُلقُل
کڑک	خُروش	بڑبڑاہٹ	قَت قَت
بھنبھناہٹ	دُز دُز رطنین	بلی کی دھتکار	فِش فِش
رونا	نوحہ رشیون	سیٹی	شپیل
دھاڑ	غرّیدنی	شور	غوغا
ہنہناہٹ	مَہیل	غٹ غٹ	جَرجَرہ
ہینگ رکراہنا	عَرعَرْ	مرغ کی آواز	قویقو قو
منہ کی سیٹی	نوتک	مینڈک کی آواز	قِر قِر ردَغُوغ

marfat.com

گھڑی　　تِک تِک　　ناک صاف کرنا　　فین

تنبیہ:۔اسم نکرہ کی دوسری قسم اسم استفہام کے بارے میں آپ پہلے سال، حروف کی بحث میں پڑھ چکے ہیں۔لہٰذا یہاں صرف ان کے استعمال کی مشق درج ہے۔

مشق وتمرین اسم استفہام

(۱) کدام، کہ، کرا، کیاں، انسان کی نسبت سوال کرنے کے لیے کلمات ہیں اور کیاں جمع کے لیے آتا ہے جیسے کدام ہستی؟ تو کیستی؟ کہ می گوید؟ کرا می جوئی؟ کیانند؟ (کدام اور کدا میں جاندار اور غیر جاندار دونوں میں مشترک ہے)

(۲) چہ واحد کے لیے اور چہا جمع کے لیے اشیاء کے بارے میں سوال کرنے کے لیے آتے ہیں مثلاً ایں چیست؟ چہا کردم؟

(۳) کُو اور کجا:۔یہ جگہ اور مقام کے لیے آتے ہیں، کجا میروی؟ قلمت کو؟ کجا بودید؟ مال تاں کو؟

(۴) کے:۔وقت کے لیے ہے، تو کی آمدی؟ کے نیازمند شدی؟۔

(۵) چرا و چون:۔سبب پوچھنے کے لیے آتے ہیں، چرا خاموش شدی؟ احوال شما چوں است؟

(۶) آیا، مگر:۔عام سوال کرنے کیلئے آتے ہیں، آیا اَنبہ تلخ است یا شیریں؟ مگر کور شدی؟ آیا نرفتی؟

(۷) چگونہ، چُساں، چہ، قسم، چہ طور، چوں:۔یہ کلمات کیفیت وحالات دریافت کرنے کے لیے آتے ہیں، احوال شما چگونہ است؟ حالت چُساں است؟

(چساں، چہ+ساں اور چگونہ یا چگوں، چہ+گوں، گونہ سے مرکب ہیں، ساں اور گوں کلمات تشبیہ ہیں)

☆ کو کے ساتھ فعل نہیں آتا بلکہ عموماً اس کے پہلے ضمیر متصل اسم سے ملی ہوتی ہے جیسے کتابم کو؟

marfat.com

(۸) چند، تا چند، چہ قدر:۔ مقدار کے بارے سوال کرنے کے لیے آتے ہیں۔ ایں چو ب چہ قدر سنگین است؟ حالا چند ساعت است؟

☆ تا کے اور تا چند:۔ (کب تک) گزرے ہوئے یا آنے والے زمانے کی حد در یا فت کرنے میں استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً تا چند یا تا کے آنجا بودی؟

مشق وتمرین (نمبر 4)

بزبان اردو ترجمہ کنید۔

در دستِ شما چیست؟ شما در آنجا چرا رفتہ بود ید؟ چہ دانی کہ فردا چہ حادث شود؟ فضل خدائے را کہ تو اَند شمار کرد؟ ایں کار چگوں سرانجام خواہد شد؟ در کدامیں تاریخ پاکستان بوجود آمد؟ چھد رشب گزشت است؟ شما کرا در بازار فرستادہ بود ید؟ فرزندِ شما در مکتب چساں ترقی می کند؟ من چہ دانم کہ ایشاں کیا نند؟ تو کجا رفتہ بودی و من کجا خواھم رفت؟

marfat.com

اسم صفت (اسم نکرہ کی تیسری قسم)

اسم صفت وہ اسم ہے جو کسی شخص یا چیز کی خصوصیت، کیفیت، حالت، مقدار، اور رتبہ بیان کرے۔

صفت کی کئی اقسام ہیں، صفت ذاتی یا تفضیل، صفت مقداری، صفت عددی محدود یا غیر محدود، صفت تعیینی، صفت نسبتی۔

1۔ صفت ذاتی یا تفضیلی:۔ اس کے تین درجے ہیں۔

1۔ تفضیلِ نفسی:۔ جس میں کسی دوسری چیز یا شخص کی نسبت کمی یا زیادتی نہ پائی جائے بلکہ وہ صفت اس کی ذات میں ہو مثلاً جوادِ طفلِ نیک است۔ ایں کار دشوار نیست۔

2۔ تفضیلِ بعض:۔ جس میں مقابلۃً یا نسبتاً کمی یا زیادتی پائی جائے جیسے کتابم پاکیزہ تر است۔ طیّبہ از سائرہ کوچک تر است۔

تفضیلِ کلی:۔ جس میں تمام افراد کی بہ نسبت اچھائی یا برائی زیادہ پائی جائے۔ مثلاً بد ترینِ اطفال کیست؟ کراچی بزرگ ترینِ شہر ہائے پاکستان است۔

قواعد و وضاحت:۔ تفضیل نفسی رذاتی کے الفاظ و کلمات سماعی ہیں، تفضیل نفسی کے بعد تر لگا کر تفضیل بعض بناتے ہیں اور تفضیل کلی رجنسی کے لیے آخر میں ترین لگاتے ہیں ''ترین'' کا نون ہمیشہ مکسور ہوتا ہے اور اس کے بعد ہمیشہ اسم جمع ہوتا ہے جیسے پاکیزہ ترینِ رُختہا کدام است؟ (سب سے بہتر لباس کون سا ہے)

چند الفاظ برائے امثلہ درج ہیں۔

بزرگ	بزرگ تر	بزرگ ترین
کم	کم تر	کم ترین
بد	بدتر	بدترین
بہ	بہتر	بہترین
خوب	خوبتر	خوبترین

marfat.com

☆ صفت کے ساتھ پہلے درج ذیل الفاظ بڑھانے سے بھی تفضیل کے معنی مراد لیے جاتے ہیں مثلاً

بسیار، خیلی، نہایت، بغایت، پُر، ازحد، عجب،

بسیارخوب ، خیلی قشنگ ،نہا یت ارزاں ،بغایت دلکش ،پر زور،از حدشیریں،عجب احمق۔

☆ صفت ترکیبی میں دو یا دو سے زیادہ الفاظ ملا کر صفت ترکیبی بناتے ہیں اوراس کے مختلف قواعد ہیں۔

(۱)اسم کے بعد درج ذیل الفاظ زیادہ کر کے مثلاً

آگیں، مند، ناک، گر، گار، دار، بان، ور، آور، وار، وارہ، بد، آسا، ساں، مانا، مانند، گوں، رنگ، وش، فام، ی، ہہ، ین، ینہ، انہ، گانہ۔

(۲)اسماء سے پہلے درج ذیل الفاظ بڑھا کر صفت ترکیبی بناتے ہیں۔

ہم، نا، خود، غیر، کم، بی، با، سر، پُر۔

(۳) مصدر کے آخر میں ی بڑھا کر جیسے خوردنی، سوختنی۔

(۴)اسم مفعول سے پہلے کوئی کلمہ بڑھا کر جیسے جہاندیدہ، ستم رسیدہ۔

(۵)اسم سے قبل صفتِ ذاتی بڑھا کر جیسے خوبرو، شیریں ادا، نیک فرجام۔

(۶)اسم اورامر ملا کر:۔دلکشا، عیب جو، دلآزار۔

(۷)ترکیب اضافی کوالٹا کر کے:۔وفادشمن، شکم بندہ۔

(۸)دواسموں کو باء سے ملا کر:۔خانہ بدوش، خاک بسر۔

(۹)فعل نہی سے پہلے ہیچ لگا کر:۔ہیچمدان، ہیچمیرز۔

(۱۰)فعل امر کے آخر میں الف بڑھا کر:۔دانا، بینا، گویا، روا۔

نوٹ:۔اسم فاعل، اسم مفعول اوراسم حالیہ بھی صفت کا معنی دیتے ہیں۔

2۔صفت مقداری:۔وہ صفت جوکسی چیز کی مقدار یا کمیت کوظاہر کرے صفت مقداری کہلا

marfat.com

تی ہے جیسے انگور قدرے ترش است، اندکے باش! من می آیم، ہمہ اسباب وے گم شد۔

قاعدہ:۔صفت ذاتی سے پہلے درج ذیل الفاظ لگاتے ہیں۔

چیزے، قدرے، کم، بیش، زیادہ، ہمہ، چنداں، نیم، اندک، چندیں، کم کم، تنہا۔

3۔صفت عددی:۔صفت عددی وہ صفت ہے جس میں تعداد کے معنی پائے جائیں، جیسے چہار کس نیامدہ، تمام طلبہ حاضر اند، سوم جماعت کدام است؟

نوٹ:۔اس کی بہت سی اقسام ہیں یہاں صرف دو چار کے بارے میں مختصر سی وضاحت درج ہے۔

جن الفاظ میں گنتی کے معنی پائیں جائیں انہیں اسم عدد کہتے ہیں۔اور جوان اعداد سے گنے جائیں اسم معدود کہلاتے ہیں ان دونوں کے مجموعہ کو مرکب عددی کہتے ہیں جو مرکب ناقص کی اقسام میں سے ہے۔

☆صفت عددی محدود:۔وہ صفت جس میں گنتی کی حد پائی جائے مثلاً سہ نفر بیمار اند، پنج رمیں تاریخ کدام است؟

(اس کی بہت سی اقسام ہیں مگر یہ جگہ ان کی تفصیل کی نہیں ہے)

☆صفت عددی غیر محدود:۔یہ وہ صفت ہے جس میں تعداد کی حد نہ پائی جائے جیسے ہمہ طلباء حاضر اند، ہیچکس ھنوز زکوۃ ندادہ، چند کس رفتہ اند، بعضے مردماں نماز نمیگزارند۔

معدود سے پہلے تمام، ہیچ، چند، بعض، ہمہ، کے الفاظ لگا کر صفت عددی غیر محدود کا معنی مراد لیا جاتا ہے۔

(صفت عددی محدود کی مزید اقسام)

ا۔اعداد ذاتی:۔یہ وہ اعداد ہیں جن سے صرف تعداد ذات مراد ہوتی ہے مثلاً دو، سہ، چہار، پنج، شش، وغیرہ

اعداد ترتیبی:۔یہ وہ اعداد ہیں جو تعداد کے علاوہ ترتیب و درجہ کو بھی ظاہر کرتے ہیں مثلاً یکم، دویم، سوم۔

marfat.com

اس کے بنانے کا قاعدہ آسان ہے، اسم عدد کے آخری حرف کو پیش دے کر آخر میں میم ساکن کا اضافہ کرتے ہیں اور کبھی کبھی مزید مین کا اضافہ کرتے ہیں۔ مثلاً تاریخ سوم کدام روز است؟ چارمین تاریخ کدام روز است؟

اعدادِ ضعفی :۔ یہ وہ عدد ہیں جن میں کسی چیز کا دوگنا سہ گنا پایا جاتا ہے، جیسے سہ چند، دہ چند، اس کے بنانے کا قاعدہ یہ کہ اسم عدد کے آخر میں لفظ ''چند'' زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے ہر چہ درایں جاد ہی دہ چند آں خواہی یافت، سہ چند حصّۂ خود گرفتی۔

اعداد استغراقی :۔ وہ اعداد جن میں معدود کے کل افراد مراد ہوں جیسے ہر چہار پسرانِ عثمان بہ مدرسہ رفتند، اس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ اسم عدد سے پہلے ''ہر'' کا اضافہ کرتے ہیں مثلاً ہریک بریں فیصلہ راضی است، ہر کسے را باید کہ امدادِ غرباء کند۔

4۔ صفت تعیینی :۔ اسم نکرہ سے پہلے اسم اشارہ لانے سے وصفی معنی پیدا ہو جاتے ہیں جیسے آں طفل چرا می گرید؟ ایں کس چہ می گوید؟ اس کے بنانے کا کلیہ آسان ہے، اسم نکرہ سے پہلے ایں یا آں لگانے سے بن جاتی ہے مثلاً آب ایں چشمہ شیریں است، بآں جانب ہمہ گلہائے سرخ شگفتہ است۔

5۔ صفت نسبتی :۔ صفت نسبتی وہ صفت ہے جو کسی دوسری چیز کی نسبت سے حاصل ہو، جس چیز کی جانب نسبت کی جائے وہ منسوب الیہ کہلاتی ہے، اور جس کی نسبت کی جائے وہ منسوب کہلاتا ہے،

جیسے ''قاسم عربی است'' میں قاسم منسوب اور عرب منسوب الیہ ہے اور اس کے ساتھ یائے نسبتی ہے۔

قواعد :۔ (۱) منسوب الیہ کے آخر میں اکثر و عموماً ''یاء'' کا اضافہ کرتے ہیں جیسے لاہوری، غزنوی، ایرانی، مہرانی۔

(۲) منسوب الیہ کی آخری ہ اور درمیانی ی کو گرا دیتے ہیں مثلاً مدینہ سے مدنی، قریش سے قرشی۔

marfat.com

(۳)منسوب الیہ کے آخر میں ہ ہوتو وہ بھی گر جاتی ہے، مکہ سے مکّی، بنگالہ سے بنگا لی۔

(۴)منسوب الیہ کے آخر میں الف ہوتو وہ بھی گر جاتا ہے جیسے بخارا سے بخاری۔

(۵)منسوب الیہ کے آخر میں اگر یٰ ہوتو وہ واؤ سے بدل جاتی ہے۔دہلی سے دہلوی، موسیٰ سے موسوی اور عیسیٰ سے عیسوی۔

فائدہ:۔منسوب، منسوب الیہ سے پہلے آتا ہے اور منسوب کا آخری حرف مکسور ہوتا ہے، جیسے کُلاہِ پشاوری ،سرکہَ انگوری ،شمشیرِ ہندی ،سرمۂ اصفہانی ،زمینِ بارانی، درویشِ خُراسانی۔

marfat.com

اسم مصدر (اسم نکرہ کی چوتھی قسم)

مصدر وہ کلمہ ہے جو کسی کام یا حرکت کو بیان کرے یا جس میں کرنا، ہونا یا سہنا پایا جائے لیکن اس میں کسی زمانے کا تعلق نہ ہو جیسے نوشتن، رفتن، آمدن، زدن۔

بالفاظ دیگر مصدر وہ اسماء یا کلمات ہیں جو خود کسی سے نہ نکلے یا بنے ہوں مگر افعال اور اسماء مقرّرہ قواعد کے تحت ان میں سے بنائے اور نکالے جاتے ہوں تو ایسے کلمہ کو مصدر کہتے ہیں، اور مصدر کے لغوی معنی جائے صدور رنکلنے کی جگہ کے ہیں، اس کی علامت اور پہچان آسان ہے کہ اس کے آخر میں ''دَنْ یا تَنْ'' ہوتا ہے، مگر یہ ایک عمومی قاعدہ ہے حتمی نہیں کیوں کہ فارسی میں کئی ایسے الفاظ ہیں جن کے آخر میں دن یا تن آتا ہے مگر وہ مصدر نہیں ہیں، مثلاً گردن، آبستن، وغیرہ لہٰذا مصدر کی اصل علامت اس کے آخر کا نون ہے۔

اصلی مصدر:۔ وہ مصادر جو شروع سے ہی اپنی بناوٹ وساخت کے لحاظ سے فارسی زبان میں چلے آتے ہیں اور متداول ہیں۔ لہٰذا ایسے مصادر اصلی کہلاتے ہیں۔ مثلاً کردن، خوردن۔

جعلی مصدر:۔ ایسے مصادر جو عربی الفاظ کے ساتھ ''یدَنْ'' بڑھانے سے بنتے ہیں مثلاً طلب سے طلبیدن، رقص سے رقصیدن وغیرہ۔

مرکّب مصدر:۔ اصلی مصادر کے پہلے حروف یا الفاظ بڑھا کر جو مصدر بنائے جاتے ہیں انہیں مرکب مصدر کہتے ہیں اور اصلی مصادر کو مفرد مصدر بھی کہا جاتا ہے۔ مثلاً آمدن سے برآمدن، آوردن سے برآوردن، واشدن، واکردن، بازآمدن، فروآمدن، سرافگندن، دل دادن، دست کشیدن، گام زدن، قبول کردن، تمیز کردن۔

نوٹ:۔ عربی کے تمام مصادر بھی فارسی میں استعمال ہوتے ہیں، نیز بناوٹ کے لحاظ سے مصدر کی دو اقسام اصلی اور جعلی آپ پڑھ چکے ہیں۔ مصدر مرکب اہل زبان کی پیروی و تقلید میں استعمال ہوتے ہیں۔

بلحاظ معنٰی مصدر کی دو اقسام ہیں لازم اور متعدی، پھر متعدی کی اقسام بھی بلحاظ مفعول

marfat.com

جیسے متعدی بیک یا بہ دو یا بہ سہ مفعول بھی آپ کے علم میں آ چکی ہیں، نیز متعدی مصادر کی بلحاظ بناوٹ اقسام بھی جیسے متعدّی الاصل، متعدی بالواسطہ اور متعدی المتعدی، آپ پڑھ چکے ہیں، لازم مصدر سے متعدی بنانا اور متعدی کو متعدی المتعدی بنانے کے قواعد بھی ''رہبر فارسی'' میں تحریر شدہ ہیں۔

مصادر محدودہ

1۔ لازم مصدرِ محدود:۔ یہ ایسے مصادر ہوتے ہیں جن سے مصدر متعدی بالکل نہیں بن سکتا جیسے آمدن، رفتن، ماندن، تپیدن، گشتن، شدن، ہستن، بودن، وغیرہ۔

2۔ متعدی مصدرِ محدود:۔ بعض متعدی الاصل مصادر ایسے ہوتے ہیں جن سے آگے متعدی المتعدّی مصدر نہیں بن سکتے ہیں، جیسے آوردن، گفتن، اندوختن، برداشتن، بستن، پختن، انداختن، آفریدن۔

☆ فائدہ:۔ فارسی زبان میں بعض مصادر ایسے بھی ہوتے ہیں جو ابتدا سے ہی لازم اور متعدی دونوں معنوں میں متداول ہیں۔ جیسے پختن، پیوستن، آموختن، سوختن، آمیختن، ریختن، افزودن، شگافتن، گداختن، آرامیدن، کاستن، پرداختن۔

marfat.com

اسم حاصل مصدر (اسم نکرہ کی پانچویں قسم)

حاصل مصدر وہ اسم ہے جو کسی کیفیّت ، حالت، اثر، اور نتیجہ کو ظاہر کرے یا بالفاظ دیگر جس میں مصدری معنیٰ کی کیفیت یا اثر پایا جائے، جیسے کوشش، سیاہی، گفتگو، گزارش، سوزش، وغیرہ۔

اقسام :۔ حاصل مصدر دو طرح کے ہوتے ہیں۔ اسمی اور فعلی۔

اسمی اسم سے بنایا جاتا ہے اور فعلی فعلوں سے بنتا ہے۔ یاد رہے کہ ان کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ یا کلیہ مقرر نہیں۔ اہل زبان کی پیروی میں جو عمومی اور اکثریتی انداز مترشح ہوتا ہے وہ مندرجہ ذیل قواعد سے ظاہر ہے۔

اِسمی حاصل مصدر :۔ اس کی ساخت کے لیے درج ذیل میں دھیان کریں۔

(۱) اسم یا صفت کے بعد ''ی'' بڑھا کر :۔ سبز سے سبزی، بزرگ سے بزرگی، جوان سے جوانی۔

(۲) اگر اسم کے آخر میں ''ہ'' ہو تو گی کا اضافہ ہوگا جیسے دیوانہ سے دیوانگی، بیگانہ سے بیگانگی، فرزانہ سے فرزانگی۔

نوٹ :۔ اس میں ''گی'' کے اضافہ کرنے سے اسم کے آخر سے ''ہ'' گر جائے گی۔ جیسے پروانہ سے پروانگی، بیگانہ سے بیگانگی، یگانہ سے یگانگی۔

(۳) عربی قواعد کے اسماء کے بعد ''یت'' بڑھانے سے جیسے انسان سے انسانیت، روح سے روحانیت، شریف سے شرافت، لطیف سے لطافت، اُنس سے اُنسیت۔

فعلی حاصل مصدر :۔ درج ذیل عمومی و اغلبی قواعد کے تحت لائے جاتے ہیں ان کا باریک بینی سے ادراک کریں۔

(1) ماضی مطلق مثبت واحد غائب کے آخر میں ''ار'' لگا کر۔ جیسے رفتار، کردار، گفتار، خریدار، مردار۔

(2) دو ماضی مطلق کو واؤ عطف سے ملا کر جیسے آمد و رفت، گفت و شنید، خرید و فروخت،

marfat.com

نشست و برخاست۔

(3)امر حاضر معروف واحد کا صیغہ بطور حاصل مصدر استعمال ہوتا ہے جیسے رنج، آرام، گریز، دَو، نشان، سوز، گداز، تاب۔

(4)امر حاضر معروف واحد کے بعد ہ بڑھا کر:۔خندہ، گریہ۔

(5)امر حاضر معروف واحد کے بعد ی بڑھا کر:۔خموشی۔

(6)امر حاضر معروف واحد کے بعد اک بڑھا کر:۔خوراک، پوشاک۔

(7)دو امر حاضر معروف واحد کو ملا کر جیسے سوز و گداز، پیچ و تاب، خواب و خور۔

(8)دو امروں میں پہلے کے بعد الفِ اتصال بڑھا کر:۔تگاپو، کشاکش، رواروی

(9)کبھی صرف ماضی مطلق واحد غائب بطور حاصل مصدر:۔کوفت، نشست۔

(10)ایک ہی مصدر کے امر اور ماضی ملا کر۔جیسے گفتگو، جستجو، (بغیر واوٴ عطف کے)

(11)کبھی فعل ماضی مطلق اور امر ملا کر۔جیسے بود و باش، گفت و شنید، زد و کوب۔

(12)اسم اور امر ملا کر۔جیسے دسترس، خونبار، خوں ریز، رنگریز۔

(13)ایک ہی مصدر کے امر اور نہی ملا کر۔جیسے کشمکش، خواہ مخواہ۔

(14)کبھی اسم اور ماضی مطلق ملا کر۔جیسے دست برد، نشان زد۔

(15)ماضی مطلق کے پہلے کوئی لفظ بڑھا کر۔جیسے باز دید، فرو گزاشت۔

(16)بعض حاصل مصدر مذکورہ بالا قواعد سے مستثنیٰ ہوتے ہیں اور وہ سماعی ہیں۔جیسے مردن سے مرگ، چشیدن سے چاشنی۔

(17)امر حاضر کے بعد ''شؔ'' کا اضافہ کرنے سے۔جیسے آرائش، بندش، آموزش۔

marfat.com

اسم حالیہ (اسم نکرہ کی آٹھویں قسم)

تعریف:۔اسم حالیہ وہ اسم ہے جو فاعل، مفعول، یا کسی اور اسم کی حالت بیان کرنے کے لیے آتا ہے لہٰذا یہ فعل اور صفت دونوں کو بیک وقت شامل ہوتا ہے۔جس کی حالت بیان کی جائے وہ ذوالحال ہوتا ہے اور جو اسم حالت بیان کررہا ہو اسے حال یا اسم حالیہ کہتے ہیں۔

جیسے زن فریاد کناں پیش حاکم رفت، اس میں زن ذوالحال فریاد کناں حال اور اسم حالیہ ہے۔(ترجمہ، عورت فریاد کرتی ہوئی حاکم کے پاس گئی)

قاعدہ:۔فعل امر حاضر معروف واحد کے بعد ''اں'' بڑھا کر۔جیسے گریاں، نالاں، غرّاں، خنداں، لرزاں، رواں، دواں۔

فائدہ:۔کبھی کبھی اسم حالیہ سے قبل کسی اسم کی زیادتی بھی کردی جاتی ہے مثلاً گریہ کناں، فریاد کناں، زاری کناں۔

مشق وتمرین (نمبر5)

☆ایں فقرات رابالفاظ خود ترجمہ وانشاء کنید۔

(۱) بچہ روتا جا رہا تھا۔میں خوش خوش ہنستا مسکراتا دارالعلوم بھیرہ میں آیا۔مجھے سزامت دو کہ میں عذر لے کر آیا ہوں۔شہاب ثاقب ٹوٹتے ہوئے زمین پر گرتے ہیں۔ میں ٹکٹکی لگا کر پھول بکھیرے تیرا منتظر ہوں۔آ بھی جا! کہ دل بے قرار سنبھالے نہ سنبھلے۔

(۲) فیل دماں وخروشاں سُوئے من می آمد۔دزدترساں ولرزاں گریختہ بود۔ روباہ افتاں وخیزاں بردہن غار رسید۔اسپ تازی رقصاں، جہاں، دواں دواں پیش من گزشت۔دم بریدہ شیر غرّاں سوئے من آمد ومن ترساں، ولرزاں ودواں بالائے بام رفتم۔

تنبیہ:۔کبھی فارسی کا اسم فاعل اور اسم مفعول بھی اسم حالیہ کا معنی دیتے ہیں جیسے اسپ دُم بریدہ بود۔مَن پیشت عذرخواہ آمدم۔احمد سرنگوں رفتہ است۔شخصے راسوارِ پلنگ دیدہ ام۔

marfat.com

اسم حالیہ (اسم نکرہ کی آٹھویں قسم)

تعریف:۔اسم حالیہ وہ اسم ہے جو فاعل، مفعول، یا کسی اور اسم کی حالت بیان کرنے کے لیے آتا ہے لہٰذا یہ فعل اور صفت دونوں کو بیک وقت شامل ہوتا ہے۔جس کی حالت بیان کی جائے وہ ذوالحال ہوتا ہے اور جو اسم حالت بیان کررہا ہو اسے حال یا اسم حالیہ کہتے ہیں۔

جیسے زن فریاد کناں پیش حاکم رفت، اس میں زن ذوالحال فریاد کناں حال اور اسم حالیہ ہے۔(ترجمہ، عورت فریاد کرتی ہوئی حاکم کے پاس گئی)

قاعدہ:۔فعل امر حاضر معروف واحد کے بعد ''اں'' بڑھا کر۔جیسے گریاں، نالاں، غرّاں، خنداں، لرزاں، رواں، دواں۔

فائدہ:۔کبھی کبھی اسم حالیہ سے قبل کسی اسم کی زیادتی بھی کردی جاتی ہے مثلاً گریہ کناں، فریاد کناں، زاری کناں۔

مشق وتمرین (نمبر5)

☆ایں فقرات رابالفاظ خود ترجمہ وانشاء کنید۔

(۱) بچہ روتا جا رہا تھا۔میں خوش خوش ہنستا مسکراتا دارالعلوم بھیرہ میں آیا۔مجھے سزامت دو کہ میں عذر لے کر آیا ہوں۔شہاب ثاقب ٹوٹتے ہوئے زمین پر گرتے ہیں۔ میں ٹکٹکی لگا کر پھول بکھیرے تیرا منتظر ہوں۔آ بھی جا! کہ دل بے قرار سنبھالے نہ سنبھلے۔

(۲) فیل دماں وخروشاں سُوئے من می آمد۔دزدترساں ولرزاں گریختہ بود۔ روباہ افتاں وخیزاں بردہن غار رسید۔اسپ تازی رقصاں، جہاں، دواں دواں پیش من گزشت۔دم بریدہ شیر غرّاں سوئے من آمد ومن ترساں، ولرزاں ودواں بالائے بام رفتم۔

تنبیہ:۔کبھی فارسی کا اسم فاعل اور اسم مفعول بھی اسم حالیہ کا معنی دیتے ہیں جیسے اسپ دُم بریدہ بود۔مَن پیشت عذرخواہ آمدم۔احمد سرنگوں رفتہ است۔شخصے راسوارِ پلنگ دیدہ ام۔

marfat.com

اسم معاوضہ (اسم نکرہ کی نانویں قسم)

اسم معاوضہ وہ اسم ہے جو کسی خدمت یا محنت کے بدلے بطور معاوضہ کے نام ہو جیسے رنگ۔

نوٹ:۔ حقیقت میں اسم معاوضہ، اسم حاصل مصدر کی ہی ایک قسم ہے کیوں کہ گرامر کی کتب میں اس کا ذکر علیحدہ کیا گیا ہے اس لیے یہاں بھی اسے اسم نکرہ کی ایک مستقل بالذّات قسم کے طور پر ذکر کر دیا گیا ہے۔

اس کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ کلیہ نہیں ہے۔ اکثر حاصل مصدر کو اس معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مزدوری، کرایہ، عوض، بہا، اُجرت، محنتانہ۔

امثلہ:۔ مزد آں گرفت کہ کار کرد۔ ؎ رحمت حق بہانہ می جوید بہا، نہ می جوید۔ کرایہ تا کسی تا چند است؟ مکان و دکان برائے کرایہ خالی است۔ بعوض ایں یک دام نگیرم۔ شما محنت و مزدوری خوب کردہ۔ محنتانہ و اجرتِ شما حق تست۔ رنگ لباس خیلے ارزاں بود۔

marfat.com

مستثنیٰ، مُستَثنیٰ منہ کا بیان

ایک چیز یا شخص کو دوسروں سے علیحدہ کر دیتے ہیں یا وہ ایک حکم سے خارج ہوتے ہیں۔ اس حالت یا کیفیت کو استثناء کہتے ہیں۔ جن کو علیحدہ یا خارج کیا جائے وہ مستثنیٰ اور جن یا جس سے خارج یا علیحدہ کیا جائے انہیں مستثنیٰ منہ اور جن حروف کے ساتھ یہ استثناء ہوتی ہے انہیں حروف استثناء کہتے ہیں۔ مثلاً سوائے قاسم ہمہ رفتہ اند، اس جملے میں سوائے حرف استثناء قاسم مستثنیٰ اور ہمہ مستثنیٰ منہ ہے اور رفتن حکم ہے۔

حروف استثناء:۔ الّا، بغیر، بجز، غیر، جز، مگر، اما، سوائے، ماسوائے، ورائے، ماورائے۔

قاعدہ:۔ حرف استثناء مستثنیٰ سے پہلے لگائیں۔ اور مستثنیٰ منہ بعد میں لائیں۔

(اضافت لائے بغیر) مگر بغیر، سوائے، ماسوائے، ورائے، کے ساتھ اضافت ہوگی۔

''الّا'' اور ''مگر'' کی صورت میں مستثنیٰ منہ پہلے اور مستثنیٰ بعد میں آئے گا۔

فائدہ:۔ بغیر، جز، غیر کے ساتھ ''از'' کا استعمال بھی جائز ہے۔

امثلہ:۔ بجز ابراھیم ہمہ طلبہ حاضر اند۔ ہمہ طفلاں حاضر اند الّا (یا مگر) زبیر۔ جز از تو دیگر کہ باشد کہ ایں کار کند۔ بغیر از تو دیگراں را محال است ایں شوخی کنند۔

مشق وتمرین (نمبر 6)

چراغ روشن کردہ ام اما روشنی کمتر می دھد، بغیر خفّاش ہمہ پرندگاں تخم می نہند، ماسوائے غم والم چیزے ندارم، سوائے خدا پشت پناہِ غریباں کیست، ورائے تو دیگرے ندارم، ہمہ مردماں بکار رفتند مگر آں پیرہ زن، ہمہ طلبہ بہ مسجد رفتند الّا ادریس۔

marfat.com

چند حروف تہجی کا استعمال

یہ حروف درمیان کلام اپنا معنی ادا کرتے ہیں۔ان میں سے ایک ایک حرف متعدّد معانی پر دلالت کرتا ہے۔ان معانی کا گہرا ادراک فارسی دانی میں ازبس مفید ہے۔

بیان الف:۔حرف الف درج ذیل معانی ادا کرتا ہے۔

(۱) ندا کے لیے:۔خدایا تقصیرم بہ بخش۔(اے خدا میری غلطی معاف فرمادے)

(۲) دعا کے لیے:۔خدا عمرت دراز کناد۔(خدا تیری زندگی دراز فرمائے)

(۳) اتّصال کے لیے:۔گلہائ رنگا رنگ شگفتہ است۔(رنگ برنگے پھول کھلے ہیں)

(۴) تکمیل ظرف وکیف:۔جام لبالب است۔سراسر دروغ گوہستی۔

(۵) زیادتی معنی:۔بسا آرزو کہ خاک شدہ۔(ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے)

(۶) تعظیم کے لیے:۔آہستہ پابنہ غالبا خوابیدہ است۔(ذرا دھیرے دھیرے غالب سویا ہوا ہے)

(۷) فاعلیّت کے لیے:۔توانا بود ہر کہ دانا بود۔(دانا ہی قوی ہوتا ہے)

(۸) حسرت وتاسّف کے لیے:۔دردا کہ رازِ پنہاں، خواہد شد آشکارا۔(دردِ دل کا راز کھل جائے گا)

(۹) زائدہ اسم میں:۔اسکندر یونانی فاتح بزرگ بود۔حرام خوار رانجات نیست۔

(۱۰) زائدہ فعل میں:۔گفتند بیمارِ غم راچہ حال است؟ گفتا ایں نخواہد زیست۔(نہیں بچے گا)

(۱۱) عطف کے لیے:۔شبا روز کار کردم۔(دن رات میں نے کام کیا)

(۱۲) قسم کے لیے:۔ربآ دروغ نمی گویم۔

(۱۳) مفعولیت کے لیے:۔تحفہ ء درویش برگ سبز است، پزیراباد۔(قبول

marfat.com

فرمائیں)۔

(۱۴)صفت کے لیے:۔ناقہ ءزیباستی تیز ترک گام زن۔(تو خوبصورت اونٹنی ہے ذرا تیز چل)

(۱۵)اِشباع کے لیے:۔دامانِ نگاہ تنگ وگلِ حسنِ تو بسیار۔(میرا دامن تنگ نکلا ورنہ تیرے حسن کی خیرات تو عام ہے)

(۱۶)بدلِ تنوین:۔من ازیں اصلاً خبر ندارم۔(مجھے اس کی بالکل خبر نہیں)

(۱۷)لیاقت کے لیے:۔پذیرا سخن بود،شد دل پسند۔(بات عمدہ تھی پسند آئی)

(۱۸)طرف کے لیے:۔سرازیر کردہ بر درخت آویختند۔(سر نیچے کیے وہ درخت سے لٹک گئے)

(۱۹)ہے کے معنی میں:۔زودا کہ کشورِ ما محکم تر شود۔(امید ہے جلدی ہمارا ملک مضبوط تر ہو جائے گا)

فائدہ:۔فعل مضارع یا امر میں جب پہلا حرف الف ہوتا ہے تو ''ب'' زائدہ بڑھاتے وقت اس الف کو گرا دیتے ہیں۔مثلاً افروز سے بیفروز۔''از'' حرف جار کا الف بھی اکثر حذف کر دیتے ہیں مثلاً کز اصل میں کہ+از ہے اور وَز اصل میں و+از ہے۔زو اصل میں از+او ہے اسی طرح ''اگر'' حرف شرط کا الف بھی گرا دیتے ہیں اور گر پڑھتے ہیں۔

marfat.com

بیان ''ب''

حرف باء درج ذیل معنوں میں استعمال ہوتی ہے۔

(۱) کو، کے معنی:۔ نامہ بہ رئیس مدرسہ دادم۔ (میں نے ہیڈ ماسٹر کو خط دیا)

(۲) قسم کے لئے:۔ بخدا راست می گویم۔ (قسم بخدا سچ کہتا ہوں)

(۳) وجہ یا سبب کیلئے:۔ اورا بدزدی گرفتند۔ (انہوں نے اسے چوری کی وجہ سے گرفتار کیا)

(۴) عوض کے معنی میں:۔ ایں قلم بدوازدہ روپیہ خریدم۔ (یہ قلم میں نے بارہ روپوں میں خریدا)

(۵) معیّت کے لئے:۔ بہوش باش! کہ راہ تنگ است۔ (ہشیار! راستہ تنگ ہے)

(۶) میں کے معنی میں:۔ دیوانہ بکارِ خویش ہشیار۔ (پاگل اپنے معاملات میں مثل ہوشیار و عقلمند ہے)

(۷) پر کے معنی میں:۔ دیوانہ خاک بسر می ریخت۔ (پاگل سر پر پٹی ڈال رہا تھا۔)

(۸) مقدار و حساب کے معنی میں:۔ بسیر می خرد و بہ من می فروشد۔ (سیر سے لینا اور من سے بیچنا)

(۹) الفاظ کو ملانے کے لیے:۔ گدا خانہ بخانہ می گردید۔ (گدا گر گھر گھر گھومتا ہے)

(۱۰) طرف یا جانب کے لیے:۔ ترسم بکعبہ نرسی اے اعرابی! (کعبہ کو)

(۱۱) غرض و غایت کے لیے:۔ بطواف کعبہ می روم۔ (طواف کے لیے)

(۱۲) مطابقت اور موافقت کے لیے:۔ بروایتِ محدّثین ایں واقعہ تصدیق شدہ است۔

marfat.com

(۱۳)قرب ونزدیک کے لیے :۔گدائے بشاہے رفت ۔(فقیر بادشاہ کے پاس گیا)

(۱۴)مانند کے معنی میں :۔کسی بصورت تو در جہاں نیست ۔(تیری مثل)

(۱۵)توسّل وطفیل کے معنی میں :۔خدایا! بحقِ بنی فاطمہ ۔(کے طفیل یا وسیلے سے)

(۱۶)مدد کے معنی میں :۔بہ تیغ مجاہداں و بہ ذوالفقار حیدری قلعہء خیبر فتح شد۔ (کی مدد سے)

(۱۷)اضافت کے لیے :۔زرداری بزور محتاج نہ ۔(طاقت کا)

(۱۸)بطور حرف زائدہ :۔بجز ایں نکتہ یاد ندارم ۔بگفتم مزد بگیرو برو۔(اس بات کے سوا مجھے کچھ یاد نہیں ۔میں نے کہا اجرت لو اور اپنا راستہ ناپو!)

(۱۹)تک/انتہاء کے معنی میں :۔مرض بہلاکت رسانید۔(موت تک)

(۲۰)قابلیت واہلیت کے معنی میں: درد بدرماں نماندہ است ۔(علاج کی وجہ سے)

(۲۱)رُخ رَبُل کے لیے :۔بگردن فتد سرکشِ تندخو۔(سر کے بل)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

marfat.com

بیان ''ک''

(۱) بیان/وضاحت کے لیے:۔ نخست وزیر گفت کہ حالا پاکستان محکم تر شدہ است۔ (پہلے وزیر نے کہا کہ اب پاکستان بہت مستحکم ہو گیا ہے)

(۲) سوالیہ:۔ توئی خانہ کیست؟ اندر۔ (گھر میں کون ہے)

(۳) صلہ کے لیے:۔ دوست آں باشد کہ گیرد دستِ دوست، در پریشان حالی و درماندگی! (دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے)

(۴) علّت وسبب کے لیے:۔ جفا مکن کہ ایں عادت بد است۔ (جفا نہ کر کہ یہ بری عادت ہے)

(۵) تا کہ کے معنی میں:۔ اے بے خبر بکوش کہ صاحبِ خبر شوی۔ (حرف تحذیر کے طور پر تا کہ)

(۶) بلکہ کے معنی میں:۔ نہ سگ دامنِ کاروانی درید، کہ دہقانِ ناداں کہ سگ پرورید۔

(۷) یا/تردید کے معنی میں:۔ دروغ کہ گفت؟ تو کہ من۔

(۸) تصغیر کے لیے:۔ مُوشک توی بستر خزید۔ (چوہا)

(۹) مبالغہ کے لیے:۔ تیز ترک گامزن منزل ما دور نیست۔

(۱۰) نفی کے معنی میں:۔ مشک بہتر کہ یک تودہ ءگلِ۔

(۱۱) تشبیہ کے لیے:۔ نکوئی با بداں کردن چناں است کہ بد کردن بجای نیک مرداں۔ (جیسے)

(۱۲) نتیجہ کے لیے:۔ نیکی کن کہ بعد از مرگ ترا بہ نیکی یاد کنند۔ (انجام کار با لآخر)

(۱۳) دفعتاً/اچانک کے معنی میں:۔ کنارِ رود نشستہ بودیم کہ کشتی در رسید۔ (یکا یک، اچانک)

marfat.com

(۱۴)جملہ معترضہ کے معنی میں:۔اقبالؔ کہ خدا بیامرزد،خوب مردی بودہ است۔

(۱۵)از کے معنی میں:۔پای در زنجیر پیشِ دوستاں بہ کہ با بیگا نگاں در بوستان۔(سے۔بہ نسبت)

(۱۶)دعا کے لیے:۔چہ خوش گفت فردوسیٔ پاک زاد کہ رحمت براں تربتِ پاک باد۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

marfat.com

بیان ''ی''

(۱) نسبت کے لیے:۔ ایرانی وتورانی مباش۔ مسلمان باش۔

(۲) مخاطب کے لیے:۔ چوں تو نگر شوی مست نگر دی مردی! (تو پھر جوانمرد کامل انسان ہے)

(۳) حاصل مصدر اسمی:۔ در جوانی توبہ کردن شیوۂ پیغمبری۔

(۴) قابلیت و اہلیت:۔ قاتل کشتنی است۔ دزد قابلِ گردن زدنی است۔ (سزاوار حقدار، مستحق)

(۵) متکلم کے لیے:۔ مخدومی! از ملاقاتِ سرکار شرفیاب نشدم۔ (مشرّف نہ ہوا)

(۶) فاعلیّت کے لیے:۔ غُوغائی بسزا رسانیدہ شد۔ (شور مچانے والا)

(۷) تنکیر و وحدت کے لیے:۔ شاگردے پیشِ آموزگارے دست بستہ حاضر بود۔ (استاد کے سامنے)

(۸) موصول کے لیے:۔ مردی کہ دیدی عمّوئ من بود۔ (چچا)

(۹) ماضی تمنّائی یا شرطی میں:۔ کاش نابینا دو چشم داشتے۔

(۱۰) زائدہ:۔ حضوری گر ہمی خواہی از و غافل مشو حافظ! (مقامِ حضوری)

(۱۱) اضافت کے معنی میں:۔ روئ خود را در آئینہ باید دید۔

(۱۲) قلّت کے معنی میں:۔ آبی بمن بدہ! (تھوڑا سا پانی دے دو!)

(۱۳) حقارت کے لیے:۔ عجب احمقی ہستی۔ (شُبہ! نہایت احمق ہے)

(۱۴) تعظیم کے لیے:۔ چہ خوب مردی است۔ (معزز و مکرم، ذیشان آدمی)

marfat.com

اسم ضمیر کے بارے مختصر وضاحت

ضمیر متصل صرف اسم کے ساتھ ہی نہیں لگتی۔ بلکہ حروف کے ساتھ بھی مل کے آتی ہے مثلاً کت = کہ+ات۔ کش = کہ+اش، وغیرہ

اگر کسی لفظ کے آخر میں الف یا واؤ ہو اور اس کے ساتھ ضمیر متصل بڑھانا ہو تو ضمیر سے پہلے یاء مفتوح بڑھاتے ہیں مثلاً مُوَیَش۔ نِوَایَم۔ وَفَایَت وغیرہ لیکن کبھی یہ یاء نہیں بھی بڑھاتے مثلاً بازوم، پہلو سے پہلوش وغیرہ۔

فائدہ:۔ ضمیرِ مشترک:۔ کبھی کبھی کسی کام کو اپنی ذات سے مخصوص کر کے اس میں تاکید یا زور پیدا کرنا مقصود ہوتا ہے تو اس وقت ضمائر کے ساتھ خود، خویش، خویشتن، کا اضافہ کرتے ہیں۔ اس کی بھی تینوں حالتیں آتی ہیں یعنی فاعلی، مفعولی، اور اضافی۔

فاعلی حالت:۔ اوخود یا اوخودش۔ ایشاں خود یا خودشان تو خودت۔ شما خودتاں۔ من خود۔ ما خود۔

حالت مفعولی:۔ خودرا یا خودش را۔ خودشاں را۔ خودترا۔ خودتاں را۔ خودمرا۔ خود ماں را۔

حالت اضافی:۔ کارخودش۔ کارخودشاں۔ کارخودت۔ کارخودتاں۔ کارخودم۔ کارخود ما۔

نوٹ:۔ بعض اوقات خویش اور خویشتن بھی بڑھا دیتے ہیں مثلاً او خویشتن گم است۔ چراغ راہِ خویشم وغیرہ۔

مشق وتمرین (نمبر 7)

☆ ایں فقرات را بالفاظ خود ترجمہ وانشاء کنید۔

محمود خویش را تباہ کرد۔ او خویشتن گم است کرا رہبری کند۔ شما اورا چہ گفتید؟ پدرت کجا است؟ کتابم گم شد۔ تو ایں کتاب از کجا خریدی؟ من ترا چہ گفتہ بودم۔ ایشاں اورا ملامت

marfat.com

کردند۔گفتندم ۔زود بیا۔منش ساختم رستم داستاں ۔اوکوشش بلیغ نمود۔اسمِ برادرت چیست ۔خواندمش تا سرزنش کنم ۔خواہرت گفتہ کہ او بخانہ نیست۔ برادرش اسپ خرید۔ استاد او راسزاداد ۔زانکہ سبق بخوبی چاق نہ کردہ بود۔حالا ما آرام کنیم ۔ اوگفت شما بخانہ بروید۔کارت ہنوز ختم نشدہ؟ ایشاں نزد من آمدند۔من خود اورا خواندم ۔شما خود تاں راچرا عقو بت می کنید؟ کارِ خویش بدست خویش۔پُنبہ نہادن برداغہائے دل کار خود ماست۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تنبیہ:۔اسم نکرہ کی قسم اسم صفت کے بیان میں صفت عددی کے بارے آپ پڑھ آئے ہیں۔اب یہاں اس کے بارے کچھ مزید وضاحت درج ہے۔

اعداد مکسور یا عدد کسریٰ:۔یہ وہ عدد ہے جس میں کسی چیز کی گنتی میں پورا عدد شامل نہ ہو بلکہ عدد کی کسر یا حصّہ پایا جائے جیسے آدھا 1/2، تہائی 1/3 چوتھائی 1/4۔

(۱) قاعدہ:۔پہلے کسر کے اوپر کے عدد شمار کنندہ کا ترجمہ کریں۔پھر نچلے ہندسے نسب نما کے بعد یک لگائیں۔اور اگر اوپر کا ہندسہ ایک ہو تو نچلے ہندسے کا پہلے ترجمہ کریں اور بعد میں یک لگادیں۔مثلاً 2/1 = دو یک۔3/2 دوسہ یک۔3/1 سہ یک۔5/3 سہ پنج یک۔

اور اگر کسر مرکب ہو تو پہلے صحیح کا ترجمہ کریں پھر (و) بڑھا کر پہلی گزشتہ مثالوں کی طرح پڑھیں۔مثلاً 3(3/4) سہ و سہ چہار یک۔2(2/4) دو و دو چہار یک۔8(8/16) ہشت و ہشت شانزدہ یک۔

(۲) قاعدہ:۔عدد ضعفی کے بارے آپ پڑھ چکے ہیں یہاں اس کے بارے میں مختصری وضاحت مزید درج ہے۔وہ عدد جس میں کسی چیز کو ایک یا ایک سے زیادہ بار پڑھا جائے یا بیان کیا جائے اسے عدد ضعفی کہتے ہیں۔دوگنا۔سہ چند۔فارسی میں عدد ذاتی کے بعد چند۔ تا۔ برابر۔بڑھا کر پڑھتے ہیں۔دوچند سہ چند۔چہارتا، ہفت برابر۔

(۳) اسمائے معیّت یا ردیف اعداد:۔بعض ایسے الفاظ ہیں جو گنتی کے وقت خاص خاص اسموں کے ساتھ لکھے جاتے ہیں اگرچہ ترجمہ کے وقت ان کے معانی نہیں لئے جاتے

marfat.com

ہیں۔

ایسے اسماء کو ردیف اعداد یا اسمائے معیّت کہتے ہیں۔ یا بالفاظ مختصر جو اسمائے اعداد کے پیچھے لگ کر مطلق عدد کا معنی دیتے ہیں جیسے دو نفر مزدور۔ پنج زنجیر فیل۔ نفر اور زنجیر اسمائے معیت یا ردیف اعداد ہیں۔

عام مستعمل اسمائے معیّت

(۱) زنجیر:۔ ہاتھی کے لیے جیسے پنج زنجیر پیل۔

(۲) راس:۔ جمّال اور ممالیہ جانوروں کیلئے۔ سہ راس گاؤ۔ یک راس گاؤ میش۔

(۳) طاقہ:۔ کپڑوں کے تھان کے لیے۔ دو طاقچہ زربفت۔

(۴) جِلد:۔ کتابوں کے لیے۔ دو ہزار جلد کتاب است۔

(۵) جُفت:۔ جراب۔ جوتوں اور جسم کے جوڑوں کیلئے۔ ہفت جفت جراب۔

(۶) مُبلغ:۔ روپیہ۔ اشرفی وغیرہ کے لیے۔ مبلغ سہ صد روپیہ۔

(۷) مَوَازِیْ:۔ آنہ۔ ٹکہ۔ سیر۔ من۔ بیگھے۔ کنال۔ کے لیے موازی شش آنہ۔

(۸) نَفَر:۔ مزدور۔ خدمت گار۔ غلام کے لیے۔ سہ نفر غلام۔

(۹) مُہار:۔ اونٹ کے لیے۔ چہار مہار شتر۔

(۱۰) دانہ:۔ موتی اور پھلوں کے لیے۔ پنج دانہ انار۔ دو دانہ زمرّد۔

(۱۱) عدد:۔ عام اشیاء کے لیے اس کا استعمال کثیر ہے۔ سہ عدد چاقو۔

(۱۲) ضرب:۔ توپ یا بندوق کے لیے۔ یک ضرب توپ۔

(۱۳) قبضہ یا حمائل:۔ خنجر کے لیے قبضہ اور شمشیر کے لیے حمائل ہے۔ پنج قبضہ خنجر۔ چار حمائل شمشیر۔

(۱۴) دستہ:۔ باز اور شاہین کے لیے۔ دو دستہ باز۔

(۱۵) شاخ:۔ آہو، ہرن۔ یک شاخ آہو۔

(۱۶) لگام:۔ گھوڑا:۔ یک لگام اسپ۔

marfat.com

(۱۷)قِطعَہ :۔اشٹام اور وثیقات کے لیے۔ یک قطعہ سند۔

(۱۸)در:۔گھر اور کمروں کے لیے:۔دو در خانہ۔

(۱۹)قِلا دَہ:۔کتے وغیرہ کے لیے۔سہ قلادہ سگ۔

(۲۰)مِیل :۔دیا سلائی کے لیے۔سہ میل کبریتِ فرنگی۔

فائدہ:۔مبلغ اور موازی عدد سے پہلے اور باقی ردیف عدد کے بعد آتے ہیں۔ان کے علاوہ اہل زبان نے بہت سے اسمائے معیّت استعمال کئے ہیں خوفِ طوالت کے سبب انہی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

اہم فائدہ:۔لمبے اور بڑے اعداد پڑھنے کے لیے آسان طریقہ ہے۔ہزار کے لیے ہزار لاکھ کے لیے لکّ ۔کروڑ کے لیے کرور وغیرہ اور شمار کرتے وقت پہلے بڑے درجے پھر چھوٹے اور پھر سب سے چھوٹے لاؤ اور واؤ کے ساتھ ملاتے جاؤ مثلاً ۵۲،د کو پانصد و بست و پنج۔۷۸۶ کو ہفت صد و ہشتاد و شش۔ ۵۶۳۲ کو پنج ہزار و شش صد و سی و دو۔

فائدہ ☆ اسی طرح اعداد ترتیبی کو اسم عدد ذاتی کے بعد ''م'' یا ''میں'' لگا کر پڑھا جاتا ہے۔
یکم۔دوم، چہارم۔پنجمین۔ ششمین۔

اہم فائدہ ☆ صدی والے اعداد یوں پڑھے جائیں گے جیسے دس فیصدی کو صدی دہ یا دہ درصد، پندرہ فیصدی کو صدی پانزدہ یا پانز دہ درصد ۔ سو فیصدی کو صدی صد یا صد در صد پڑھیں گے۔

marfat.com

فعل ناقص وتام

ناقص کا معنی ادھورا اور تام کا معنی پورا کے ہیں۔ فعل ناقص وہ فعل ہے کہ جب تک اس کے ساتھ اور دو اسم نہ ملائیں جائیں وہ اپنا معنی ادا نہیں کرتا۔ اور پوری بات سمجھ نہیں آتی ہے۔ مثلاً ادریس ذہین است۔ اس میں است فعل ناقص ہے ادریس اور ذھین کے الفاظ نے اس کو بامعنی بنا دیا ہے۔

افعال ناقصہ درج ذیل ہیں۔ است، نیست، شد، بود، گشت، گردید، برآمد۔ ان کے مصادر، ان کے مشتقات اور یہ افعال ناقصہ کلمات ربط بھی کہلاتے ہیں۔ کیوں کہ یہ دو اسموں کو ملاتے ہیں۔ کسی واقعہ یا خبر کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ ان میں کام کرنا نہیں، ہونا، پایا جاتا ہے۔ چنانچہ جس کے متعلق کوئی بات کہی جائے اس کو اسم یا مبتداء اور جو بات کہی جائے اسے خبر اور ان کو ملانے والے کلمہ کو ربط یا فعل ناقص کہتے ہیں۔ اسی ترتیب سے ان کو مسند الیہ، مسند اور فعل ناقص بھی کہتے ہیں مثلاً دل غم ناک است۔ دل مسند الیہ مبتدا یا اسم غمناک مسند یا خبر اور است فعل ناقص یا کلمۂ ربط ہے۔

امثلہ:۔ است۔ غلہ گران است۔ (غلہ مہنگا ہے)

نیست:۔ رانا ادریس در خانہ نیست۔ (رانا ادریس گھر پر نہیں ہے)

بود:۔ تمام شب بیدار بودم۔ (تمام رات بیدار رہا ہوں)

شُد:۔ بچّہ گم شد۔ (بچہ گم ہو گیا)

گشت:۔ چراغ روشن گشت۔ (بتّی جل اٹھی)

گردید:۔ جواد تونگر گردید۔ (جواد مالدار ہو گیا)

برآمد:۔ آفتاب برآمد۔ (سورج نکل آیا)

فائدہ:۔ جب است یا بود کسی فعل تام کا جزو ہوتے ہیں تو پھر یہ فعل ناقص کا معنیٰ نہیں دیتے ہیں مثلاً گفتہ است یا رفتہ بود وغیرہ۔

marfat.com

☆ فعل تام:۔ وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا پایا جائے اور اس میں زمانہ بھی پایا جائے۔ یہ مفرد بھی ہوتا ہے اور مرکب بھی۔ یہ فعل تنہا ایک فعل کو ظاہر کرتا ہے اور صرف ایک اسم کے لانے سے بھی اپنا معنی واضح اور پورا ادا کر دیتا ہے۔ مثلاً نوشت، آمدہ است، کردہ بود، خوردہ باشد، می رفتم، خواہم رسید، می گوئم بنشیں، مجود غیرہ۔

فائدہ:۔ فعل تام مثبت ہوتا ہے یا پھر منفی۔ مثلاً نور العارفین بمدرسہ نرفت۔ اس میں مدرسہ جانے کی نفی کی گئی ہے انور از لاہور آمد۔ اس میں آمد کا ثبوت ہے۔

تنبیہ:۔ منفی اور نہی کا فرق ملحوظ خاطر رہنا چاہیے۔ نہی میں کسی کام سے روکا جاتا ہے اور منع کیا جاتا ہے۔ جیسے مَرَو، مَیَا، مَرَنج۔

امثلہ:۔ بندہ خبر ندارم۔ جمعہ روزِ رخصت است۔ تو بازار مَرَو ایں خبر تازہ است ایں عجب نیست طفل دروغ نمیگوید۔

قواعد:۔ فعل ناقص کے شروع میں نہ کا اضافہ کرنے سے اور فعل تام میں بھی صرف نہ کا اضافہ شروع میں کرنے سے منفی بنتے ہیں۔

رفت (مثبت)	نرفت (منفی)	است (مثبت)	نیست (منفی)
می رفت (مثبت)	نمی رفت (منفی)	آید (مثبت)	نیاید (منفی)
ہمی کند (مثبت)	نمی کند (منفی)	خواہد آمد (مثبت)	نخواہد آمد (منفی)

marfat.com

فعل معاون

فعل معاون وہ فعل ہے جو دوسرے فعل کے ساتھ مل کر اس کی مدد کرے۔ اسے امدادی فعل بھی کہتے ہیں۔ اور تائیدی بھی۔ دوسرا فعل مستقل ہوتا ہے اور اسی کے معنوں میں زمانہ کے لحاظ سے تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔

فعل معاون درج ذیل ہیں۔ است، بود، شد، خواہد، توانستن، بائستن، شائستن، یا رَستَن، اور ان سب کے مشتقات۔

(است بود شد فعل ناقص بھی ہیں) مگر فعل معاون میں فعل تام کے جز کے طور پر آتے ہیں اور فعل معاون کا معنی ادا کرتے ہیں مثلاً زید نمی تواند خواند۔ اس جملے میں تواند فعل معاون ہے جو خواند کی مدد کر رہا ہے۔ (زید نہیں پڑھ سکتا)

استعمال کے قاعدے:۔ (۱) فعل معاون کا ترجمہ کرتے وقت ماضی مطلق کے پہلے یا مصدر مطلوبہ کے بعد مندرجہ بالا مصادر سے وہی فعل بنا کر لگاؤ جیسے ''انور نوشتن نمی تواند یا پھر انور نمی تواند نوشت''۔ ''می خواہم کہ بسیر باغ می روم'' (انور لکھ نہیں سکتا) (میں چاہتا ہوں کہ باغ کی سیر کو جاؤں)

۲: توانستن یا یارستن کسی کام کے ممکن الوقوع ہونے کے بارے میں مستعمل ہوتے ہیں۔ جیسے توانست گفت یا توانست کہ گوید (وہ بول سکتا ہے)

نیارست گفت یا نیارد گفت اور نیارد کہ گوید (منفی) (وہ نہیں بول سکتا)

تنبیہ: بائستن اور شائستن بھی فعل معاون ہیں یہ چاہیے کے معنیٰ میں مستعمل ہوتے ہیں۔ اور مذکورہ بالا افعال سکنا کے معنیٰ میں استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً بائستن اور شائستن فرض کی ادائیگی کیلئے۔ مناسب اور نا مناسب کام ظاہر کرنے کے لئے۔ ضرورت کے لئے اور ارادہ ظاہر کرنے کے لئے آتے ہیں۔ ان کا استعمال کرنے کیلئے دونوں کی ماضی، مطلوبہ افعال کی ماضی کے ساتھ لگائی جاتی ہے یا پھر حرف ''کہ'' بڑھا کر مطلوبہ فعل کا مضارع لایا جاتا ہے نیز

marfat.com

اکثر اسکے ساتھ ضمیر منفصل حالت مفعولی میں استعمال کی جاتی ہے۔

مثلاً ماضی مطلق

اورا بائست گفت یا اورا شائست گفت اسے بولنا چاہئے۔

فعل مضارع

اورا باید کہ گوید یا اورا شاید کہ گوید۔

اورا باید کرد یا اورا شاید کرد

اسے کرنا چاہیے۔اسے بولنا چاہیے۔

کبھی ماضی مطلق کی بجائے مصدر کا استعال بھی کرتے ہیں مثلاً

راہِ کج نشاید رفتن۔ برسرِ راہ نباید نشستن (ٹیڑھے راستہ پر نہیں چلنا چاہیے)

کارِ امروز بہ فردا نباید گزاشت۔شمارا باید کہ بروقتِ معیّن برسید۔دنیا اعتماد را نشاید۔

مشق وتمرین (نمبر ۸)

(ملاحظہ کنید!)

میں یہ کام نہیں کرسکتا۔من ایں کار نتوانم کرد۔

آج احمد تمہارے ساتھ نہیں جا سکتا کیونکہ اس کا پاؤں درد کرتا ہے۔احمد امروز با شما نتواند رفت زیرا کہ پائیش دردمی کند۔

میں تمہارا خط نہیں لکھ سکتا اس لئے کہ میرا لکھا ہوا کوئی دوسرا نہیں پڑھ سکتا۔من خط نتوانم نوشت زانکہ نوشتۂ من دیگرے نمی تواند خواند۔

تم لکھنا نہیں جانتے کیا۔کہ بے علم خدا کو نہیں پہچان سکتا۔شما نوشتن نتوانید؟ کہ بے علم نتواں خدارا شناخت۔

خدا کی نعمتوں کو کون گن یا شمار کرسکتا ہے۔فضل خدائے را کہ تواند شمار کرد۔

ارشد کسی طرح بھی یہ کام نہیں کرے گا۔ارشد ہیچ گونہ ایں کار نخواہد کرد۔

کون سلامت ہو کر گوشہ میں بیٹھ سکتا ہے۔کہ یارد بہ کنجے سلامت نشست۔

marfat.com

راہ میں بزرگوں کے آگے نہیں چلنا چاہیے۔ درراہ پیشِ بزرگاں نبایدرفت۔
کسی کے ساتھ برائی نہیں کرنی چاہئے۔ بہ کسے بدکردن نشاید۔
تو مکہ ومدینہ جانا چاہتا ہے۔ می خواہی کہ بمکہ ومدینہ روی۔
اس سفید داڑھی کے ساتھ تجھے جھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔ ترا بایں ریشِ سفید دروغ گفتن نشاید۔
ادریس تم کب تک وطن کولوٹو گے۔ ادریس! شما تا کے می توانید کہ بہ مَیْھَنْ باز گردید؟
محمد شاہ جتنا لشکر کہ ہوسکا جمع کر کے کرنال کے صحراء میں نادرشاہ کے مقابلے میں لے آیا۔ محمد شاہ ہرقدر لشکر کہ توانست بمقابلہ نادرشاہ درصحرائے کرنال جمع آورد۔
ماں باپ کو چاہیے کہ اولاد کی تربیت اچھی طرح کریں۔ والدین رابایدکہ تربیتِ اولاد خوب کنند۔

متفرق معانی میں افعال کا استعمال

(ا) افعال رخصتی

دینا کے مشتقات اس کی پہچان ہیں مثلاً مجھے جانے دو۔ پڑھنے دو۔ کھانے دو۔ دیں گے وغیرہ۔
فارسی میں گذاشتن مصدر سے مطلوبہ فعل بنایا جاتا ہے اور بعد میں ''کہ'' اضافہ کرتے ہیں اور بعد میں فعل مضارع کا دھیان کرتے ہوئے جملہ کو الٹا دیں۔ مثلاً بگذارید کہ من بروم۔ (مجھے جانے دو)۔ بگذارید کہ اسلم سبق بخواند۔ نگذاشتی کہ من نان خورم۔ نخواہیم گذاشت کہ او بگریزد وغیرہ (ہم نے اسے بھاگنے نہیں دیا)۔

تنبیہ

اس مفہوم کو ایک اور انداز سے بھی ادا کیا جاسکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر جملہ کے پہلے حصہ میں گذاشتن کا فعل ماضی آیا ہوا ہو تو فقرے کے دوسرے حصہ میں ماضی تمنائی کا استعمال کرتے ہیں اور اگر گذاشتن کا فعل حال یا امر ہو تو دوسرے حصے میں مضارع کا

marfat.com

استعمال کرتے ہیں۔یادرہے کہ پہلے حصہ میں ''کہ'' کا استعمال لازماً ہوگا۔مثلاً

(مشقی امثلہ نمبر ۹)

مگذارید کہ برود، من می آیم۔مرانہ گذاشتی ورنہ آں مرد کہ راچناں سرزنش کردے کہ بازچنیں کارہا نکردے۔ایشاں نگذاشتند کہ او درون خانہ بیاید۔احمد نہ گذاشت کہ دریچہ وا کردمی۔می دانم کہ اونخواہد گذاشت کہ کارے بکنم۔بگذارید کہ اوراپرسم۔

(۲)عنقریب وقوع پزیرہونے والے افعال

قریب تھا۔قریب ہے۔ڈالا تھا۔ڈالا ہے۔وغیرہ سے اس کی پہچان ہوتی ہے۔اور ایسے افعال کی ادائیگی کے لئے قریب است۔نزدیک است یابود لگا کر بعد میں ''کہ'' بیانیہ اور پھر فعل مضارع کا استعمال کرتے ہیں جیسے اس نے مجھے مارہی ڈالا تھا۔قریب بود کہ اومرا بکشد۔

(مشقی امثلہ ۱۰)

سپاہِ بابُر چناں دل شکستہ گردید کہ قریب بود کہ از میدانِ جنگ راہِ فرار گرفتے۔قریب است کہ احمد بیاید۔نزدیک بود کہ کشتی لقمۂ نہنگِ امواج شدے کہ کشتئے دیگر از پس درسید۔قریب بود کہ رقعہ بشما نوشتمی کہ شما تشریف آورید۔قریب است کہ کشتہا از تمازتِ آفتاب سوختہ شود۔ساعتِ قریب دوازدہ است وقریب است کہ رخصت شود۔قریب بود کہ نابینا بچاہ درافتادے کہ شخصی دستش گرفتہ براہ انداخت۔

فائدہ

اگر فعل زمانہ گزشتہ میں واقع ہونے والا تھا تو کہ بیانیہ کے بعد ماضی تمنائی کا استعمال بھی کرتے ہیں۔مثلاً قریب بود کہ بادشاہ از سختی وتعب جاں دادے۔کہ ہمرہانش از عقب در رسیدند۔

(۳)افعال شروع جن سے کسی کام کا آغاز ہونا یا کرنا معلوم ہو جیسے برادرانِ یوسف علیہ

marfat.com

السلام برایشاں حسد کردن گرفتند۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان پر حسد کرنا شروع کیا۔

بناوٹ

مطلوبہ مصدر لاکر گرفتن مصدر کے مشتقات لگا کر یا پھر شروع کردن یا آغاز نمودن کے مصادر استعمال کئے جاتے ہیں۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۱)

شما سخنانِ رنج آمیز گرفتید۔ رعد غرّید، برق خندید و باراں باریدن گرفت۔ او زبانِ پارسی آموختن شروع کردہ است۔ گاہے ناگہاں بادِ خنک وزیدن می گیرد۔ آفتاب بگوشۂ مغرب فرارفت و تاریکی پدید آمدن گرفت۔ اکبر می خواہد کہ بمدرسہ رفتن گیرد۔ دریں اثناء راجگان سرکشی آغاز نہادند۔ آثارِ صبح ہُویدا شد و ستارگاں یکے بعد دیگرے رفتن گرفت۔ سپاہ دشمن راہِ فرار گرفت۔ گربہ موش را خوردن گرفت۔ بادشاہ بر رعایا ظلم و ستم آغاز نہاد۔

(۴) جتنا، جوں جوں، جس قدر اور اُتنا، ووں ووں، اسقدر کا استعمال فارسی میں

وہ افعال جن کے پہلے حصہ میں جوں جوں اور فقرے کے دوسرے حصہ میں ووں ووں آتا ہے ان کا فارسی میں ترجمہ کرتے وقت پہلے حصہ میں چندانکہ اور دوسرے حصہ میں ہماں قدر لاتے ہیں اور کبھی ہماں قدر حذف کر دیتے ہیں مثلاً = جتنا زیادہ تلاش کیا اتنا ہی کم پایا۔ چندانکہ بیشتر جست کمتر یافت جتنی ہم نے اسے نصیحت کی اتنا ہی ہم پر ناراض ہوا۔ چندانکہ او را نصیحت کردیم ہماں قدر بر ما ناراض گشت۔ جتنی میں نے اس کے ساتھ بھلائی کی اس نے اتنی ہی میری برائی کی چندانکہ با او نیکی کردم از و بدی دیدم۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۲)

چندانکہ من نرمی مے کردم ایشاں ہماں قدر سرکش شدند۔ چندانکہ محنت کردہ بود ثمرش نیافت۔ چندانکہ شما از من حالی گردید بآستین من در افتادید چندانکہ بالائے کوہ برآئید برودت و خنکی زیادہ خواہد گشت۔ چندانکہ پیشتر رفتیم گل ولائے زیادہ گشت۔ چندانکہ او

marfat.com

مسامحت میکردایشاں ہماں قدر دلیر وشوخ گشتند۔

(۵)ایک فعل کے واقع ہوتے ہی دوسرا فعل صادر ہونا

قواعد

(ا)شروع میں لفظ ہمیں لگا کر دونوں فعلوں کوان کے صیغوں کے ساتھ لکھ دیں جیسے میرے آتے ہی وہ مرگیا۔ہمیں کہ من آمدم او بمرد۔اس میں ہمیں کے بعد''کہ'' بیانیہ ضرور آئے گا۔

(۲)دونوں فعلوں کی جگہ مصادر کا استعمال کرنے سے مگر یادرہے کہ یہاں ہماں مصادر کے بعد آئے گا۔مثلاً میرے آتے ہی وہ مرگیا۔آمدن من ہماں بود و مردنِ او ہماں۔(یہاں کہ نہیں آئے گا)

(۳)فقرہ کے شروع میں لفظ''بمجرّد''لانے سے۔جیسے پہلے فعل کے بعد مصدر لاؤ اور مصدر کے نون کو زیر دیکر فقرہ مکمل کریں۔اور پھر دوسرا حصہ لائیں۔میرے آتے ہی وہ مرگیا بمجرّدِ آمدنِ من او بمرد۔امثلہ:

(ا)گولی لگتے ہی شیر گرجا ۔ہمیں کہ گلولہ خورد شیر غرید۔

(۲)گولی لگتے ہی شیر گرجا۔گلولہ خوردن شیر ہماں بود و غریدن شیر ہماں۔

(۳)گولی لگتے ہی شیر گرجا۔بمجردِ خوردنِ گلولہ شیر غرید۔

جونہی کہ میں گھر سے نکلا مینہ برسنے لگا۔ہمیں کہ از خانہ برآمدم باراں باریدن گرفت۔موسم بہار کے آتے ہی پھول کھلنے لگے۔بمجردِ آمدنِ بہار گلہا شگفتن گرفت۔

(۶)دعائیہ جملے یا افعال

ایسے جملے یا فقرات جن میں دعا پائی جائے۔یا جن افعال میں دعا کے معنیٰ پائے جائیں انہیں دعائیہ افعال کہتے ہیں۔

قواعد:۔(ا)مضارع کے آخری حرف سے پہلے''الف'' نے سے۔

(۲)کسی اسم کے آخر میں باؔ دلگانے سے۔

marfat.com

(۳)بددعا کی صورت میں باد سے پہلے م مفتوح اور مضارع سے پہلے ن مفتوح کا اضافہ کر نے سے۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۳)

عمرت دراز باد کہ فرخندہ گوہری۔خانہ ات آباد باد۔خدااورا نیک گرداناد۔خدا عمرت دراز کناد۔بجانت از دشمناں گزندے مبادے۔خدااورا توفیقِ نیکی ارزاں کناد مبادا کہ اودر جہاں رنجے بنیند۔خدا برادرت را کا مگاری دھاد۔کسے گرفتاراِیں چنیں بلائے مباد۔سعادت پایہ اش بلند کناد۔درباغِ مراوش عندلیب وطوطی نغمہ گرو جلوہ گر باد۔خداوندترا از بدنگہدار باد۔بھیرہ شہر ما ہمیشہ آباد وشاد باد۔دائم بَرّ وبُوم ش آباد باد۔الٰہی اقبالِ او بترقی واوج باد۔خاطرِ یارشاد باد۔خدایش از بلائے عظیم وبزرگ محفوظ ومصوّن کناد۔(آمین)

فائدہ

باد کے بعد کبھی الف بڑھا کر اور کبھی اصلا مضارع کے دعائیہ افعال بھی اسی معنیٰ میں مستعمل ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صفت مشبّہ

صفت مشبہ میں پائی جانے والی صفت پائیدار ہوتی ہے جبکہ اسم فاعل کی صفت عارضی ہوتی ہے۔

''رہبر فارسی'' میں آپ نے اسم مفعول کے قواعد پڑھے ہیں۔یاد رہے کہ اسم مفعول ہمیشہ متعدی مصادر سے آتا ہے جبکہ اسی وزن پر لازم مصادر سے صفت مشبہ کا صیغہ آتا ہے۔جیسے آمدہ،رفتہ اسم مفعول نہیں بلکہ صفت مشبہ ہیں۔عربی زبان کے صفت مشبہ بھی فارسی میں اکثر استعمال ہوتے رہتے ہیں۔جیسے شریف۔کریم۔حسین۔وغیرہ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

marfat.com

جملہ اسمیہ

ایسے الفاظ کا مجموعہ جن سے پوری بات سمجھ میں آجائے اسے جملہ کہتے ہیں۔
جملہ اسمیہ میں کسی کام کے ہونے یا کہنے کی خبر ہوتی ہے۔جس چیز کے بارے خبر ہو اسے اسم اور جو بتایا جارہا ہو اسے خبر کہتے ہیں اور کلمہ ربط یا فعل ناقص کی مدد سے ہم ان دونوں کو ملا کر بامعنیٰ بناتے ہیں۔مثلاً نوکر تنبل است۔نوکر سست ہے۔اس میں نوکر اسم تنبل خبر اور است کلمہ ربط یا فعل ناقص ہے۔لشکر رواں شد۔خانہ تاریک است۔زناں در باغ بودند۔کاغذ سپید است۔

فائدہ:۔اسم کو مسند الیہ اور خبر کو مسند کہتے ہیں جملہ اسمیہ میں مسند بھی اسم ہی ہوتا ہے۔مسند الیہ کو مبتدا اور مسند کو خبر بھی کہتے ہیں۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۴)

مسافر گرسنہ است۔رفیق دیوانہ بود۔محمد رفیق تارژ بادشاہ شد۔شما دانا بودید۔امیر اور اغلام ساخت۔حماد بیمار شد۔طیبہ شاد ماں گشت۔او دروغ گو است۔تو تشنہ۔الطاف غمی بود۔ما حیران گشتیم۔کوزہ گر (کُلال) گلِ را کوزہ گردانید۔صفدر اورا بیوقوف نمود۔عزیز ناراض شد۔

جملہ فعلیہ

جملہ فعلیہ وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا سہنا بیان کیا جائے اس میں کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں، جس پر فعل واقع ہو اسے مفعول اور جس سے وہ کام ظاہر ہوتا ہو یا فاعل اور مفعول کو ملا کر بات پوری کرتا ہو اسے فعل کہتے ہیں۔اس کا دوسرا نام فعل تام بھی ہے۔مثلاً من نامہ نوشتم۔من فاعل۔نامہ مفعول اور نوشتم فعل ہے۔یاد رہے فعل اگر لازم ہو تو صرف فاعل کے ملنے سے ہی جملہ مکمل ہو جاتا ہے اور اگر فعل متعدی ہو تو اسے فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔جیسے اکبر آمد۔(لازم) اکبر اسلم را زد۔(متعدی)

marfat.com

تنبیہ

متعدّی بہ یک مفعول یا بدو مفعول یا بہ سہ مفعول اور لازم سے متعدّی یا متعدّی المتعدّی بنانے کے قواعد کے لئے ''رہبر فارسی'' کی طرف رجوع کریں۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۵)

زید فرش را کثیف کرد۔ عمرو یتیماں را طعام خورانید۔ از فرمانِ یزداں سر پیچ۔

جملہ خبریّہ

جملہ خبریہ میں کسی چیز کی محض اطلاع ہوتی ہے اور جس واقعہ کا بیان ہوتا ہے اس کو سچا یا جھوٹا کہہ سکتے ہیں۔ اس لئے جملہ خبریہ کئی قسم کا ہوسکتا ہے۔ دنیا کی ہر بات کو خبر کی صورت میں لکھا جا سکتا ہے مثلاً فلسفہ وحکمت کی بات، ولی کا پیغام، قانون اور قواعد، کوئی تاریخی حقیقت، شعر کا مضمون، لطیفہ، کوئی سائنسی، طبعی، طبیعی بات۔ اخلاقی درس یا سبق یا پھر ان کے علاوہ کوئی اور بات یا پھر اسی طرح کے افعال جن میں افعال ناقصہ کا استعمال ہوا ہو تو ایسے جملے عموماً خبریہ قسم کے ہوتے ہیں۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۶)

قرآن کلامِ خداوند یست۔ ہندواں مردۂ خود را می سوزند۔ اجسام سہ گونہ اند: جامد، مائع، بخار۔ نکوئی کن و بچاہ انداز۔ حضرت سلیمان علیہ السلام منطق پرندگان را می فہمیدند۔

جملہ انشائیہ

جملہ انشائیہ میں کوئی ایسا واقعہ بیان نہیں کیا جاتا کہ جسے سچا یا جھوٹا کہہ سکیں۔ بلکہ اس میں مختلف قسم کے جذبات وکیفیات کا اظہار ہوتا ہے۔ کام کرنے اور لینے دینے کے متعلق سوال وجواب اور حکم ہوتا ہے۔ یاد رہے یہ جملہ عموماً ساخت وبناوٹ کے اعتبار سے جملہ فعلیہ ہوتا ہے۔

marfat.com

(مشقی امثلہ نمبر ۱۷)

اقسام:۔اس کی درج ذیل اقسام بیان کی جاتی ہیں۔

(۱)امر:۔حکم۔زود برو۔درراباز کن۔(جلدی جا!دروازہ کھول)

(۲) نہی:۔روکنا۔دیگر دشنام مدہ۔عجلت مکن۔(پھر گالی نہ دینا۔جلدی نہ کر)

(۳)استفہام:۔سوال۔ چرااز جائے خود حرکت کردی؟ایں چیست؟(اپنی جگہ سے تو نے حرکت کیوں کی؟)

(۴)تعجب:۔سبحان اللہ،واہ واہ چہ آوازِ خوش است۔(کیا خوب آواز ہے!)

(۵)تحسین:۔آفریں برآں کس کہ جان فدائ وطن کردہ است۔(شاباش کہ جس نے جان وطن پر قربان کی)

(۶)انبساط:۔خوشی۔واہ واہ عجب بہارِ دلفزا است۔(واہ بھئی واہ!کیسی دل خوشکن بہار ہے)

(۷)ندا:۔اے حکیم!مرا نشانِ منزل ندادی۔(اے دانا!مجھے نشان منزل نہ دیا!)

(۸)تأسُّف:۔واویلا،مردشہ شاعراں۔(ہائے ہائے افسوس کہ سرخیل شاعراں نہ رہے)

(۹)قسم:۔بخدا منّت ناخدا نکنیم۔(قسم بخدا منّتِ ناخدا نہ کریں گے)

(۱۰)عرض،نصیحت،مشورہ:۔باخدا باش وشاہی کن۔باخدا دیوانہ وبا محمد ﷺ ہشیار۔(باخدا ہوکر بادشاہی کر)

(۱۱)تمنا:۔کاش عمر رفتہ بازمی آمدے۔(کاش عمرِ رفتہ لوٹ آئے)

(۱۲)تنبیہ:۔خبردار۔الا تا نگریدیتیم!(خبردار!یتیم رونے نہ پائے)

(۱۳)دعا:۔خدا دشمن دیں را ہلاک کناد۔میہنِ ما پاکستان زندہ باد۔(خدا دشمنِ دین کو تباہ کرے)

marfat.com

محاورات

محاورہ کے معنیٰ بات چیت کے ہیں اور یہ عربی زبان کا لفظ ہے مگر اصطلاحاً خاص اہل زبان کے روزمرہ یا بول چال یا اسلوب بیان کو محاورہ کہتے ہیں۔ یوں تو معنوی لحاظ سے روز مرہ اور محاورہ ایک ہی شی ہیں۔ مگر اصطلاحی طور پر دونوں کے معانی الگ الگ ہیں۔ چنانچہ محاورہ الفاظ کے ایسے مجموعے کو کہا جاتا ہے جو اہل زبان کی بول چال میں اپنے اصلی معنوں کی بجائے کوئی اور معنیٰ دے۔ محاورہ ہمیشہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ سے ملکر بنتا ہے اور ان میں سے کم از کم ایک لفظ جو اکثر وعموماً فعل ہوتا ہے۔ (مصدر) اپنے اصل اور حقیقی معنوں کی بجائے کوئی اور معنیٰ دیتا ہے۔ مثلاً آب آب شدن از سر کشیدن۔ فرو آمدن۔ وغیرہ

طعام خوردن۔ دوا خوردن یا نوشیدن محاورہ نہیں بلکہ روزمرہ ہیں کیونکہ فعل اپنے اصلی معنی ادا کر رہا ہے مگر غم خوردن محاورہ ہوگا۔ کیونکہ فعل اپنے اصلی ماوُضِعَ لَہ، معنیٰ میں مستعمل نہیں ہے۔ بلکہ مجازی معنوں میں مستعمل ہے۔ یاد رہے محاورہ کے الفاظ میں کمی بیشی یا تبدیلی اس کی ہیئت میں ہی نہیں بلکہ اس کے معنوں میں بھی ردّو بدل کر دیتی ہیں۔ مثلاً ہاتھوں کے طوطے اڑنا کے جگہ فاختہ کے اڑنا کا استعمال بے محل اور بے موقع ہوگا اور اہل زبان کے برعکس بھی۔

تنبیہ: روز مرّہ، کہاوت، ضرب المثل وغیرہ کے لئے بھی اصول وضوابط موجود ہیں مگر طوالت کے خوف سے انہیں ذکر نہیں کیا گیا۔ البتہ ضرب الامثال کے باب میں ضرب المثل کی مختصر سی وضاحت مذکور ہوگی (انشاءاللہ)

چند معروف محاورات اور ان کا معنیٰ

محاورات	معانی	محاورات	معانی
آفتاب کردن	سُکھانا	آتش کشتن	آگ بجھانا

marfat.com

اِبراز کردن	ظاہر کرنا	اِرسال داشتن	بھیجنا
ازراہ بردن	گمراہ کرنا	از برگرفتن	زبانی یاد کرنا
ازکارافتادن	بیکار ہونا	از یادرفتن	بھول جانا
ازہوش رفتن	بے ہوش ہونا	اجارہ کردن	کرایہ پر لینا
انشاء کردن	لکھنا	باز کردن	کھولنا
بانگ زدن	چلّانا	بپایاں رسیدن	ختم ہونا
بپایاں رسانیدن	ختم کرنا	بجان آمدن	تنگ ہونا
بخواب رفتن	سونا	بدست آمدن	ملنا
بدست آوردن	حاصل کرنا	بدنیا آمدن	پیدا ہونا
بدزدی رفتن	چوری ہونا	براہ افتادن	چل پڑنا
برآشفتن	بگڑنا	بغارت بردن	لوٹ لینا
بعمل آوردن	کاشت ہونا	بکار بردن	استعمال کرنا
بکارخوردن	کام میں آنا	بوجود آمدن	معرض وجود میں آنا
بیدار کردن	جگانا	بہم برآمدن	خفا ہونا
پابفرار نہادن	فرار ہونا	پس دادن	واپس کرنا
پیدا کردن	تلاش کرنا، حاصل کرنا	تخم کردن	انڈے دینا
تخم گزاردن	انڈا دینا	تحصیل کردن	حاصل کرنا
تمیز کردن	صاف کرنا	تمبر زدن	نمبر لگانا
تماشا کردن	دیکھنا	تعارف کردن	نذر پیش کرنا
توقف کردن	ٹھہرنا	تکذیب کردن	جھٹلانا
پُوچ گفتن	بکواس کرنا	پہن کردن	بچھانا
جاروب کشیدن	جھاڑو دینا	چاپ کردن	چھاپنا

marfat.com

چشم داشتن	امید رکھنا	حالی کردن	آگاہ کرنا
حرف زدن	بات چیت کرنا	حنا بستن	مہندی لگانا
حفر کردن	کھودنا	خندہ کردن	ہنسنا
خمیر کردن	گوندھنا	دستگیری کردن	مدد کرنا
دربر کردن	پہننا	درخت نشاندن	درخت لگانا
درست کردن	تیار کرنا	دست زدن	ہاتھ لگانا
دوست داشتن	پسند کرنا	روی دادن	ظاہر ہونا
زحمت کشیدن	محنت کرنا	زندگی کردن	رہنا
سپاس کردن	شکر کرنا	سرما خوردن	زکام ہونا
سرپیچی کردن	خلاف ورزی کرنا	سیگار کشیدن	سگریٹ پینا
شانہ زدن	کنگھی کرنا	شخم کردن	ہل چلانا
شنا کردن	تیرنا	شست شو کردن	نہانا، دھونا
صحبت کردن	بات چیت کرنا	عوض کردن	بدلنا
فریاد کشیدن	چلّانا	فرا گرفتن	حاصل کرنا
فرا رسیدن	آ پہنچنا	کار بستن	عمل کرنا
کف زدن	تالی بجانا	کومک زدن	مدد کرنا
گوش کردن	سننا	یاد گرفتن	یاد کرنا
یاری کردن	مدد کرنا	گوش دادن	سننا
نشان دادن	بتانا، دکھانا	نُطق ایراد کردن	تقریر کرنا
وا کردن	کھولنا		

ضرب الامثال

ضرب المثل یا کہاوت سے الفاظ کا ایسا مجموعہ مراد ہوتا ہے جس کے لفظی معانی خواہ کچھ

marfat.com

ہوں لیکن اسے کسی مناسب اور موزوں موقع پر جوں کا توں استعمال کیا جائے۔

محاورہ اور ضرب المثل میں قدرے مشترک اگرچہ ان کا مجازی معنوں میں استعمال ہے مگر اس کے باوجود ان میں نمایاں فرق ہے۔ جیسے

(۱) محاورہ کلام کا جز بن کر اس میں جذب ہو جاتا ہے مگر ضرب المثل اس کے برعکس ہے کیونکہ یہ مزید وضاحت کے لئے لائی جاتی ہے اور اگر اس کو درمیان کلام سے حذف بھی کر دیں تب بھی بات مکمل سمجھ میں آجاتی ہے۔

(۲) محاورہ جزو کلام بن کر اپنا معنیٰ ادا کرتا ہے مگر ضرب المثل اپنے معانی کے اعتبار سے مکمل ہوتی ہے۔ اسے خود کسی مزید لفظ یا عبارت کی حاجت نہیں ہوتی ہے۔

(۳) دوران استعمال ضرب المثل جوں کی توں مستعمل ہوتی ہے۔ لفظی تغیر نہیں ہوتا مگر محاورہ کے فعل میں حسب ضرورتِ جملہ تغیر و تبدیلی ہوتی ہے۔

تنبیہ:۔ محاورہ، ضرب المثل اور روزمرہ، تحریر و تقریر کا حسن ہیں۔ ان میں اغلاط نہ صرف تحریر و تقریر کے حسن کو غارت کر دیتی ہیں بلکہ اس کی باقی خوبیوں پر بھی پانی پھیر دیتی ہیں۔ اس لئے نہایت باریک بینی سے اس کا ادراک ضروری ہے۔

چند ضرب الامثال

(۱) آب آمد تیمم برخاست۔ اعلیٰ کی موجودگی میں ادنیٰ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

آب ندیدہ موزہ کشیدہ۔ مصیبت سے پہلے گھبرا جانا۔

آنچہ برخود نہ پسندی بر دیگراں مَپسند۔ جیسا اپنا دل ویسا پرایا دل۔

آنرا کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک است۔ صاف دل کو ڈر نہیں۔

از خوردان خطا از بزرگاں عطا۔ چھوٹوں سے قصور بڑوں سے بخشش۔

افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را۔ غمگین سب کو دکھی کرتا ہے۔

اگر ہمیں دانش است خدا حافظ۔ اگر یہی عقل ہے تو اللہ بیلی۔

اگر ساقی تو باشی مے تواں خورد۔ ضرب الحبیب زبیبٌ دوست کی کڑوی میٹھی۔

marfat.com

اللہ بس باقی ہوس۔اللہ ہی اللہ ہے۔

ایآزقدرخودبشناس۔اپنا آپ دیکھ۔اپنی چادر دیکھ کر قدم پھیلا۔

ایں زمین را آسمان دیگر است۔باوا آدم نرالا ہونا۔

اے روشنئ طبع تو برمن بلاشدی۔خوبی کا مصیبت بننا۔

بادوستاں تلطف بادشمناں مُدارا۔صلح جوئی اچھی ہے۔

برمن منگر برکرم خویش نگر۔اپنا کرم دیکھ میرے گناہ نہیں۔

پراگندہ روزی پراگندہ دل۔تنگ حال، بدحال

پیری رسید وقامت خمید۔کوز پشت ہونا۔

تا خداندہد سلیمان کے دہد۔امر خدا ہی غالب ہے

تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ۔تدبیر پیش تقدیر بے بس۔

تصنیف رامصنفؑ نیکو کند بیاں۔لکھنے والا ہی صحیح جانتا ہے یا بتا سکتا ہے۔

جائے استاد خالی است۔استاد استاد ہی ہوتا ہے۔

جواب جاہلاں باشد خاموشی۔جاہلوں کی بات کا جواب نہ دو۔

چوکفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی۔بڑے اگر خراب ہوں تو چھوٹوں کا اللہ بیلی۔

چومیدان فراخ است گوئی بزن۔کوشش کر ہمت نہ ہار۔

چوآب از سر گذشت چہ یک نیزہ چہ یک دست۔دکھ چھوٹا ہو یا بڑا مصیبت ہے۔

خانہ درویش را مہتاب شمع روشن است۔فقیر کے جھونپڑے کا چراغ چاند ہے۔

خدادارم چہ غم دارم۔خدا ہمارا۔غم کاہے کا۔

خواجہ آنست کہ باشد غم خدمتگارش۔آقا کو نوکروں کا خیال رکھنا چاہیے۔

درعفولذتیست کہ درانتقام نیست۔معاف کرنا بدلہ سے بہتر ہے۔

دیوار ھم گوش دارد۔دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔

رُموزِ مملکت شاہاں بدانند۔ہر کوئی اپنے کام میں ہشیار ہے۔

marfat.com

زیارتِ بزرگاں کفارۂ گناہ۔ بزرگوں کی زیارت گناہ کا کفارہ ہے۔
سَرے داریم وصد سودا۔ ایک دم ہزار امید۔
شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن ۔ زندگی ہر حال میں گزارنا ہوتی ہے۔
شاہاں چہ عجب گر نبوازند گدارا۔ بادشاہ فقیر پر مہربان عجب تو نہیں۔
شاخ گل ہر جا بروید گل کند۔ بھلا ہر جگہ بھلا ہوتا ہے۔
شاگرد رفتہ رفتہ باستاد میرسد۔ ہوتے ہوتے شاگرد استاد ہو جاتا ہے۔
شنیدہ کے بود مانند دیدہ۔ دیکھنے اور سننے میں فرق ہے۔
شوق ہر دل کہ باشد رہبرے درکار نیست۔ شوق لیاقت پیدا کرتا ہے۔
علم شئی بہ از جہل شئی ۔ جاننا نہ جاننے سے بہتر ہے۔
غم نداری بُز بخر۔ بکری خرید ہزاروں غم پیدا۔
فکرِ ہر کس بقدرِ ہمت اوست ۔ ہر آدمی کی سوچ اپنی۔
قلم اینجا رسید و سر بشکست۔ آگے لکھا نہیں جاتا۔
قلندر ہر چہ گوید دیدہ باشد۔ قلندر دیکھ کر بولتا ہے۔
قرض را گویند مقراض محبت ۔ قرض محبت کی قینچی ہے۔
قہر درویش بر جان درویش۔ غریب کا غصہ، نقصان بھی اس کا۔
کوہ کندن وکاہ برآوردن ۔ کھودا پہاڑ نکلا چوہا۔
گویم مشکل وگر نگویم مشکل ۔ کہنا بھی مشکل اور نہ کہنا بھی۔
من چہ سرائیم وطنبورۂ من چہ می سراید۔ مادر چہ خیالم وفلک در چہ خیال۔
ماخداداریم مارا ناخدا درکار نیست۔ خدا کے ہوتے ملاح کا کیا کام۔
ہر چہ باداباد ما کشتی درآب انداختیم ۔ آغاز کر دیا ہے اب جو ہو سو ہو۔
ہر چہ از دوست میرسد نیکوست ۔ سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے۔
یار خاطر نہ بار خاطر۔ دوست بار خاطر نہ ہو۔

marfat.com

یک نظرے خوش گزرے۔ دیکھنا ایک ہی دفعہ کافی ہوتا ہے۔

از دیدہ دور از دل دور۔ آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔

ایں خانہ ہمہ آفتاب است۔ آوے کا آوا بگڑنا۔

کار امروز بفردا مگذار۔ آج آج ہے کل کل۔

ہم خُرما وہم ثواب۔ آم کے آم گٹھلی کے دام۔

نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن۔ آگے کنواں پیچھے کھائی۔

ہر سگے در کُوئی خود شیری کند۔ اپنی گلی میں کتا بھی شیر۔

کس نگوید کہ دُوغِ من تُرش است۔ اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا۔

دُرِ یتیم را ہمہ کس مشتری بود۔ اچھی چیز ہر کوئی لاگو۔

یک مُویز وصد قلندر۔ ایک انار سو بیمار۔

چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دو کار۔ ایک پنتھ دو کاج۔

یکے بود مجنون دیگر سگ گزید۔ ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا۔

وقت کوتاہ وقصہ طولانی۔ وقت کم اور قصہ طویل۔ بڑا کام اور کم وقت ہے۔

برزبان تسبیح ودر دل گاؤ خر۔ بغل میں چھری منہ میں رام رام۔

چو فیضے رواں است بہرہ یاب۔ بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا۔

حساب دوستاں در دل۔ تم جانو یا ہم جانیں۔

لغات عامہ (لغاتچہ)

اردو	فارسی	اردو	فارسی
آنکھ	چشم، دیدہ	آنسو	اشک
پلک	مِژہ	پتلی	مردمک
بھَوں	ابرو	انگلی	انگشت
انگوٹھا	انگشتِ نر	انتڑی	رُوْدَہ

marfat.com

اوجھر	شِکنبہ	ایڑھی	پاشنہ
بھیجا	مغز، دماغ	تلوا	کفِ پا
چھپر پاؤں	پُشتِ پا	پھیپھڑا	شش، رِیَہ
تل	خال	تھوک لعاب دہن	تَفْ
ٹھوڑی	زَنَخْداں، ذقن	ٹخنہ	شَتالنگ
جبڑا	چانہ	لَو	بُناگوش
کہنی	آرنج	مونچھ	بروت، سنبت
ہونٹ	لب	بھاوج	زَنگہ
بہنوئی	شوہرخواہر	پوتا	نَبیرہ، نُوہ، پسری
پوتی	دخترہ پسر	پڑدادا	فرجدّ
پڑدادی	فرجدّہ	دولہا	نَوشہ، نوشاہ
دلہن	عُروس	ساڈھو	ہمزلف
سالا	خَسر پورہ	سالی	خاشنہ
سوتیلا	ندرسَوت۔ اَنباغ	سمدھی	ہمسِلک
نوکر	پیشِ خدمت	نند	نَنّا
کلیجہ	جگر	پہرے دار	پاسبان، کشیکچی
چرواہا	قَبّاں	شیشہ جڑیا	مِینا کار
حلوائی	قَنّاد	حجام	دلاّک سلیمانی
درزی	جامہ دوز	دھوبی	گاذر
ڈرائیور	رانندہ	سلوتری	بیطار
فوٹوگرافر	عَکّاس	کسان	کشاورز
کلال	بادہِ فروش	کوچوان	کالسکچی

marfat.com

لکڑہارا	خارکش	موچی	کفش دوز
کنگھی	شانہ	کلہاڑا	تَبَر
اُپلا	پاچُک	تھالی	قَاب
چکی	آسیا	لوٹا	آفتابہ
لالٹین	لالہ	گھڑا	سُبُو
کوئلہ	زَغَال	گلاس	لِیوان
آٹا	آرَدْ	دودھ بالائی	قِیماق
بسکٹ	کاک	پھلکا	نانِ تُنک
پراٹھا	نانِ تَفتاں	پوری	چَربُک
دہی	ماست جغرات	دلیا	دلیدہ
سالن	نانخورس	سوپ	آش
ناشتہ	صُبحانہ	لنچ	ناھار
عصرانہ	عصرانہ	ڈنر	شام، عشائیہ
گڑ	قندِ سیاہ	چاول	بَرَنج
زردہ	مُزَعفران	استاد	آموزگار، اخوند
گھنٹی	زنگ	رسٹ واچ	دستینہ
کمرہ	اُطاق	ہال	تالار
تولیہ	تَوہُولہ	بوٹ/موزہ	چَکمہ
دوپٹہ	لچک	رومال	دستمال
کمبل	پتورگلیم	میلا	چَرکیں
صدری	نیم تَنہ	بندوق	تَفنگ
پتنگ	بادبادک	گلی ڈنڈا	چالیک

marfat.com

چنا	نخُود	مٹر	ٹَنگ
آلو	سیبِ زمینی	پیاز	پیازبصل
پودینہ	نَعناع	مولی	تِرب
لہسن	سِیر، گنڈنا	اروی	قِلقاس
دھنیا	کُشنیز	سونف	بادیان
بیر	کُنار	پودا	نِہال
تنہ	تنا	گنا	نیُشکر
گنڈیری	پارۂ نیشکر	لسوڑا	سَپِستَان
بارہ سنگھا	گوزن	ہرن	آہُو
بھینس	گاؤمیش	بندر	بُوزنہ
چیتا	یُوز	خچر	قاطِر
لومڑی	رُوباہ	لنگور	مَیمُون
درازگوش	گدھا	الوٗ	بُوم، چُغَد
ابابیل	پرستُوک	چیل	زَغَن
گدھ	کرگَس	چیونٹی	مُورچہ
دیمک/زنگ	مُوریانہ	کیڑا	کِرم
نیولا	رَاسُو	مگرمچھ	نِہنگ
اسٹیشن	ایستگاہ، گاڑ	پلیٹ فارم	اِسکلہ
چمنی	دُودکش	چھت	بام
پوسٹ آفس	پُست خانہ	چوک	چارسُوق
دومنزلہ عمارت	ساختمان دوطبقہ	ڈرائنگ روم	اَطاقِ پزیرائی
سیڑھی	نَردبان	سیڑھی	زِینہ، پلّہ

marfat.com

کالج	دانِشکدہ	ہائی سکول	دبیرستان
پرائمری سکول	دَبِستان	جامعہ	دانِشگاہ، دارالعلوم
جھونپڑا	کاشانہ	آندھی	بادِ تُند
اولہ	ژالہ، تِگُرگ	بادل	ابرِ مَنِغ
بگولہ	گَردِباد	بونداباندی	تَرَشُّح
بھنور	گَرداب	پھوار	نم نم باریدن
ٹیلہ	تَپّہ	جنگل	دشت، هامون، بَن
دھنک	قَوسِ قُزَح	گڑھا	مُغاک، چالہ
موسلا دھار بارش	بارانِ سنگین	گھٹا	ابرِ تیز
جھونکا	موجہِ باد	انجن	بخاریہ
بائیسکل	دوچرخہ	بگھی	گالِسکہ
ٹکٹ	بلیط، بلیت	پلیٹ فارم ٹکٹ	بلیطِ وُرودی
ٹکٹ بابو	بلیتچی، بلیط فروش	ٹکٹ گھر	بلیط خانہ
واپسی ٹکٹ	بلیط دوسرہ	چھکڑا	اَرّابہ، عَرّابہ
ہوائی جہاز	بادپیما، طیارہ	ہوا باز	طیارچی
بلی	گُربہ، ہِرّہ	پُورَب	مشرِق، خاوَر
پچھم	مغرب، باختر	اتر	شِمال
دکھن	جُنُوب	دوپہر	نیم روز
آدھی رات	نیم شب	پہر	پاس
وقت	ہنگام	گزشتہ شب	دی شب
یہی سال	اِمسال	یہی رات	ہمیں شب
سڑک	شاہراہ، جادہ، خیابان	حصہ، شعبہ	بَخش

marfat.com

ریل گاڑی	قطار	سیر	سیر، گردش
ملازمہ	کُلفَت، ماما	اشتہار	آگاہی
مصروف	گرفتار، دستگیر	سازش	ہم آہنگی
فرض	وظیفہ	گفتگو	صحبت، محاورہ
ذمہ داری	تکلیف	پریشان	نگران
صاف ستھرا	تمیز	ناکام، فیل	مردود
لڑائی	دعویٰ	سویاں	رِشتہ
لطیفہ	شوخی	نرس	پَرِستار
ننھا بچہ	کُوچُولُو	مینڈک	قُورباغہ
مٹی کا تیل	نِفت، نِفط	لیکچرار	دانِشیار
کلرک	کارمند	کلچرل سنٹر	خانۂ فرہنگ
کرنسی نوٹ	اِسکَناس	پین	قلمِ خودنویس
فائل	پَروندہ	سیمنٹ	سِیمان
سٹینڈ	محل، ایستگاہ	CID	کارآگاہ
ڈگری	گواہی نامہ	سیکرٹری	سَردبیر
ریزگاری	پُولِ خُرد	رسید	قبض
رجسٹرار	مدیرِ کُل	ڈاک ٹکٹ	تِمبر
پاسپورٹ	گزرنامہ	پیراشوٹ	چَترِ ہوائی
ڈاکیا	پُست چی	پولیس	پاسبان
بنک	بانک	UNO	سامانِ مِلَلِ متحدہ
انسپکٹر	بازرَس	خالص	سَرّہ
رَت جگا	شب نشینی	پلندہ	طُومار

marfat.com

بکواس	ژاژ خائی	وطن	مَیہَن
فوج	اَرتَش	بالشت	وَجَب
اینٹ	آجرِ خشت	ٹائیل	آجرِ کاشی
ادارہ محکمہ	بنگاہ	کنوارہ	مجازن
شکل وصورت	پک وپوز	درانتی	دِرَس
ہوٹل	ہُتل، رِباط	سنگل روم	اُطاق یک نفری
ڈبل روم	اُطاقِ دونفری	آئسکریم	بسنتی
بیگ	کِیف	اکاؤنٹینٹ	مُحاسِب
سٹور کیپر	اِنباردار	سرد مقام	پِیلاق
گرم مقام	قَشلاق	حمام	گرمابہ
چھجا	باراں گیر	چوکھٹ	چہارچُوبہ/آستاں
تنبو	خیمہ	بڑا خیمہ	خرگاہ
ٹم ٹم گاڑی	دِرَشکہ	تھانہ	کَلانتری
لائسنس	پروانہ	جرمانہ	تاوان
دیمک	دِیُوچہ/کرم	بھونرا	جَلافک
کونج	کُلنگ	تیتری	پَروانہ
تیتر	دُرّاج، تیہُو	گولی	گلولہ
سکول	آموزش گاہ	جماعت	دانش پایہ
کنڈرگارڈن	کودِکستان	لاء کالج	دانشکدہ حقوق
ہاسٹل	باش گاہ	شاگرد	دانِش آموز
نارمل سکول	دانشِ سرائی	چپڑاسی	فَرّاش
دہلیز	آستان	کباڑی/دلّال	سَمسار

marfat.com

بخشش دوم
(منظومات ومنثورات)
منتخب از پندنامہ (شیخ فریدالدّین عطّارؒ)
درحمد باری تعالیٰ عزّ اسمہٗ

۱۔حمدِ بے حد مر خدائے پاک را — آنکہ ایماں داد مُشتِ خاک را
۲۔آنکہ در آدم دمید او روح را — داد از طوفان نجات او نوحؑ را
۳۔آنکہ فرماں کرد قہرش بادرا — تا سزائے کرد قوم عاد را
۴۔آنکہ لُطفِ خویش رااظہار کرد — باخلیلؑش نار را گلزار کرد
۵۔آں خداوندے کہ ہنگامِ سحر — کرد قوم لوطؑ را زیروزبر
۷۔آنکہ اعداء رابدر یا در کشید — ناقہ را از سنگِ خارا برکشید
۸۔چوں عنایت قادرِ قیّوم کرد — در کفِ داؤدؑ آہن موم کرد
۹۔با سلیمانؑ داد ملک وسروری — شد مطیعِ خاتمش دیو وپری
۱۰۔از تنِ صابرؑ بکرِ ماں قُوت داد — ہم ز یونسؑ لقمہ باحُوت داد
۱۱۔آں یکے را ارّہ برسر می کشد — دیگرے راتاج بر سرمی نہد
۱۲۔اوست سلطان ہر چہ خواہد آں کند — عالمے را در دمے ویراں کند
۱۳۔ہست سلطانی مُسلّم مراورا — نیست کس را زہرۂ چوں و چرا
۱۴۔آں یکے را گنج ونعمت می دہد — دیگرے را رنج وزحمت می دہد
۱۵۔طُرفۃُ العینی جہاں برہم زند — کس نمی آرد آنجا دم زند
۱۶۔آنکہ با مرغِ ہوا ماہی دہد — بندگاں را دولت وشاہی دہد
۱۷۔بے پدر فرزند پیدا او کند — طفل را در مَہد گویا او کند

marfat.com

۱۸۔مردۂ صد سالہ راحی میکند ایں بجز حق دیگرے کے میکند
۱۹۔صانعے کز طین سلاطین می کند نجم را رجمِ شیاطین می کند
۲۰۔از زمینِ خشک رویانَدْ گیاہ آسماں را بے ستوں دارد نگاہ
۲۱۔ہیچ کس در ملکِ او اَنباز نے قول او را لحن نے آواز نے

درنعتِ سیّد المرسلین ﷺ

۲۲۔بعدازیں گوئیم نعت مصطفیٰ ﷺ آنکہ عالم یافت از نورش صفا
۲۳۔سیّدِ کونین، ختم المرسلین آخر آمد، بُوْدْ فخرالاوّلین
۲۴۔آنکہ آمد نُہ فلک معراجِ او انبیاء و اولیاء محتاجِ او
۲۵۔شد وجودش رحمۃ اللّعالمین مسجدِ او شد ہمہ روئے زمین
۲۶۔صد ہزاراں رحمتِ جاں آفریں بروے بر آلِ پاکِ طاہرین
۲۷۔آنکہ شد یارش ابوبکرؓ و عمرؓ از سر انگشتِ او شق شد قمر
۲۸۔آں یکے او رارفیقِ غار بود واں دیگر لشکر کشِ اَبرار بود
۲۹۔صاحبش بودند عثمانؓ و علیؓ بہر آں گشتند در عالَم ولی
۳۰۔آں یکے کانِ حیاء وحلم بود واں دگر بابِ مدینۂ علم بُوْد
۳۱۔آں رسولِ حق کہ خیرُ النّاس بود عمِ پاکش حمزہؓ و عباسؓ بود
۳۲۔ہر دم از ما صد درود و صد سلام بررسول ﷺ وآلؓ واصحابشؓ تمام

درفضیلت ائمہِ دینِ مجتہدین

۳۳۔آں اِما مانے کہ کردند اجتہاد رحمتِ حق بر رُوانِ جملہ باد
۳۴۔بوحنیفہؒ بُد امامِ باصفا آں سراجِ اُمّتانِ مصطفیٰ ﷺ
۳۵۔باد فضلِ حق قرینِ جان او شاد باد ارواحِ شاگر دانِ او
۳۶۔صاحبش بو یوسفؒ قاضی شدہ وز محمدؒ ذُوالمِنَنْ راضی شدہ
۳۷۔شافعیؒ ادریس و مالکؒ بازقرؒ یافت زیشان دینِ احمد ﷺ زیب وفرّ

marfat.com

۳۸۔احمد حنبلؒ کہ بود او مردِ حق در ہمہ چیز از ہمہ بُردہ سبق
۳۹۔روحِ شاں درصدر جنت شادباش قصرِ دین از علمِ شاں آبادباد

مُناجات بجنابِ مجیب الدّعوات

۴۰۔باد شاہا جرمِ مارا در گزار ماگنہ گاریم و تو آمُرز گار
۴۱۔تو نِکو کاری ومابد کردہ ایم جرمِ بے اندازہ وبے حد کردہ ایم
۴۲۔سالہا در بندِ عِصیاں گشتہ ایم آخِر از کردہ پشیمان گشتہ ایم
۴۳۔دائما درفِسق وعِصیاں ماندہ ایم ہمقرینِ نفس وشیطان ماندہ ایم
۴۴۔بے گنہ نگذشت برما ساعتے باحضورِ دل نہ کردم طاعتے
۴۵۔بردر آمد بندۂ بگریختہ آبروئے خود بعصیان ریختہ
۴۶۔مغفرت دارد امید از لطفِ تو زانکہ خود فرمودۂ لاتقنطوا
۴۷۔بحرِ الطافِ تو بے پایاں بُوَد نا امید از رحمتت شیطان بُوَد
۴۸۔نفس وشیطان زد کریما راہِ من رحمتت باشد شفاعت خواہِ من
۴۹۔چشم دارم از گنہ پاکم کنی پیش ازیں کاندر لحد خاکم کنی
۵۰۔اندرآں دم کز بدن جانم بُری از جہاں بانور ایمانم بُری

۵۱۔عاقل آں باشد کہ او شاکر بُوَد وآنگہے برنفسِ خود قادر بود
۵۲۔ہر کہ خشمِ خود فرو خورَد اے جواں باشد او از رُستگارانِ جہاں
۵۳۔گرچہ درویشی بوَد سخت اے پسر ہم زدرویشی نباشد خُوب تر
۵۴۔ہر کہ اورا نفسِ تَو سَن رام شد از خِرَد مندانِ نیکو نام شد
۵۵۔دررِیاضت نَفُسِ بَدرا گوشمال تا نیندازد ترا اندر وبال
۵۶۔آنکہ رنجا ند ترا عذرش پزیر تا بیابی مغفرت بر وے مگیر
۵۷۔حق ندارد دوست خَلق آزار را نیست ایں خصلت یکے دیندار را
۵۸۔رَوُ زُبان از غیبتِ مردم بہ بند تانہ بینی دست وپائے خود بہ بند

marfat.com

۵۹۔گر خبر داری زحیِّ لا یموت بردہانِ خود بِنہ مُہرِ سکوت
۶۰۔دل زپُر گُفتن بمیرد اندر بدن گرچہ گفتا رش بُوَد دُرِّ عدن
۶۱۔ہر کہ او بر عیبِ خود بِینَا شود رُوحِ او را قُوّتے پیدا شود
۶۲۔چوں شِکم را پاک داری از حرام مردِ ایماندار باشی وَالسّلام
۶۳۔ہر کہ باطِن ازحرامش پاک نیست رُوحِ اورا راہ سُوِ اَفلاک نیست
۶۴۔ہرکہ رااندرعمل اِخلاص نیست در جہاں از بندگانِ خاص نیست
۶۵۔عدل باید بادشاہاں را و داد تا زِ عدلش عالَمے گر دند شاد
۶۶۔گر کند آہنگِ ظُلمے پادشاہ سُودُ نکند مرو را گنج و سپاہ
۶۷۔اے برادرگر خِرد داری تمام نرم وشیریں گوئی بامردم کلام
۶۸۔درمیانِ دوستاں مسرور باش گر خبر داری ز دشمن دور باش
۶۹۔قربِ سلطان آتشِ سُوزاں بود با بداں الفت ہلاکِ جاں بود
۷۰۔زالِ دنیاچوں عُروسِ آراست ست در دوروزے شُوئے دیگر خواست ست
۷۱۔خواب وخور جُز پیشۂ اَنعام نیست خفتگان رابہرہ از اِنعام نیست
۷۲۔ظاہرِ خود را مَیَارا اے فقیر تاکہ گردد باطنت بدرِ منیر
۷۳۔مردِ راہ را بُودِ دنیا سُود نیست ہر گِزش اندیشۂ نا بُود نیست
۷۴۔حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
۷۵۔مرد تا ننہد بفرقِ نَفس پائے رہ کُجا یا بد بدرگاہِ خدائے
۷۶۔امر ونہیِ حق ز قرآن گوش دار جائے شادی نیست دنیا ہوش دار
۷۷۔اے برادر ترکِ عِزّ وجاہ کُن خویش را شائستۂ درگاہ کُن
۷۸۔اِکتفا بر روزیٔ ہر روزہ کن گرنداری از خدا دریُوزہ کن
۷۹۔چونکہ دل بے یادِ اللّٰہت بوَد دیوِ ملعون یار و ہمراہت بوَد
۸۰۔مالِ دنیا خاکساراں را دہند آخرت پرہیز گاراں را دہند

marfat.com

۸۱۔فقرِ خود را پیشِ کس پیدا مکن — محنتِ امروز را فردا مکن
۸۲۔مر ترا آنکس کہ فردا جاں دہد — غم مخور آخر کہ آب وناں دہد
۸۳۔بر توکّل گر بود فیروزیت — حق دہد مانندِ مُرغاں روزیت
۸۴۔جنبشے کن اے پسر غافل مباش — چوں بلی گفتی بہ تَن تنبل مباش
۸۵۔وقتِ طاعت تیز رو چوں باد باش — وز ہمہ کارِ جہاں آزاد باش
۸۶۔منزلت دورست وبارت بس گراں — کوششے کن پس مَمان از دیگراں
۸۷۔نیست برتن بہتر از تقویٰ لباس — در تکلّف مَرد را نبوَد اَساس
۸۸۔خود ستائی پیشۂ شیطان بَود — ہر کہ خود را کم زند مردآں بوَد
۸۹۔گفت شیطان من زآدم بہترم — تا قیامت گشت ملعون لاجَرم
۹۰۔از تواضع خاک مردم می شود — نورِ نار از سر کشی گم می شود
۹۱۔شد عزیز آدمؑ چو استغفار کرد — خوارشد شیطان چو استکبار کرد
۹۲۔ہر کہ خَلق از خُلقِ او خوشنود ست — ہیچ قدرش بر درِ معبود نیست
۹۳۔روئے جنت راکجا بیند بخیل — پشۂ اوفتادہ زیرِ پائے پیل
۹۴۔تادِلت آرام یا بد اے پسر — بُود و نا بُودِ جہاں یکسر شمر
۹۵۔ہر چہ باشد در شریعت ناپسند — دور باش از وے چوہستی ہوشمند
۹۶۔بہر زر مستائے دنیا دار را — تاچہ خواہی کر دن ایں مُردار را
۹۷۔مال وزرِ بے حد بدست آوردہ گیر — بعد ازاں در گور حسرت بردہ گیر
۹۸۔عام را نبود بجز ذکرِ زباں — ذکرِ خاصاں باشد از دل بیگماں
۹۹۔ذکر بے تعظیم گفتن بدعت است — واندرآں یک شرطِ دیگر حرمت است
۱۰۰۔لَب مُجنباں جزبذکرِ کردگار — زانکہ پاکاں را ہمیں بُوذ ست کار
۱۰۱۔حرص بگذار وقَناعت پیشہ کن — آخر از مُردن یکے اندیشہ کن
۱۰۲۔بندہ را گر نیست درکارِ رِضا — کے تواند باز گرداند قَضا

marfat.com

۱۰۳۔ہر کہ او استیزہ با سلطان کند　　کارِ خود را سر بسر ویراں کند
۱۰۴۔نشنود از دوست مُدبَر پندرا　　از جہالت بگسلد پیوند را
۱۰۵۔عبرتے گیراز زمانہ اے جواں　　تا نباشی از شمارِ مدبراں
۱۰۶۔ذرۂ آتش چو شد افروختہ　　بنی از وے عالمے را سوختہ
۱۰۷۔آتشِ اندک تواں کُشتن بآب　　وائے آں ساعت کہ گیرد التہاب
۱۰۸۔گر ترا از دوستا ں آید عتاب　　کم بقا باشد چو خط برروئے آب
۱۰۹۔زاغ چوں فارغ زبوئے گل بَود　　نفرتش از صحبتِ بلبل بود
۱۱۰۔علم را بے عقل نتواں کار بست　　پیش بے عقلاں نمی باید نشست
۱۱۱۔بے خرد دانش وبال ست اے پسر　　علم مرغ وعقل بال است اے پسر
۱۱۲۔ہر کہ علمے دارد و نبود بر آں　　از طریقِ عقل باشد برکراں
۱۱۳۔ہر کہ بے اندیشہ گفتارش بود　　پس ندامتہائے بسیارش بود
۱۱۴۔چو ں سوال آورد گردد خوار مرد　　ماند تنہا ہر کہ استخفاف کرد
۱۱۵۔ہر کہ نکند احتیاطِ کارہا　　بردلش آ خر نشیند بار ہا
۱۱۶۔وائے مسکین کہ غرقِ وام شد　　ہر دمش از غصہ خوں آشام شد
۱۱۷۔آنکہ کارش بر مرادِ دل بود　　در بقا افز ونیش حاصِل بود
۱۱۸۔ہر کہ آہنگِ سبُکساری کند　　زآبروئے خویش بیزاری کند
۱۱۹۔جز حدیثِ راست بامردم مگوی　　تا نگردد آبرویت آبجوی
۱۲۰۔تا بماند رازِ ت از دشمن نہاں　　سِرِّ خود با دوستاں کمتر رساں
۱۲۱۔جبروحلم تریاقِ دل اند　　حرص وبغض وکینہ زہرِ قاتل اند
۱۲۲۔فخرِ جملہ عملہا ناں دادن است　　در بروئے دوستاں بکشادن است
۱۲۳۔تکیہ کم کن خواجہ برکردار خویش　　دل بِنہُ بررحمتِ جبّارِ خویش
۱۲۴۔بہترینِ خصلت اگر دانی کراست　　آنکہ داد انصاف وانصافش نخواست

marfat.com

۱۲۵۔از خدا خواہ آنچہ خواہی اے پسر نیست در دستِ خلائق خیر وشرّ
۱۲۶۔بندگان را نیست ناصر جز الٰہ یاری .از حق خواہ واز غیرش مخواہ
۱۲۷۔آنکہ ازقہرِ خدا ترسد بسے بیگماں ترسند از وے ہرکسے
۱۲۸۔سفلہ را بامروّت ننگری ہیچ بد خوئے نیابد مہتری
۱۲۹۔صدقہ کالُودہ گرددبارِیا کے بودآن خیر مقبولِ خدا
۱۳۰۔تاتوانی دور باش از سود خوار زانکہ ہست از دشمنانِ کِرد گار
۱۳۱۔آ نکہ باتوروزِ غم بُود ست یار روزِ شادی ہم پُرسش زینہار
۱۳۲۔معرفت فانی شدن دروے بود ہر کہ فانی نیست عارف کے بود
۱۳۳۔ہمّتِ عارف لِقائے حق بود زانکہ درحق فانی مطلق بود
۱۳۴۔بندۂ چوں خدمتِ مرداں کند خدمتِ او گنبدِ گرداں کند
۱۳۵۔می دہد ہر خادمے رامستعان اجر ومُزدِ صائماں وقائمان
۱۳۶۔ہر کہ خادم شد جَنَانش می دہند ہم ثوابِ غازیانش می دہند
۱۳۷۔ہر کراشد طبع از مہماں ملول از وے آزردہ خداؤ ہم رسول ﷺ
۱۳۸۔ہر کہ مہمان را بروئے تازہ دید از خدا الطافِ بے اندازہ دید
۱۳۹۔از وفاتِ دشمناں شادی مکن از کسے پیشِ کس آزاری مکن
۱۴۰۔ہر سحر بر خیز واستغفار کن فرصتے اُکنوں کہ داری کارکن
۱۴۱۔تاتوانی حاجتِ مسکین برآر تا برآرد حاجتت را کرد گار
۱۴۲۔ہرکہ بااندک زحق راضی شود حاجتِ او را خدا قاضی شود
۱۴۳۔در رخِ مردِ سخی نور وصفا ست زانکہ در جنت قرینِ مصطفیٰ ست
۱۴۴۔گرفرح داری زفضلِ حق رواست لیک از دنیا فرح جستن خطا ست
۱۴۵۔تا فزاید قدرو جاہت را خدا روز وشب می باش دائم در دعا
۱۴۶۔گر بخوانی اب ومامت را بنام نعمتِ حق برتو می گردد حرام

marfat.com

۱۴۷۔از گدایاں پار ہائے نا ں مخر — زانکہ می آرد فقیری اے پسر
۱۴۸۔خرج را بیر ون زا ندازہ مکن — خشک رِیشِ خویش را تازہ مکن
۱۴۹۔از حضورِ صالحاں صالح شوی — ور نشینی با بداں طالح شوی
۱۵۰۔ہر کہ او باصالحاں ہمدم شود — در حریمِ خاصِ حق مَحرَم شود
۱۵۱۔ہر کہ درراہِ حقیقت سالک است — روز وشب خائف زقہر مالک است
۱۵۲۔بر سرِ بالینِ بیماراں گذر — زانکہ ہست ایں سُنّتِ خیرالبشر ﷺ
۱۵۳۔آ نکہ خنداند یتیمِ خستہ را — باز یابد جنتِ در بستہ را
۱۵۴۔چوں یتیمے را کسے گریاں کند — مالک اندر دوزخش بریاں کند
۱۵۵۔تاشود دین تو صافی چوں زُلال — باش دائم طالب قُوتِ حلال
۱۵۶۔ہر کہ او ترکِ اقارب میکند — جسمِ خود قُوتِ عقارب میکند
۱۵۷۔گر چہ خویشاں تو باشند از بداں — بد تر از قطعِ رَحم چیزے مداں
۱۵۸۔اے پسر خود را بدرویشاں سُپار — تا نگہدارد ترا پروردگار
۱۵۹۔بافقیراں ہر کہ ہمدم می شود — در سرائے خُلد مَحرم می شود
۱۶۰۔در بلا یاری مخواہ از ہیچ کس — زانکہ نبود جزخدا فریاد رس
۱۶۱۔ہر کجا تہمت بود آنجا مرو — راہِ حق را ہمچو نا بینا مرو
۱۶۲۔شاد اگر داری درونِ خستہ را — بازیابی جنتِ در بستہ را
۱۶۳۔یاالٰہی رحم کن برما ہمہ — عفو کن جملہ گناہِ ماہمہ
۱۶۴۔عاجزیم و خجلہا کردہ بسے — نیست مارا غیرِ تو دیگر کسے
۱۶۵۔گر بخوانی ور برانی بندہ ایم — ہر چہ حکمِ تست زاں خُرسَندہ ایم
۱۶۶۔ہر کہ اینہارا بداند عاقل است — وانکہ اینہا کار بندد کامل است
۱۶۷۔در جَو ارِ انبیاء دارالسّلام — ہمنشینِ اولیاء باشد مُدام
۱۶۸۔یارب آں ساعت کہ جاں برلب رسد — جسمِ پژمُردہ بتاب و تب رسد

marfat.com

۱۶۹۔شربتِ شہدِ شہادت نوشیم — خِلعتِ راہِ سعادت پُوشیم
۱۷۰۔چوں ندارم در دوعالم جز تو کس — ہم تومی باشی مرا فریاد رس

۱۷۱۔رحمتے ماند بسے از ذوالجلال — بررُوانِ پاکِ آں صاحبِ کمال
۱۷۲۔کیں ہمہ دُرّ ہا بنظم آوردہ است — غوطہا در بحرِ معنیٰ خوردہ است
۱۷۳۔سینہارا خامشی گنجینۂ گو ہر کند — یاددارم از صدف ایں نکتۂ سر بستہ را
۱۷۴۔بطبعم ہیچ مضمون بہ زِلب بستن نمی آید — خموشی معنئ دارد کہ در گفتن نمی آید
۱۷۵۔اہل دیں را ایں کافی بود — اہل دنیا را ہمیں وافی بود

احوال زندگی شیخ فریدالدّین عطّارؒ

نام: محمد بن ابوبکر ابراہیم بن اسحاق

لقب: فریدالدّین ابوحامد اور ابوطالب کنیت ہے۔فرید تخلص ہے اور آبائی پیشہ کے اعتبار سے عطّار بھی مشہور ہیں۔

پیدائش: ۵۱۳ھ میں گدہ کن نامی قصبہ جو نیشاپور کے علاقہ میں ہے، وہاں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی مشہور عطار تھے۔چنانچہ ابتدائی ایام زیست میں اسی سے متعلق رہے غالباً فن طب انہی اوقات میں حاصل کیا۔دسترس کیا ید طولیٰ کے مالک ہوئے۔فن طب میں شیخ کے اساتذہ کا نام یا کسی جامعہ ومدرسہ کا نام ہنوز پردۂ خفا میں ہے۔بہرحال آپ کا اپنا مطب تھا جس میں سینکڑوں مریض روزانہ آتے تھے اور اسی دوران شیخ تصنیف وتالیف کے شغل سے بھی لاتعلق نہ رہے۔تصوّف آپ کا پسندیدہ موضوع ہے۔

آپ علم تصوّف اور علم اخلاق کے سربرآوردہ اور سرخیل لوگوں میں سے ہیں۔ناموری اور شہرت آپ پر بجا طور پر فخر کناں ہے آپ ایسے نامور اساتذہ فن میں سے ہیں کہ جن کے اقوالِ زرّیں اور جواہرِ حِکَم پر آج تک لوگ سر دھنتے ہیں اور ان کی عقدہ کشائی پر رطب اللّسان ہیں۔اس کائنات رنگ وبو میں اور اس عالم کون ومکان میں کتنے ہی ایسے نامور اور عظیم ابطال آئے ہیں کہ جن کے اس جریدۂ عالم پر نقش دوام ثبت ہیں اور جن کے برگ سبز

marfat.com

کوخزاں کی چیرہ دستیاں خشک نہ کرسکیں۔ان کے گلہائے تروتازہ کی لطافت ونزاکت اور رنگ وخوشبوکوگردش لیل ونہار مدھم ودھیمانہ کرسکی بلکہ ان کی خوشبوچمن سے بیرون چمن بھی پہنچی۔ چنانچہ شیخ عطارؒ بھی مشرق کے ان علمائے ربانیین میں سے ہیں کہ جن کا شہرہ اور ناموری تمام حدود کوعبور کرتی ہوئی مغرب کے دیار میں پہنچی اوران کے علم واخلاق کے چشمۂ شیریں وصافی سے اپنے اور بیگانے بیک وقت شادکام ہوئے اورکئی گم گشتہ راہ ہدایت یافتہ ہوئے فنافی اللہ اور بقاباللہ کے روحانی مدراج طے کرنے کے بعد جواقوال ایسے حق وخودآگاہ لوگوں کی زبان سے نکلتے ہیں یاان کی نوک قلم صفحۂ قرطاس پرتسوید کرتی ہے۔تو حضرت حق ایسے اقوال اورتحریروں کوحیات جاوید عطافرماتے ہیں جومرورِوقت کے ساتھ ساتھ روشن تر ہوتے جاتے ہیں۔چنانچہ اسی پس منظر میں آپ محض ایک ادیب یاشاعر ہی نہیں بلکہ ایک عظیم اورنامور معلم اخلاق اورعلم تصوف کے ماہرترین اتالیق بھی ہیں۔

اس دور کے طور،طریق کے مطابق شیخ نے بھی سیاحی کی۔پتہ نہیں کیسے تصنیف وتالیف کاشغل اورمطب میں دکھی انسانیت کی خدمت کوخیر باد کہا،سب کچھ تیاگ دیااورراہ خدا میں لٹا کرسوئے منزل حقیقی گامزن ہوئے۔کیوں؟اصل سبب کیا تھا؟ناقدین ومئورخین اس کو مانیں یانہ مانیں۔اس کوصحیح اوردرست تسلیم کریں یانہ کریں۔بہرحال شیخ جامیؒ نے یہی لکھا ہے کہ،دکان کے کاروبار میں منہمک تھے کہ ایک روز اچانک ایک فقیرآیااوراس نے خداکے نام پرسوال کیا۔اس کی صداشاید شیخ کے کانوں تک نہ پہنچ سکی ہو یاتوجہ وانہماک کی وجہ سے دھیان نہ ہوا ہو۔فقیر نے بگڑکرکہا کہ دنیا میں اتنا انہماک !مروگے کیسے؟غصیلا جواب فطری امرتھا۔شیخ نے فرمایا،تیری مثل،۔فقیر یہ سنتے ہی کاسہ گدائی کوسر کے نیچے رکھ کر دراز ہوگیااوراللہ اکبرکہہ کر جاں جان آفرین کے حوالے کرگیا۔بعض روایات میں ہے کہ الاّ اللہ کانعرہ لگاکروہ جاں بحق ہوگیا۔

نفس وحیات پراس قدرقدرت وتصرّف کودیکھ کرشیخ حیران اوردم بخودرہ گئے۔وار کاری تھا،اثرکرگیا۔دل کی دنیاتھل پتھل ہوگئی اب نہ چین تھا نہ سکون اورنہ قرار۔دکان

marfat.com

ومال خیرات کر کے شیخ تارک الدنیا ہو گئے۔

نسبت بیعت ِارشاد وتوبہ میں آپ کا سلسلۃ الذھب شیخ مجد الدّین بغدادخوارزمی سے ملتا ہے جو شیخ نجم الدّین کُبریٰ کے مشہور خلیفہ تھے۔

آپ کے احوال وواقعات تقریباً تمام کتب میں دستیاب ہیں اور بلا خلاف بھی۔شیخ کی عظمت وجلالتِ علمی کے لئے کافی اور بس ہے کہ مولائے روم، شیخ جلال الدّین رومیؒ بھی بچپن میں آپ کی خدمت میں باریاب رہے ہیں۔اسی دوران شیخ فریدؒ نے اپنا رسالہ ''اسرار نامہ'' انہیں عطا فرمایا تھا۔''حیدری نامہ'' کے حوالہ سے یہ سمجھ آتا ہے کہ آپ نے ابتدائی مقامات سلوک اور تعلیمِ تصوف قطب عالم حیدرؒ سے حاصل کی تھی۔آپ کی تصنیفات وتالیفات کے مطالعہ سے آپ کی وسعت علمی اور عمقِ مطالعہ کا احساس ہوتا ہے۔اور ساتھ ساتھ یہ بھی مترشح ہوتا ہے کہ آپ کی جملہ تصانیف کا محور ومرکز اخلاق عالیہ کی تدریس اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کا احیاء ہے۔یہی نہیں بلکہ وہ ان تعلیمات کی بھٹی سے کُندن بن کر نکلنے کی تاکید کرتے ہیں اور سب سے پہلے خود ان پر عمل پیرا بھی ہوئے ہیں اور یقین کے نور سے منور وروشن ہو کر پھر داعی ومصلح بنے ہیں۔

آپ کی جملہ تصانیف کی تعداد ۱۱۳ تک ہے جیسا کہ مشہور ہے کہ آپ کی مثنویوں کے علاوہ تقریبا چالیس ہزار اشعار مزید بھی ہیں۔جو شیخ کی دستگاہ ودسترس کے تعمق کا گہرا احساس وادراک کا شعور دلانے کو کافی ہے۔اسرار نامہ، الٰہی نامہ، مصیبت نامہ، جواہر الذّات، وصیت نامہ، بلبل نامہ، حیدر نامہ، شتر نامہ، مختار نامہ، شاہنامہ، منطق الطیر، آپ کی مشہور کتب ہیں۔طرز بیان اور انداز کلام سے ہر ایک مصنف کے رجحان کا اندازہ، علمی ادراک رکھنے والوں کو بخوبی ہو جاتا ہے اور وہ سچّے موتیوں کو جھوٹے موتیوں سے ایک ماہر جوہری کی طرح پہچان لیتے ہیں۔چنانچہ ہر مشہور آدمی کے طرح آپ کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوا کہ آپ کی شہرت علمی سے متاثر ہو کر چند اور لوگوں نے آپ کے نام سے منسوب کر کے، بعض کتب مدوّن ومرتّب کر کے، یا لکھ کر ملحق کر دی ہیں ان کے مطالعہ سے ادنیٰ

marfat.com

ممارست علمی رکھنے والا بھی بخوبی یہ پہچان لیتا ہے کہ یہ انداز تحریر حضرت شیخ کا نہیں ہے۔ چنانچہ ان کے طرز بیان اور اسلوب کلام کے ممتاز ونمایاں ہونے کی وجہ سے محققین کا یہ خیال ہے کہ بعض کتابیں غلط طور پر آپ سے منسوب کردی گئی ہیں۔ اسی سلسلہ کی شاخسانہ ایک کتاب ''مظہر العجائب'' غلط طور پر آپ کی طرف منسوب ہے اور اسی کو بنیاد بنا کر بعض خام اور کم عقل لوگ آپ کو اثنا عشری قرار دے دیتے ہیں۔ حالانکہ شیخ کی ساری زندگی اور دیگر تمام کتب اس کی شاہد عادل ہیں کہ آپ نے تمام عمر خلفائے راشدین کی مدح سرائی میں بسر کی ہے اور ان کو برملا حق کہا ہے۔ چنانچہ عدل وانصاف سے یہ بعید ہوگا کہ غلط طور پر منسوب کی گئی ایک بے ذوق اور بے مزہ مواد وتحریر والی کتاب کو بنیاد بنا کر رِفض کو شیخ کی طرف منسوب کردیا جائے۔

حضرت شیخ فریدالدّین عطارؒ کی تاریخ وصال میں اقوال مختلف اور متفرق ہیں۔ البتہ شیخ جامیؒ نے ۶۲۷ھ تحریر فرمائی ہے۔ آپ کی شہادت کے بارے مشہور قول ہے کہ فتنۂ تاتار کے دوران آپ ایک مغل کے ہاتھوں شہید ہوئے اور جب اس مغل کو آپ کی عظمت وشہرت اور مقام علمی کا پتہ چلا تو ان کی بزرگی وجلالت سے متأثر ہوکر اپنی خطا پر نادم ہوا اور مسلمان ہوکر آپ کی قبر انور پر مجاور بن گیا۔ سبحان اللہ آپ کی وفات بھی ایک بے دین کی ہدایت کا سبب بن گئی۔ شیخ عطارؒ کا مقبرہ نیشاپور کے اطراف میں آج بھی مرجع خاص وعام ہے۔ تصوف میں مقام ومرتبہ کے تعین کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ مولانا رومؒ جیسا شخص اپنے کو آپ کا پیروکار قرار دیتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ مُّحِبِّیْہِ وَمُتَّبِعِیْہِ۔ آمین

marfat.com

احوال شیخ مصلح الدّین سعدی شیرازی

مصلح الدّین لقب اور سعدی تخلص فرماتے تھے۔ والد گرامی اتا بک سعد بن زنگی بادشاہ شیراز کے درباری ملازم تھے۔ اسی نسبت سے سعدی تخلص تھا سن ولادت کے بارے حتمی طور پر کچھ مذکور نہیں۔ پردۂ خفا میں ہے۔ لیکن وفات پر سب متفق ہیں کہ جو ۶۹۱ھ میں ہوئی۔ عمر کی مدت بھی عام تذکروں میں مختلف فیہ ملتی ہے۔ کہیں ۱۲۰ سال اور کہیں ۱۰۲ سال۔ مؤخر کو ہی اگر تسلیم کر لیا جائے تو اس حساب سے سال ولادت غالباً ۵۸۹ھ قرار پاتا ہے۔

شیخ کی اپنی تصریح کے مطابق کہ وہ یکے از شاگردان ابوالفرج ابن جوزیؒ ہیں۔ آپ بغداد کے مشہور محدّث مگر بے رحم نقاد بھی تھے اور اپنے گھر ہی درس دیا کرتے تھے۔ شیخ علامہ ابن جوزیؒ کا سن وصال ۵۹۷ھ ہے۔ تو یوں بچپن میں ہی آپ تحصیل علم کے لئے عازم بغداد ہوئے ہونگے جبکہ آپ کی تحریروں سے آپ کی بچپن کی ابتدائی تعلیم زیر سایہ پدر تحصیل ہوتی نظر آتی ہے اگر چہ والد گرامی کا سایہ بچپن سے ہی سر سے اٹھ گیا تھا اور مادر مہربان جوانی کے زمانہ تک بقید حیات تھیں کیونکہ شیخ کی ایک حکایت سے اس کی بھی تصریح ہوتی ہے۔ بچپن کے حالات کچھ تو تذکرہ نویسوں نے اکٹھے کئے ہیں اور کچھ آپ نے خود اپنے بچپنے کے واقعات نظم فرما دیئے ہیں جو بالارادہ نہیں بلکہ ضرورتاً حکایتوں یا نظموں کا حصہ بنے ہیں۔ اس لئے شیخ کے بیانات سے بہت سی دلچسپ باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

شیخ کو والد گرامی محبت اور مزید تعلیم و تربیت کے خیال سے ہمیشہ ساتھ رکھتے تھے۔ ان کے والد ان کی تربیت گویا ایک عارف و سالک کی طرح کرتے تھے جو اپنے کسی مرید کو زیر نگاہ پروان چڑھاتا ہو اور اس کی روحانی تعلیم بھی کرتا ہو۔ مگر وائے شیخ بوجہ وفات پدر، شفقت پدری کے ساتھ اس ناز و نعمت سے بھی محروم ہو گئے جو شیخ کو زیر سایۂ پدر میسر تھی۔ لہٰذا سامان راحت و آرام جاتا رہا۔ لیکن والدہ ماجدہ ابھی زندہ تھیں چنانچہ جوانی تک ان سے اخلاقی درس اور سبق کا ثمر شیریں شاد کام کرتا رہا۔

marfat.com

شیراز میں تحصیل علم کا ہر سامان اتا بک مظفر الدّین کی وجہ سے میسّر وفراواں تھا۔لیکن کسب کمال اور تحصیل علوم کی نہایت کو پانے کے لئے اس دور میں ممالکِ دور دراز، امصار بعیدہ کا سفر اور مشہور درسگاہوں میں حاضری غالبًا امر لازم خیال ومتصوّر تھا۔لہٰذا اس زمانہ کی جامعہ، نظامیہ بغداد تھی جس کی شہرت چار دانگ عالم میں ہر سو بسیط تھی۔شیخ نے نظامیہ بغداد میں تحصیل علوم کی۔

بعد از فراغت وطن مالوف لوٹے تو حالات کو موافق طبع نہ پایا۔چین، سکون اور آرام میسر نہ ہوا تو سیر وسیاحت کے لئے نکل کھڑے ہوئے۔عام تذکرہ نویسوں کے مطابق یہ مدت دراز بیس ۲۰ سال بنتی ہے۔چنانچہ اس سیر وسیاحت کہ جس کی اغراض مختلف ہوا کرتی ہیں۔شیخ نے کثیر جہتوں سے رنگ کا ئنات اور صنعت باری تعالی کو جلوہ گر دیکھا۔چونکہ شیخ شاعر، صوفی، فقیہہ، واعظ، رند، حسن پرست، فطرت پرست، شوخ طبع اور نہایت دقیق النظر تھے۔اس لئے انہوں نے عالم بوقلموں کی نیرنگی کو اور اس تماشا گاہ عالم کو ہر ہر پہلو اور ہر ہر زاویہ سے دیکھا ہوگا بچپن کی تربیت سے طبع میں زہد وریاضت بھی تھا اور باریک بینی کی وجہ سے نکتہ رس بھی تھے حج وزیارت بھی سامان زیست میں تھا نفس کشی بھی کرتے تھے۔صبر ورضا کی تعلیم اگر زیب داماں تھی تو تصوف وسلوک کی تعلیمات میں شیخ شہاب الدّین سہروردیؒ کے چشمہ فیض رسا سے سیراب شدہ اور حظّ یافتہ تھے۔سیاحت کی بدولت ہی تو تزکیہ نفس کے تمام مراحل ومراتب طے کئے۔

شیخ کی آزادروی اور تجرّد وتفرید پسندی سے یہ قیاس کہ وہ عیال داری اور خانہ گیری کے جھگڑوں میں نہیں پڑے ہونگے مگر تاریخی اوران کی اپنی تحریروں سے یہ پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے اس تجربہ گاہ کی بھی سیر کی ہے۔بیت المقدس میں قید ہونا اور رہا ہو کر حلب میں اپنے چھڑانے والے کی زباں دراز صاحبزادی سے اور دوسری مرتبہ صنعاء (یمن) میں نکاح کا اتفاق ہوا۔اور اس سے اولاد بھی پیدا ہوئی جو بچپنے میں ہی جاتی رہی اور اس پر شیخ دکھی اور آزردہ بھی ہوئے۔''بوستان'' میں اس کی تفصیل درج ہے۔

marfat.com


کنی مضارع از مصدر کردن، بمعنی فعل مستقبل تو کرے گا یا کردے گا۔

ازیں از+ایں، اس سے

لحد قبر

نمبر ۵۰

اندرآں دم جس گھڑی میں بری مضارع از مصدر بردن،

marfat.com

لے جانا مراد نکالنا ہے۔

بانورایمانم — مجھے ایمان کی روشنی کے ساتھ

نمبر ۵۱

نَفسِ امّارہ — برائیوں کا حکم دینے والا

نَفس — سانس، روح، نیت، ذات

شاکر — شکرگزار

وانگہے — وآں گہے، اسوقت، پھر

قادر — قدرت رکھنے والا، قابو پانے والا

بُوَدْ — مضارع از مصدر بودن، ہونا، ہو

نمبر ۵۲

ہرکہ — جو، اسم موصول

خشمِ خود — مرکب اضافی، اپنا غصہ

فروخورد — نگلنا، پینا، مصدر فروخوردن

رُستگاران — جمع رستگار کی، چھٹکارا پانے والا اسم فاعل، خلاصی پانے والا

نمبر ۵۳

درویشی — فقیری

سخت — مشکل، ناقابل برداشت

ہم — بھی، تاہم

خوبتر — زیادہ بہتر، اچھی، تفضیلِ بعض ہے۔

نمبر ۵۴

تَوسَن — سرکش گھوڑا۔ یہاں پر نفس کی صفت ہے، سرکش نفس

رام شد — فرمانبردار، مطیع، رام شدن سے

نیکونام — صفت ترکیبی، نیک نام والے

نمبر ۵۵

ریاضت — عبادت، مشقت والی

گوشمال — کان مَل یعنی سزا دے، گوش مالیدن مصدر سے ہے۔

تا — کلمۂ تحذیر، تاکہ، ہرگز

نَیَنْدازد — فعل مضارع منفی از مصدر انداختن ڈالنا، پھینکنا، نہ ڈالے

وَبال — مصیبت

marfat.com

نمبر ۵۶

آنکہ جو

رنجاند متعدی بالواسطہ از مصدر رنجیدن، رنجانیدن، رنجاندن، دکھ دینا، رنج دیناستانا

عذر معذرت

پذیر امر از مصدر پذیرفتن، ماننا قبول کرنا

بیابی مضارع از مصدر یافتن، پانا، تو پائے

مغفرت بخشش، معافی

مگیر نہی از مصدر گرفتن پکڑنا، مت پکڑ

نمبر ۵۷

حق اللہ تعالیٰ

ندارد مضارع منفی از مصدر داشتن رکھنا

دوست محبوب، پیارا، یہ امر اور حاصل مصدر ہے از مصدر دوستیدن، چپکنا، پیوستہ ہونا

خَلُق آزار مخلوق کو ستانے والا، اسم فاعل ترکیبی ہے آزردن مصدر سے آزار امر ہے اور خلق اسم ہے۔

یکے کوئی، کسی

دیندار دین والا، دین پر عمل پیرا، اسم فاعل ہے

نمبر ۵۸

رَوُ امر از مصدر رفتن، جا۔ بمعنٰی چُناں زِیٔ!

غِیبت پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا

بِہ بَند روک لے، امر از مصدر بستن، روکنا، بند کرنا۔

بند قید

دست و پائے خود اپنے ہاتھ اور پاؤں، مرکب اضافی۔

نہ بینی نہ دیکھے، مضارع منفی

نمبر ۵۹

گر اگر، حرف شرط

خبرداری مضارع از خبر داشتن، آگاہ ہونا باخبر ہونا۔

حَیٌّ زندہ، اللہ تعالیٰ کا نام

marfat.com

ہمیشہ سے زندہ

لَایَمُوْتُ وہ جوفوت نہیں ہوگا اور دائمی، ابدی رہیگا۔

دَھان منہ، اسکا مخفف دھن ہے

بُنہ امر از مصدر نہادن، رکھ، لگا

سکوت خاموشی، چپ

نمبر ۶۰

پُرگفتن زیادہ بولنا

بمیرد مضارع از مصدر مردن، مرنا

گفتار حاصل مصدر از گفتن، بول، باتیں

گرچہ اگر+چہ، ش ضمیر ہے، اس کی

دُرّ موتی (در مضاف ہے)

عَدَنْ شہر کا نام (جو مشہور بندرگاہ بھی ہے جنوب عرب میں واقع ہے، وہاں کے موتی مشہور ہیں۔)

نمبر ۶۱

بینا اسم فاعل از مصدر دیدن دیکھنا

قُوَتے طاقت، یاء وحدت نکرہ، ایک خاص طاقت مراد

فراست وبصیرت ہے

برعیبِ خود اپنے عیوب پر، خامیوں پر

نمبر ۶۲

شِکَم پیٹ

داری مضارع از مصدر داشتن، رکھنا

حرام ناجائز، جو حلال نہ ہو

ایماندار ایمان والا

باشی مضارع از مصدر بودن ہونا (بود، باشد دونوں مضارع ہیں)

والسّلام اور تجھ پر سلامتی ہو، اور سلام پہنچے

نمبر ۶۳

باطن اندر، پیٹ

روح جان

سُوْ طرف، جانب

اَفْلاک فلک کی جمع مراد آسمان ہے

نمبر ۶۴

اِخْلاص پاک اور خالص، بے رعا

marfat.com

اعمال وعبادت

بندگانِ خاص مرکب توصیفی، مقربان بارگاہ جو خدا تعالیٰ کے خاص بندے ہوں

نمبر ۶۵

عدل انصاف، داد

باید بائستن کا مضارع، چاہیے

پادشاہان پادشاہ کی جمع، پاد بمعنی تخت ہے اور شاہ بمعنی والا، صاحب تخت، حکمرانوں کو

گردند گشتن مصدر سے مضارع، ہونا

شاد خوش

داد انصاف، عدل

نمبر ۶۶

آہنگ ارادہ

ظلمے کوئی ظلم یا معمولی سا ظلم، زیادتی

سود فائدہ، بھلا، سود کردن بھلا کرنا فائدہ دینا۔

مرورا مر+او+را، اس کو (مر زائدہ)

گنج وسپاہ مرکب عطفی، خزانہ اور لشکر

نمبر ۶۷

خِرَد عقل

داری مضارع از مصدر داشتن، رکھنا

تمام پوری، ساری (عقل کی صفت ہے)

نرم ملائم

شیریں میٹھی

گوئی تو کہے۔ مضارع از گفتن، بولنا

مردم لوگ

کلام بات، گفتگو

نمبر ۶۸

مسرور خوش

باش امر از مصدر بودن، رہنا

خبرداری تو آگاہ یا باخبر ہے

نمبر ۶۹

قُربِ سلطان بادشاہ کا قرب

آتشِ سُوزاں مرکب توصیفی، جلانے والی آگ سوزاں از مصدر

marfat.com

سوختن سے اسم فاعل ہے

جلنا، جلانا

بَداں — بد کی جمع، برے لوگ

الفت — محبت، دوستی

ہلاکِ جان — جان کی ہلاکت، بربادی

نمبر ۷۰

زَالِ دنیا — دنیا کی بوڑھی عورت، مرکب اضافی۔

زال — سفید بالوں والا مرد یا عورت، بڑھیا

عُرُوس — دلہن (موصوف ہے)

آراست — بمعنی آراستہ ہے، سجی دھجی ہوئی آراستن، سنوارنا مصدر سے، اسم مفعول ہے۔

شُوء — شوہر، دیگر، دوسرا۔ مرکب توصیفی ہے

خواست — ماضی مطلق بھی ہے مگر یہ خواستہ کے معنی میں بھی ہے چاہا ہوا

نمبر ۷۱

خواب وخور — سونا اور کھانا، حاصل مصدر

ہیں

پیشہ — طریقہ، عادت

اَنعام — چوپائے، ڈھور ڈنگر، نَعَم کی جمع

خُفتگاں — خُفتَہ کی جمع، سوئے ہوئے، صفت مُشَبّہ ہے۔

بَہرہ — حصہ، نصیبہ

اِنعام — عطا، بخشش (اللہ تعالیٰ کی نعمت)

نمبر ۷۲

مَیَارا — نہی، آراستن مصدر سے مت آراستہ کر نہ سجا۔

فقیر — رضائے خدا کا طالب اور تارک الدنیا ہونا

گردد — گشتن مصدر سے مضارع ہونا

باطِنَت — تیرا باطن، اندر

بَدرِ مُنیر — چودھویں کا پورا اور روشن چاند، ریا اور دکھاوا چھوڑ دے تا کہ باطن روشن ہو۔

نمبر ۷۳

مردِ راہ — سالک، تصوف اور سلوک

marfat.com

کی راہ پر چلنے والا، شریعت کا پابند۔

بُود ہونا از مصدر بودن، حاصل مصدر ہے

سُود فائدہ

اندیشہ فکر سوچ اندیشیدن مصدر سے

نمبر ۷۴

کلید چابی، اسم آلہ

سزا لائق ہونا، اہل ہونا، بدلہ، از مصدر سزیدن، لائق ہونا، سزاوار ہونا

نمبر ۷۵

نہد مضارع منفی از مصدر نہادن نہ رکھے

فَرق چوٹی، مانگ مراد سر ہے

کجا کہاں؟ حرف استفہام ہے

یابد پائے، مضارع از یافتن پانا

درگاہ بارگاہ، جناب

نمبر ۷۶

امر اللہ کے احکام جن کے کرنے کا حکم ہو

نہی جن امور سے منع کیا گیا ہو۔ مناھی

گوشدار امراز گوش داشتن، توجہ دینا، دِھیان سے سننا۔

جائے شادی خوشی کی جگہ

ہوش دار ہوش کر

نمبر ۷۷

ترک چھوڑنا

عِزّ وجاہ عزت اور مرتبہ، عہدہ

خویش را اپنے کو

شائستہ لائق، اہل

درگاہ بارگاہ خداوندی

کن امر از مصدر کردن، کر، بنا

نمبر ۷۸

اِکتفاء کافی سمجھنا

رُوزی رزق، نصیبہ

دریُوزہ بھیک، گدا، خیرات

نمبر ۷۹

چونکہ جب

بے یاد اللہ بے منفی کی سابقہ ہے اللہ تعالیٰ کی یاد اور ذکر کے

marfat.com

بغیر

ت ضمیر متصل ہے، تیرا

دیو مراد شیطان ہے یا نفس

ملعون لعنتی، پھٹکارا ہوا

یار مددگار

ہمراہ ساتھی

بُوَدْ ہو، ہوگا

نمبر ۸۰

مالِ دنیا دنیاوی مال و دولت

خاکسار خاک کی مانند، مٹی جیسا، ذلیل، کمینہ۔

دہند مضارع از مصدر دادن، دنیا

پرہیزگار اسم فاعل، متقی، گناہوں سے دامن کو مکمل طور پر بچانے والا۔

نمبر ۸۱

فَقْر ناداری، مفلسی، فقر اختیاری باعث فخر ہے اور اضطراری باعث ذلت ہے۔ حقیقی فقیر وہ ہے جو اللہ سے مانگے۔

پیدا ظاہر

محنتِ اِمروز آج کی مشقت مراد کمائی ہے جو مشقت کے بعد حاصل ہوتی ہے کل کے لئے آج پریشان نہ ہو۔

نمبر ۸۲

مرترا خاص تجھے

آنکس جو ذات، مراد اللہ تعالیٰ کی ہستی

غم مخور غم نہ کر، پریشان نہ ہو، نہی

آب و نان روٹی پانی

نمبر ۸۳

توکل خدا پر بھروسہ

فَیرُوزی کامیابی + ت ضمیر، تجھے

دہد دادن مصدر کا مضارع، دے گا

حق حق تعالیٰ

مانند مثل، کی طرح

مُرغاں مرغ کی جمع، پرندے

روزیت روزی + ت ضمیر، تیری روزی

marfat.com

نمبر ۸۴

جُنبش حرکت مراد عبادت ہے، حاصل مصدر ہے مصدر جُنبیدن سے، حرکت کرنا

غافِل مَباش غافل نہ ہو، نہی ہے

بَلیٰ ہاں، روزِ الست کا عہد، میثاق، اصل معنیٰ کیوں نہیں ہے (الست بربکم قالوا بلیٰ)

تَنُبَل ست، تن تنبل، ست جسم

مباش نہ ہو، نہی از مصدر بودن

نمبر ۸۵

طاعت فرمانبرداری وعبادت

تیزرو تیز چلنے والا، اسم فاعل

چُو باد چو+باد، ہوا کی طرح

وزہمہ کار اور تمام کاموں سے، کاروبار سے

نمبر ۸۶

منزلت تیری منزل، ٹھکانہ، جنت

بارت تیرا بوجھ، تکالیف شرعی یا معرفت الٰہی۔

گرَاں بھاری، بس، بہت

گُوشِشے از مصدر کوشیدن، کوشش کرنا، سعی کرنا یہ حاصل مصدر ہے، یاء نکرہ ہے قلت کے لئے۔

پَسَ مَمَانْ پیچھے نہ رہ، نہی از مصدر پس ماندن پیچھے رہ جانا۔

دیگراں دوسروں، دیگر کی جمع

نمبر ۸۷

تن جسم

تقویٰ پرہیزگاری، خوفِ خدا

تکلف بناوٹ، نقل، تصنع وغیرہ

نبود مضارع منفی، نہیں ہوتی

اَساس بنیاد، اصل، جڑ

نمبر ۸۸

خودستائی اپنی تعریف آپ کرنا، ستودن مصدر سے اسم فاعل خود ستا ہے یاء مصدریہ ہے

پیشہ عادت، طریقہ، طور

کم زند مضارع از کم زدن، گھٹیا شمار کرنا، کچھ نہ سمجھنا۔

خودرا اپنے آپ کو

marfat.com

مرد
نمبر ۸۹
شیطان

کامل مرد یا شخص
ناری مخلوق، عزازیل کا صفاتی نام، حریفِ آدمؑ، راندۂ درگاہ۔

بہترم
میں بہتر اور اچھا ہوں

گشت
ماضی مطلق از مصدر گشتن، ہونا

ملعون
لعنتی، پھٹکارا ہوا

لَاجَرَم
لازمی طور پر، یقیناً، لامحالہ
نمبر ۹۰

تواضع
عاجزی، خاکساری، فروتنی

خاک
مٹی

مردم
آدمی، انسان

می شود
فعل حال از مصدر شدن، ہونا بننا

سرکشی
سرکش اسم فاعل، یاء مصدر یہ، نافرمانی بغاوت۔

نُورِ نار
آگ کا نور مراد روشنی

گم میشود
فعل حال از مصدر گم شدن، گم ہونا یہاں پر مراد بجھ جانا ہے۔

نمبر ۹۱
عزیز
معزز، باعزت

آدمؑ
حضرت آدم علیہ السلام

خوار
ذلیل

اِستکبار
غرور و تکبر کرنا، بڑائی کا اظہار کرنا

اِستغفار
بخشش طلب کرنا، معافی مانگنا

نمبر ۹۲
ہر کہ
جو، جس کے

خَلق
مخلوق، دنیا، لوگ

خُلق
اخلاق، عادت

خوشنود
خوش

ہیچ
کچھ، یا نہ کے معنی میں

قدر
عزت، مرتبہ

درِ معبود
خداوند تعالیٰ کی بارگاہ، جناب

بر
حرف جار، مراد میں ہے

نمبر ۹۳
روئے جنت
جنت کا منہ، چہرہ

کجا
حرف استفہام، کہاں؟

بخیل
بخل و کنجوسی والا

marfat.com

بیند	مضارع از مصدر دیدن، دیکھنا
پَشَّہ	مچھر، موصوف ہے افتادہ اس کی صفت ہے
افتادہ	پڑا ہوا، از مصدر افتادن گرنا پڑنا
زیر	حرف جار، نیچے
پائے پیل	ہاتھی کا پاؤں، مرکب اضافی ہے
نمبر ۹۴	
تا	تا کہ
دلت	تیرا دل، تاء ضمیر ہے
آرام یابد	آرام پائے
بُود و نَبُود	بمعنی مصدر ہیں، ہونا اور نہ ہونا
یکسر	یکساں، برابر
شُمُر	امر از مصدر شمردن، شمار کرنا، گننا
نمبر ۹۵	
ہر چہ	جو کچھ، جو چیز
باشد	ہو، مضارع از مصدر بودن
شریعت	قانون محمدی، احکام الٰہی
ناپسند	صفت ترکیبی، نابرائے منفی اور پسند امر ہے پسندیدن سے، مکروہ
دور باش	دورہ، باش امر ہے
از وے	از+وے، اس سے
چو	جب
ہستی	از مصدر ہستن، ہونا، تو ہے
ہوشمند	اسم فاعل، عقلمند، ہوش والا
نمبر ۹۶	
بہر	کیلئے، واسطے
زر	سونا، دولت
مَستائے	نہی از مصدر ستودن تعریف کرنا۔
دنیادار	اسم فاعل، مال و دولت والا
تا	حرف تحذیر، خبردار!
چہ	حرف استفہام، کیا؟
خواہی کردن	فعل مستقبل، تو کرے گا، نون ضرورت شعری کے لئے ہے، خواہی کرد
مردار	اسم مفعول کے وزن پر صفت مشبہ، مرا ہوا مراد دنیا کا مال جو مثل مردہ ہے

marfat.com

نمبر ۹۷

مال وزر — مال و دولت (موصوف ہے)

بیحد — صفت ترکیبی، بے حساب (صفت ہے)

بدست آوردہ — ہاتھوں میں لینا، حاصل کرنا، جمع کرنا، بدست آوردہ جمع کیا ہوا۔

گیر — امر ہے از مصدر گرفتن، لینا، پکڑنا

گور — قبر

حسرت — محرومی کا افسوس، پچھتاوا، تأسف

بُردہ گیر — لے جا کر پکڑ! مراد لے جا!

نمبر ۹۸

عام — عام لوگ

نبود — نہیں ہوتا، مضارع منفی

ذکرِ خاصاں — خاص لوگ یعنی مقربان درگاہِ خداوندی، کا ذکر، اللہ کو یاد کرنا۔

بیگماں — بیشک، بلاشبہ (صفت ترکیبی ہے)

نمبر ۹۹

بے تعظیم — عظمت خداوندی کا تصور کئے بغیر، جس میں حرمت نہ ہو، عزت نہ ہو

بِدْعَت — غیر مسنون رسم یا نئی چیز جو مشروع نہ ہو

حُرمت — عزت واحترام، بزرگی و عظمت کا تصور۔

واندرآں — اور اس میں

نمبر ۱۰۰

لَبْ — ہونٹ

مَجُنْباں — مت ہلا، حرکت نہ دے، نہی از مصدر جنبانیدن، متعدی المتعدی

کِرْدگار — کام کرنے والا، مراد اللہ تعالیٰ کی ذات

زانکہ — اس لئے کہ

پاکاں — پاک کی جمع، پاکیزہ لوگ

ہمیں — ہم+ایں، یہی

بودست — بودہ است، رہا ہے

نمبر ۱۰۱

حِرص — لالچ

marfat.com

بگُذار — امراز مصدر گذاشتن چھوڑنا

قَناعت — تھوڑی چیز پر صبر کرنا

پیشہ کن — اختیار کر

یکے — کوئی، (تھوڑا بہت مراد ہے)

اندیشہ کن — فکر کر!

نمبر ۱۰۲

رضا — خوشی

بندہ — غلام

ـگے — حرف استفہام، کب؟ کہاں

تَوانَد — سکنا، کب طاقت رکھتا ہے؟

بازگرداند — واپس لوٹادے پھیردے مضارع از مصدر باز گردانیدن، پھیرنا

قضا — تقدیر، (تسلیم و رضا ہی بہتر ہے)

نمبر ۱۰۳

اَستیزہ — لڑائی، حاصل مصدر ہے از مصدر ستیزیدن، لڑنا جھگڑنا

سربسر — بالکل، یقیناً

ویران کند — برباد اور تباہ کرتا ہے

نمبر ۱۰۴

نشود — مضارع منفی از مصدر شنیدن، سننا، نہیں سنتا

مُدبَر — بدبخت

پند — نصیحت

جہالت — نادانی

بگُسلد — مضارع از مصدر گُسلِیدن کاٹنا، توڑنا، بمعنیٰ حال ہے۔

پیوَند — جوڑ مراد دوستی ہے

نمبر ۱۰۵

عِبرت — سبق

نمبر ۱۰۶

ذرۂ آتش — آگ کی چنگاری

افروختہ — افروختن مصدر سے اسم مفعول، روشن کیا ہوا۔

عالَمے را — ایک جہاں کو

سوختہ — جلا ہوا، از مصدر سوختن جلنا، جلانا اسم مفعول کے وزن پر صفت مشبہ ہے۔

نمبر ۱۰۷

اَندک — تھوڑا، کم

marfat.com

تواں کشتن	بجھائی جاسکتی ہے
وائے	حرفِ تأسف، افسوس، ہائے
اِلتہاب	بھڑک اٹھنا، شعلہ مارنا
گیرد	مضارع از مصدر گرفتن، لینا، پکڑنا

نمبر ۱۰۸

آید	آئے، مضارع آمدن مصدر سے
عِتاب	ناراضگی، غصہ
کم	تھوڑا، تھوڑی
بَقاء	عمر، زندگی، باقی رہنا، ہونا
خَط	لکیر
روئے آب	پانی کی سطح، مرکب اضافی ہے

نمبر ۱۰۹

زاغ	کوّا
چُوں	جب، جبکہ مراد چونکہ ہے
فارغ	خالی مراد بے بہرہ، بے نصیب
بوئے گل	پھول کی خوشبو، مرکب اضافی ہے

بُوَد	ہوتا ہے، مضارع بودن سے
نفرتش	اس کو نفرت، ش ضمیر ہے
صحبتِ بلبل	بلبل کی صحبت و معیت، مرکب اضافی ہے

نمبر ۱۱۰

کاربست	عمل کرنا، کاربستن
نتواں	نہیں کرسکتا، توانستن مصدر سے
علم را	علم پر
بے عقل	صفت ترکیبی، بے عقل شخص
پیش	سامنے، آگے
نمی باید	نہیں چاہیے
نشست	بیٹھنا (یک من علم را دہ من عقل باید) بے عقلوں سے علم حاصل نہیں کرنا چاہیے اور عقل کے بغیر علم سے استفادہ ممکن نہیں ہے

نمبر ۱۱۱

بے خرد	بغیر عقل کے
دانش	علم، دانستن مصدر کا حاصل مصدر ہے، جاننا۔

marfat.com

وبال مصیبت

مرغ پرندہ

بال پر

☆علم عقل کے بغیر گمراہی ہے اور علم کی پرواز عقل سے ہے۔

نمبر ۱۱۲

ہر کہ جو بھی، جو شخص کہ

دارد داشتن مصدر سے مضارع، رکھنا

نبود برآں اسپر نہ ہو یعنی اسپر عامل نہ ہو

طریق عقل عقل کا راستہ

برکراں کنارے پر مراد علیحدہ یا جدا ہے

نمبر ۱۱۳

بے اندیشہ بنا سوچے، سمجھے

گفتار گفتگو، بات، گفتن مصدر سے حاصل مصدر ہے بولنا وغیرہ

پس پھر

ندامتہائے بسیار بہت سی ندامتیں، شرمندگیاں

نمبر ۱۱۴

سوال آورد سوال کرے یعنی مانگے

خوار ذلیل، (مانگنے سے انسان بے آبرو، بے توقیر ہو جاتا ہے)

گردد گشتن مصدر سے مضارع ہے ہونا

ماند رہ گیا، ہو گیا، ماندن رہنا ہونا

اِستخفاف کرد توہین، اہانت کی استہزاء اور توہین سے دوست ساتھ چھوڑ جاتے ہیں

نمبر ۱۱۵

نکند نہیں کرتا یا نہ کرے

اِحتیاطِ کارہا کاموں میں احتیاط، پرہیز، بچاؤ

بارہا جمع ہے۔ بوجھ مراد غم ہیں

☆غیر محتاط انسان آخر کار شرمندہ اور پریشان ہوتا ہے۔

نمبر ۱۱۶

وائے ہائے، افسوس

مسکینے کہ وہ مسکین جو کہ

marfat.com

غرقِ وام قرض میں ڈوبا ہوا (مرکب اضافی)

ہردم ہرلمحہ، ہرسانس

خون آشام اسم فاعل ہے، خون پینے والا

آشامیدن پینا، آشام امر ہے

نمبر ۱۱۷

مراد دل دلی تمنا، آرزوئے دل

بر اوپر مراد کے مطابق ہے۔

بقاء عمر، زندگی

افزونی زیادتی، بڑھوتری، افزودن بڑھنا، بڑھانا، حاصل مصدر ہے، ش ضمیر ہے

نمبر ۱۱۸

آہنگ ارادہ

سُبکساری اوچھاپن، گھٹیاپن، سبکسار اسم فاعل صفت ترکیبی کے آخر میں یاء اہلیت کی ہے

آبروئے خویش اپنی عزت وآبرو، مرکب اضافی

بیزاری مخالف، صفت ترکیبی، یاء اہلیت کی ہے

نمبر ۱۱۹

حدیث راست سچی بات

جز سوا، حرف استثناء ہے

مگوی نہی ہے گفتن مصدر سے، نہ کہہ

نگردد مضارع منفی، نہ ہو، نہ بنے

آبرویت مرکب اضافی ہے، تیری آبرو، عزت

آبجو نہر کا پانی (آب+جو)

(جوقدر والا نہیں ہوتا، یعنی تو بے قدر ہو جائے گا)

نمبر ۱۲۰

تابماند تا کہ رہے

رازت تیرا راز، تاء ضمیر ہے

نہاں مخفی، پوشیدہ

سِرّ راز، بھید، سرخود اپنا راز

کمتر بہت ہی کم (صفت تفضیلی)

رَساں پہنچا، امر ہے از مصدر رسانیدن متعدی بالواسطہ ہے، پہنچانا

marfat.com

نمبر ۱۲۱

حِلُم بردباری، غصہ پینا، حوصلہ

تریاقِ دل مرکب اضافی ہے، تریاق زہر کی دوا کو کہتے ہیں، زہر مہرہ

بغض وکینہ خفیہ دشمنی، اندرونی عداوت

نمبر ۱۲۲

فخر فخر کی بات، اچھی، عمدہ

جملہ عملہا تمام اعمال، سارے کام

نان دادن کھانا کھلانا، نان، روٹی

درکشادن دروازہ کھولنا، کھلا رکھنا مراد مہمان نوازی کرنا ہے۔

بروئے دوستاں دوستوں پر یا کیلئے

نمبر ۱۲۳

تکیہ بھروسہ، اعتماد

خواجہ صاحب، اے صاحب!

بَرُکردارِ خویش اپنے عمل پر، کردار حاصل مصدر ہے۔

دل بِنَہُ دل رکھ، بنہ امر ہے نہادن مصدر سے دل نہادن، دل رکھنا

رحمتِ جَبّار زبردست اللہ کی رحمت جبار اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے

نمبر ۱۲۴

خصلت عادت

اگر حرف زائد ہے

بہترین سب سے اچھی، عمدہ

دانی مضارع دانستن مصدر سے، تو جانتا ہے

کرا کہ+را، کس کی

آنکہ وہ جو کہ یا جس نے

داد ماضی مطلق از مصدر دادن، دینا

انصاف عدل، داد

انصافش اپنا انصاف یعنی حق

نخواست ماضی مطلق منفی از مصدر خواستن مانگنا، چاہنا۔

نمبر ۱۲۵

آنچہ جو کچھ

خواہی مضارع خواستن مصدر سے، مانگے چاہے۔ خواہ امر ہے مصدر خواستن سے، مانگ چاہ

marfat.com

دست خلائق — مخلوقات کا ہاتھ، خلائق خلق کی جمع۔

خیروشر — نیکی اور بدی، اچھائی اور برائی

نمبر ۱۲۶

ناصر — مددگار

بندگان — بندہ کی جمع

جُز اِلٰہ — اللہ تعالیٰ کے سوا

یاری — مدد

حقّ — اللہ تعالیٰ

غیرش — اسکے غیر سے، ش ضمیر ہے

مخواہ — نہی از مصدر خواستن، مت چاہ

نمبر ۱۲۷

ترسد — مضارع از مصدر ترسیدن، ڈرے

بسے — بہت زیادہ

بیگماں — صفت ترکیبی ہے، بلاشبہ، بلاشک

نمبر ۱۲۸

سِفلہ — کمینہ، گھٹیا

بامروت — انسانیت والا، صفت ترکیبی ہے

ننگری — مضارع منفی از نگریستن، دیکھنا

بدخوئے — کوئی بداخلاق

نیابد — نہ پائے، یافتن مصدر سے

مِہتری — سرداری، صفت تفضیلی ہے اور یاء اہلیت کی ہے

نمبر ۱۲۹

صدقہ — خیرات، بخشش

کالودہ — کہ آلودہ، جو کہ آلودہ

گردد — مضارع گشتن کا، ہو جائے

ریا — ریاکاری، دکھلاوا

گئے بُوَد — کب ہو؟ یا ہو سکتا ہے

خیر — بھلائی، نیکی

مقبولِ خدا — اللہ کے ہاں مقبول، پسندیدہ

نمبر ۱۳۰

تاتوانی — جب تک تو طاقت رکھے

دور باش — الگ رہ، باش امر ہے

سودخور — سود کھانے والا بیاج خور

زانکہ — اس لئے کہ

ہست — ہے، فعل معاون، ناقص، ہستن سے

marfat.com

دشمنان دشمن کی جمع

کِردگار اللہ تعالیٰ

نمبر ۱۳۱

روزِ غم غم کے دن، برا وقت

بودست بودہ است، رہا ہے، ماضی قریب

روزِ شادی خوشی کا دن، اچھا وقت

ہَم حرف تاکید، بھی

پُرسش باء زائدہ ہے، پرس امر ہے از مصدر پرسیدن پوچھنا، ش ضمیر ہے

☆ خوشحالی میں دکھ درد کے ساتھیوں کو یاد رکھنا چاہئے۔

نمبر ۱۳۲

معرفت اللہ کی پہچان، جاننا

فانی شدن فنا ہونا، محو ہو جانا، مٹنا

دَرُوَے اس میں، ذات خداوندی میں

ہر کہ جو بھی، اسم موصول

فانی مٹنے والا، اپنی خواہشات اور بشری تقاضوں پر قابو پانے والا

عارف جاننے والا، صاحب معرفت، اپنی ذات کو مٹا کر، فنا کر کے نفی کرنیوالا۔

نمبر ۱۳۳

ہمّت ارادہ مراد منزل مراد ہے

لِقاء ملاقات

مطلق بالکل

نمبر ۱۳۴

خدمتِ مرداں نیک بندوں کی خدمت کیونکہ حقیقتاً مرد وہی ہوتے ہیں

گنبدِ گرداں مرکب توصیفی، گھومنے والا آسمان نصرت وتائید خداوندی مراد ہے۔

نمبر ۱۳۵

می دہد فعل حال از مصدر دادن، دینا

مستعان جس سے مدد مانگی جائے مراد اللہ تعالیٰ

اجر ثواب

مُزد اجرت، مزدوری

صائماں روزے دار۔ صائم کی جمع

marfat.com

قائماں قیام کرنے والے نمازی، قائم کی جمع

نمبر ۱۳۶

جَنّان جنت

ہَم نیز، بھی

غازیاں جہاد کرنے والے، غازی کی جمع

نمبر ۱۳۷

ہر کرا جس کسی کی، جس کی

طبع طبیعت

مَلُول رنجیدہ، آزردہ، اکتانا

نمبر ۱۳۸

روئے تازہ خندہ پیشانی، مسکراتے ہوئے

الطاف مہربانیاں، لطف کی جمع

بے اندازہ بے حد، انگنت

نمبر ۱۳۹

وفات موت

از کسے کسی سے متعلق

پیش کس کسی کے سامنے

آزادی آزاد ہونا، بے تکلف ہونا

☆ دشمن مرے تے خوشی نہ کریئے سجناں بھی مر جانڑاں۔

نمبر ۱۴۰

ہر سحر ہر سحری کو

برخیز امر از مصدر برخاستن اٹھنا

فرصت موقع

اُکنُوں اب

داری مضارع از مصدر داشتن، رکھنا

کارکن کام کر لے، کام کر!

نمبر ۱۴۱

تا توانی جب تک تجھ سے ہو سکے، ممکن ہو

مسکین حاجتمند، ضرورتمند

حاجت ضرورت، ت ضمیر ہے

برآر امر از مصدر برآوردن، پورا کرنا

برآرد مضارع از مصدر برآوردن، پورا کرنا

نمبر ۱۴۲

باندک تھوڑے پر، کم پر

زِحق اللہ کی طرف سے، من اللہ

قاضی پورا کرنے والا

marfat.com

☆قناعت میں حاجت روائی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

نمبر ۱۴۳

رُخ چہرہ، سامنے

نورِ وصفا روشنی اور پاکیزگی

مردِ سخی سخاوت کرنیوالا جوانمرد

زانکہ اس لئے کہ

قَرِین ساتھی، مضاف ہے

مُصطَفا ﷺ سرکار دو عالم ﷺ کا صفاتی نامِ نامی واسم گرامی ہے، چنا ہوا

نمبر ۱۴۴

فَرَح خوشی، فرحت

رواست جائز ہے

لیک لیکن

جُستن ڈھونڈنا، تلاش کرنا

نمبر ۱۴۵

فزاید مضارع از مصدر فزودن بڑھنا چڑھنا افزودن بھی ہے۔

قدر قدر ومنزلت

وجاہت جاہ ومرتبہ، مقام، ت ضمیر ہے

می باش امر مدامی، ہمیشہ رہ، دائم ہو

دائم ہمیشہ

نمبر ۱۴۶

بخوانی مضارع از مصدر خواندن پڑھنا مراد بلانا ہے۔

ابّ ومام ماں باپ، ت ضمیر ہے

بنام نام سے مراد نام لے کر پکارے تو!

می گردد فعل حال، ہو جاتی ہے

نعمتِ حق حق تعالیٰ کی نعمت، انعام

حرام جس سے روکا گیا ہو۔ منہی عنہ

نمبر ۱۴۷

گدایاں گدا کی جمع، فقیر لوگ

پارہائے نان مرکب اضافی ہے، پارہ کی جمع ٹکڑے، نان روٹی یائے اضافت

مَخُر نہی از مصدر خریدن، خریدنا، مت خرید

فقیری محتاجی، غربت، مفلسی،

marfat.com

☆فقیروں کی گدا میں بے برکتی ہوتی ہے۔اس لئے بچ!

نمبر ۱۴۸

خَرج — خرچ

بیروں — باہر

اندازہ — انداختن مصدر سے، ڈالنا پھینکنا مراد تخمینہ، ناپ تول

خشک رِیش — خشک شدہ زخم مندمل شدہ زخم، بھرا ہوا زخم

تازہ مکن — تازہ نہ کر، دوبارہ ہرا نہ کر!

نمبر ۱۴۹

حُضُور — حاضری، جناب، بارگاہ (یہاں مراد معیت و سنگت اور حاضری ہے)

صالحاں — صالح کی جمع، نیک لوگ حقیقی بندگانِ خدا۔

ورنشینی — واگر، اور اگر، تو بیٹھے گا

بابداں — برے لوگوں کے ساتھ، بد کی جمع

طالح — بدکار، برا

نمبر ۱۵۰

ہمدم — ساتھی

حریمِ خاص — خاص دربار، جناب، بارگاہ

مَحرَم — باریاب، حضوری والا (جسے دربار میں بے روک ٹوک آنیکی اجازت ہو)

نمبر ۱۵۱

راہِ حقیقت — ذاتِ خداوندی کی معرفت و پہچان کا راستہ۔

سالک — راہرو، چلنے والا (راہ شریعت پر پابند ہو کر چلنے والا، جس کی منزل عرفان حق ہو)

خائف — ڈرنیوالا، خوفزدہ، متقی شخص

زقہرِ مالِک — مالک کے غصہ سے مراد اللہ تعالیٰ کی ناراضگی وغصہ سے

نمبر ۱۵۲

بر — زائدہ ہے

سَرِ — پر، پہ

بالیں — سرہانہ

گذر — امر از مصدر گزشتن، گزرنا، تو گزر! یعنی بیماروں کے پاس جا!

marfat.com

سنت راستہ،طریقہ

خیر البشر ﷺ آنحضور ﷺ جو تمام نوع انسانی میں سے بہتر، اعلیٰ اور افضل ہیں

نمبر ۱۵۳

خَنْدَانَد ہنسائے، مضارع ہے، خندانیدن متعدی بالواسطہ مصدر سے۔

خستہ زخمی،شکستہ دل، صفت مشبہ ہے خستن مصدر سے تھکنا،زخمی ہونا۔

دربستہ بندد روازہ

باز کھلا،مفتوح

نمبر ۱۵۴

چوں جب

یتیمے را کسی یتیم کو

گِریاں کند رلاتا ہے، گریاں کردن، گریاں اسم فاعل ہے از مصدر گریستن رونا

مالِک دوزخ کا فرشتہ جو منتظم ہے داروغۂ دوزخ۔

بُریاں کند بھونتا ہے، بریاں کردن،

برشتن مصدر سے بھوننا

نمبر ۱۵۵

صافی نتھرا ہوا، صاف ستھرا، زلال صاف شفاف میٹھا پانی۔

باش دائم ہمیشہ رہ

طالب مانگنے، چاہنے والا، متلاشی

قُوتِ حلال حلال روزی،خوراک جو جائز ہو

نمبر ۱۵۶

ترک چھوڑنا مراد قطع تعلق کرنا ہے

اَقَارِبُ اَقْرَبُ کی جمع، قریبی رشتے دار

عَقَارِبُ عَقْرَب کی جمع، بچھو

نمبر ۱۵۷

خویشاں خویش کی جمع، رشتے دار

قِطعِ رَحم رشتہ داری کو ختم کرنا، کاٹنا، لاتعلقی

بدتر زیادہ بری، (صفت تفضیلی)

چیزے کوئی چیز، شی، یاء نکرہ

marfat.com

مجہول کی

مَدَاں — نہی از مصدر دانستن جاننا، تو نہ جان مراد نہ سمجھ!

نمبر ۱۵۸

خودرا — اپنے کو

سُپار — امر از مصدر سپردن حوالے کرنا

نگہدارد — مضارع نگہداشتن سے حفاظت ورکھوالی کرنا

پروردگار — اسم فاعل پالنے والا مراد اللہ تعالیٰ ہے، گارعلامت فاعل ہے

نمبر ۱۵۹

ہمدم — ساتھی

سرائے خُلد — ہمیشہ کی سرا مراد جنت ہے، سرا گھر یاء اضافت کی ہے

مُحرَم — رازدار

نمبر ۱۶۰

دربلا — مصیبت میں، در میں

یاری — یاء اسمی ہے، مدد، امداد

مخواہ — نہ چاہ، مت مانگ، نہی ہے از مصدر خواستن۔

ہمچکس — کسی شخص، کوئی شخص

فریادرس — اسم فاعل ترکیبی ہے فریاد کو پہنچنے والا، مشکل کشا، رس امر ہے رسیدن سے۔

نمبر ۱۶۱

ہرکجا — جہاں کہیں بھی

تہمت — الزام

مَرَو — نہی از رفتن مصدر، مت جا!

ہمچو — کی طرح، مثل

نابینا — اندھا

نمبر ۱۶۲

شاد — خوش

دَرُونِ خستہ — زخمی کا دل

باز — کھلا ہوا

یابی — مضارع از یافتن، پانا

نمبر ۱۶۳

الٰہی — میرے خدا

برماہمہ — ہم سب پر

عفوکن — معاف فرما دے، امر درخواست کے معنی میں ہے، التجا ہے

جملہ — سارے، سب کے سب

ماہمہ — ہم تمام، ہم سب کے

marfat.com

نمبر ۱۶۴

عاجزیم ہم عاجز ہیں، بے بس ہیں

جرمہا جرم گناہ، غلطی، جرم کی جمع

بسے بہت زیادہ، جرمہا کی صفت ہے

دیگر دوسرا کوئی

غیر سوا

نمبر ۱۶۵

بُرانی تولے جائے، دھتکارے مضارع ہے۔ برانیدن مصدر سے

بندہ ایم ہم غلام ہیں

زاں ز+آں، اس سے، اس پر

خُرسَنْد خوش، شاد، شاکر، قانع

نمبر ۱۶۶

بداند جانے، مضارع دانستن کا

اینہارا ان نصائح کو

کاربند عمل پیرا ہو، کاربستن سے مضارع ہے

کامل مرد کامل

نمبر ۱۶۷

جَوار پڑوس، ہمسائیگی

دَارالسّلام سلامتی کا گھر، جنت

ہمنشین پاس بیٹھنے والا صفت ترکیبی ہے

مدام ہمیشہ، دائم

نمبر ۱۶۸

آں ساعت وہ گھڑی، لمحہ

جاں برلب رسد جاں لبوں پر آئے مراد موت قریب ہو۔

جسمِ پژمُردَہ مرجھایا ہوا جسم، موصوف صفت ہے

تاب وتب چمک و دمک، حاصل مصدر ہے، تر و تازگی بھی مراد ہے

نمبر ۱۶۹

شہادت راہ خدا میں جان دینا اور قتل ہونا

نوشیم نوشی+م، تو مجھ کو پلانا، میم مفعول کی علامت ہے، نوشیدن مصدر سے مضارع ہے پینا مراد پلانا ہے۔

خِلعَت پوشاک، لباس

پوشیم پوشی+م، تو مجھ کو پہنانا پوشیدن مصدر سے، پہننا مراد پہنانا ہے

marfat.com

☆نوشیم اور پوشیم مضارع جمع متکلم کے بھی صیغے ہیں چونکہ شعر دعائیہ ہیں تو معنیٰ ہم پئیں اور ہم پہنیں بھی مراد ہوسکتا ہے

نمبر ۱۷۰

دردوعالم — دونوں جہانوں میں

جزتو — سوائے تیرے

ہم تو — تو ہی

می باشی — تو ہو یا ہوگا

نمبر ۱۷۱

رحمتے — رحم، رحمت

ماند — رہے، ہوں

بسے — بہت زیادہ

رُوانِ پاک — پاک جان، روح

صاحبِ کمال — باکمال مراد شیخ عطارؒ ہیں

نمبر ۱۷۲

دُرّ — موتی، ہا علامت جمع

بنظم آوردن — پرونا بمعنی سفتن ہے

غوطہا — غوطے، غوطہ خوردن غواصی کرنا

بحرِ معنیٰ — مرکب اضافی ہے، حقیقت ومعرفت کا سمندر

نمبر ۱۷۳

سینہارا — سینہ کی جمع، سینوں کو

خامشی — خاموشی کا مخفف ہے، چپ

گنجینۂ گوہر — موتیوں کا خزانہ

یاددارم — مجھے یاد ہے، میں یاد رکھتا ہوں

صَدَف — سیپ

نکتۂ سربستہ — مخفی راز، سربمہر بات

نمبر ۱۷۴

طبع — طبیعت، دل، مزاج

ہیچ مضمون — کوئی مضمون، بات

بہ — بہتر، اچھا

لب بستن — چپ رہنا، خاموشی اختیار کرنا

خموشی — خاموشی، خاموشی، چپ

معنی — مراد، مفہوم، مطلب

درگفتن — بیان میں

نمبر ۱۷۵

قدر — مقدار

کافی — حسب ضرورت، جو پورا ہوجائے

وافی — پوری، تمام، ضرورت سے زائد۔

marfat.com

مختصر مقدمۂ گلستان سعدیؒ

مِنَّت احسان کا اقرار کرنا، کسی پر احسان جتانا عاجزی و انکساری، پہلا معنیٰ زیادہ صحیح اور مناسب ہے

مر کلمۂ حصر بمعنیٰ خاص

عزّ وجلّ عزیز وسربلند، بزرگ وبرتر

مزید زیادتی وکثرت، افزونی

نَفَس سانس، اس کی جمع انفاس ہے

فرورختن اندر جانا، فرو میرود فعل حال ہے

مُمِدّ مددگار، حامی، معاون

برآمدن نکلنا، باہرآنا، (فعل حال ہے) برمی آید

مُفَرِّح فرحت افزا، تفریح دینے والا فرحت دینے والا (داروئ مقوّیٔ دل)

شکر نعمت واحسان کے بدلے ثناء کرنا خواہ زبان سے ہو یادل سے یاجوارح سے

کہ کون، کس، حرف استفہام ہے

بیت گھر، خانہ، اس کی جمع بیوت ہے، اور نظم و شعر میں دو مصرعوں کے مجموعہ کو کہتے ہیں اور اس کی جمع ابیات ہے

برآید ادا ہو، نکلے

عُہدہ ذمہ داری، حق کی ادائیگی

اِعْمِلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ.....الخ

اے داوٗد علیہ السّلام کی اولاد تم شکر ادا کیا کرو کہ میرے بندوں میں شکر گزار بہت کم ہیں

تقصیر کمی، کوتاہی، سستی وغیرہ

ہماں ہم+ آں، وہی

سزاوار لائق، موزوں، مناسب

کس نتواند کوئی مُتنفِّس تاب وطاقت نہیں رکھتا کہ اس کی خدائی کے لائق ومناسب سپاس

marfat.com

	گزاری کر سکے	
قطعہ	ٹکڑا، پارچہ اور اصطلاح شعراء میں دو بیت یا زیادہ کلام خواہ مطلع ہو یا نہ ہو، نیز قصیدۂ بریدہ کو بھی قطعہ کہتے ہیں	
باراں	بارش، فیض سخاوت، یہ تشبیہ مؤکد ہے جس میں حرف تشبیہ مذکور نہیں ہوتا ہے اور جس میں مذکور ہو سے مُرسَل کہتے ہیں۔	
ہمہ جارسیدہ	ہر کہیں پہنچی ہوئی ہے بے دریغ بلا روک ٹوک، بغیر رکاوٹ کے	
کشیدہ	مراد بچھا ہوا	
نَامُوس	عزت، نام ونگ، عصمت	
فَاحِش	مردِ زشت کار، مرادزشت وفحش ہے، سر عام برائی و بدی	
ندرّد	مضارع منفی ہے، دریدن پھاڑنا مراد فاش کرنا، کھولنا وغیرہ	
مُنکِر		انکار کرنیوالا، بے دین، کافر
مُنکَر		برا، بد، گناہ
نمرّد		مضارع منفی از مصدر بریدن کاٹنا منقطع کرنا مراد روکنا اور بند کرنا یا محروم کرنا
اَے		حرف ندا
کریم		صفت مشبہ، دائم کرم فرما، یہ اے کا منادیٰ ہے یاء خطاب کی ہے اے خداوند کریم تو وہ ذات گرامی اور مہربان ہے کہ
گَبَر		آتش پرست
تَرسَا		نصاریٰ، عیسائی
وظیفہ خور		نمک خوار، روزی کھانیوالا
نظرداری		نظر رکھتا ہے، دھیان و توجہ دینا یعنی تو دشمنوں پر بھی نگاہِ لطف وکرم فرماتا ہے
فَرَاش		فرش بچھانے والا، بچھونا بچھانے والا موکّل فرشتہ

marfat.com

بادصبا	بادنسیم، پُروا ہوا، صبح کے وقت شمال مشرقی گوشہ کی ہوا، بہشت کی ہوا	
فرشِ زَمُرّدیں	سبز رنگ کا فرش یعنی گھاس کا	
گُستَرد	مضارع ازمصدر گستردن بچھانا	
دائیہ ابر بہاری	بہار کا بادل جو چمن و گلستان کیلئے دایہ کا درجہ رکھتا ہے جو پرورش کرتی ہے	
بِنَات	بِنْتٌ کی جمع، بیٹیاں مراد پودے	
نَبَات	نَبَتٌ کی جمع، نباتات، جڑی بوٹیاں سبزہ، گھاس وغیرہ	
مَہدِ زمین	زمین کا گہوارہ، گود، جھولا	
پرورد	مضارع از پروردن پالنا	
خِلعَت	لباس، جامہ	
نوروز	عید ایرانیاں اور بہار کا پہلا دن جوفروردین ماہ کا پہلا دن ہے اور وہ ۲۲ مارچ کو ہوتا ہے مراد شاندار	
قَبائے اِستَبرَق	سبز رنگ قبا، لباس سبز، گاڑھے سبز رنگ کی ریشمی دیبائی قبا، مراد سبزہ ہے	
در برگرفتہ	پہلو میں لئے ہوئے ہوں یعنی پہنے ہوئے ہوں یا ہیں	
اَطفالِ شاخ	شاخ وتنے کے بیٹے یعنی نئی چھوٹی چھوٹی شاخیں	
قُدُوم	آنا، کسی چیز کا وقت	
کُلاہ	ٹوپی	
شگوفہ	بِن کھلا پھول، گل ناشگفتہ اور میوہ دار درختوں کا پھول	
برسرنہادہ	سر پر اوڑھے ہوں یا پہنے ہوں	
نَخلی	مگس انگبیں، شہد کی مکھی	
عُصَارہ	رس، نچوڑ مراد چوسا ہوا	
فائق	عمدہ، فوقیت والا، برتر و بالا	
تخمِ خُرما	چھوہارے کی گٹھلی	
نخل	کھجور کا درخت	
بَاسِق	لمبا، تناور، بڑھنے والا	
گشتہ	ہوا، بنا، گشتن مصدر سے	

marfat.com

درکاراند	مصروف کار ہیں
فلک	آسمان
بکف آری	تو حاصل کرے، پائے
سرگشتہ	حیران، بیقرار، بھٹکا ہوا، متردد، مرادی معنیٰ مصروف کار ہے
فرماں بردن	تعمیل ارشاد کرنا، حکم ماننا
خبر	مراد حدیث شریف ہے
سرور	سردار، آقا، مالک
مَفْخَر	جائے فخر و ناز، جس پر فخر کیا جائے
عَالَمیاں	عالم والے مراد لوگ، انسان اور تمام عالم والے ہیں
صَفْوَت	برگزیدہ، مقبول
تَتِمّہ	بقیہ آخر ہر چیز، مکمل کرنے والا
دَورِ زماں	زمانے کا چکر، مراد انتہائے زمانِ رسالت بآنحضرت یعنی پیغمبر آخر الزّماں خاتم النبیّن
شَفِیْعٌ	سفارش کنندہ، شفاعت

مُطَاعٌ	فرمانے والے جس کی اطاعت وفرماں برداری کی جائے
نَبِیٌّ	خبر دہندہ، مخبِر ومخبَر اور صاحب مقام نبوت
کَرِیْمٌ	بزرگ۔ کرم فرما۔
قَسِیْمٌ	تقسیم کرنے والا (وَاِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَّاللّٰہُ یُعْطِیْ)
جَسِیْمٌ	بڑے وجود و بدن والا، سڈول جسم والا
نَسِیْمٌ	نرم رو، سبک رفتار، آہستہ خرام، اور عندالبعض خوبرو
وَسِیْمٌ	نشاندار، صاحب مہر نبوت حسین وجمیل

نوٹ۔ آخری چاروں الفاظ سے حسن و خوبروئی اور جلال و جمال اور کمال ونوال مراد ہے

بَلَغَ الْعُلیٰ بِکَمَالِہٖ
رسید پیغمبر بمرتبہ ہائے بلند رابہ سبب کمال خوئی

کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ
دور کرد تاریکیٔ و گمراہی

marfat.com

عالم بجمال خود۔

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ

خوب وحسین است تمام

خوبیہائ او۔

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

درود بفرستید براوو براولاداو

چہ غم دیوار امّت را

امت کی دیوار کو

انہدام کا کیا ڈر ہوسکتا ہے

چونتو

آپ ﷺ جیسا، تو ضمیر

میں صنعت التفات کا

استعمال ہے۔

پُشتیبان

مراد کشتی بان ہے، مددگار،

سہارا، پشت پناہ،

باک

ڈر، خوف

موجِ بحر

سمندر کی موج مراد

مصیبت وغیرہ

نُوح کشتی بان

تلمیح ہے کہ جس کشتی کا

حضرت نوح علیہ السّلام

جیسا ملاح ہو وہ بھلا کب

ڈوب سکتی ہے، آپ کی

کشتی بفضل اللہ ڈوبی نہیں

تھی

پریشانِ روزگار

پریشان حال، پراگندہ دل

دستِ اِنابت

توبہ کا ہاتھ، اَنِیْبُوْا اِلٰی

رَبِّکُمْ سے ماخوذ ہے

رجوع کرو!

اِجابت

قبولیت کی امید میں

بردارد

ہاتھ بلند کرتا ہے اٹھاتا

ہے

بازش بخواند

بندہ اپنے رب کو پھر پکارتا

ہے اور مکرّر توبہ کرتا ہے

باردیگر

دوسری بار، پھر ایک بار

اِعراض فرماید

التفات نہیں کرتا، توجہ نہیں

فرماتا

تَضَرُّع وزاری

گریہ وزاری، عجز ونیاز

سُبْحَانَہٗ

خداوند کریم کی پاکیزگی و

پاکی بیان کرنا اَلْمُنَزَّہُ عَنْ

کُلِّ شَیْنٍ، ہر عیب سے

پاک، اصل میں سَبَحْتُ

سُبْحَانًا ہے۔

دعوتش را

اس کی دعا کو میں نے قبول

کیا۔

امیدش برآوردم

اس کی امید کو برلایا، پورا

کیا میں نے۔

marfat.com

بسیاری — کثرت، زیادتی

ہمی شرم دارم — مجھے حجاب و شرم آتا ہے

کرم، لطف — خداوند تعالیٰ کا کرم اور لطف یعنی مہربانی اور بخشش وعطا تو دیکھ کہ گناہ گار بندہ ہوتا ہے اور شرم وحجاب اسے آتا ہے

عاکِفان — جمع ہے اس کی واحد عاکف ہے مراد گوشہ نشین ہے یعنی عارفان صفت جلال الٰہی کے کعبۂ مقصود کے عبادت گزار و زاویہ نشین۔

تقصیر — عبادت حق بندگی وعبادت میں سستی، کمی وکوتاہی وغیرہ

مُعْتَرِف — اقرار کنندہ، در ادائے عبادت کاملہ لب بعجزی کشائیند کہ حق تو یہ کہ حق ادا نہ ہوا۔

وَاصِفان — واصف کی جمع، صفت کنندگاں

حُلْیہ — خدوخال، صورت، زیور، گہنا

حِلْیہ — صورت، چہرہ، آرائش، خلعت

جمالش — اس کا جمال، مراد مشاہدہ کنندگانِ جمالِ ایزدی کہ در عالم بقوالب ظہور یافتہ درشناختِ جمال تعالیٰ سرگشتہ ومتحیّر اند

بے دل — عاشق

بے نشان — مراد از حق تعالیٰ جس کی ذات بظاہر بے نشان ہے

باز — کھل کر، ای بازچہ گویم یا اینکہ ظاہر نتواں گفت

عاشقاں الخ — سچے عاشق تو محبوبوں کی نگاہ ناز کے کُشتہ ومقتول ہوتے ہیں

برنیاید — نہیں آتی یا نکلتی نہیں ہے

صاحبدل — اللہ والا، اہل دل، خدا دوست

حَبیب — گریباں

مُراقِبہ — حفاظت کرنا، نگاہ رکھنا، گردن نیچے کرنا اور حضورِ

marfat.com

قلب سے رجوع الی اللہ کرنا، توجہ کرنا۔

مُکاشَفہ ولی اللہ کے دل میں امور غیبی کا ظاہر ہونا اسرار کا کھلنا

فَرو بُردن جھکانا، نیچے کرنا

نوٹ :۔عالم ناسوت، ملکوت، جبروت، لاہوت، دل، نفس، روح، سر سے واقف حال ہونا اور ہر واقعہ وحادثہ جو دنیا میں رونما ہو اسے جاننا دراصل مکاشفہ کہلاتا ہے جو مخصوص اوراد وظائف اور تقویٰ سے حاصل ہوتا ہے۔

مستغرق ڈوبا ہوا

حالیکہ جس وقت

معاملت حالت، مراقبہ ومکاشفہ کی حالت

بازآمد واپس پلٹے، لوٹے، حالت بدلی

تحفہ ہدیہ

کرامت کردی بخشا، عطا کیا، مرحمت فرمایا

بخاطر داشتم میرے دل میں خیال تھا یا میں نے دل میں طے کر رکھا تھا، سوچا تھا

دامنم از دست الخ ای از کمال حیرت واستعجاب

مست شدم ودامن از دست من برفت (بے خود ہوا)

مرغِ سحر پرندہ بلبل قمری مرغا، عابد سحر خیز مراد ہے

بیاموز سیکھ، امر ہے آموختن سے

سُوختہ نارِ عشق میں جلا بھنا ہوا

پروانہ پتنگا، اڑنے والا کیڑا، محبت و عشق میں زیادتی کی علامت

جاں شد جاں داد، فنا شد، قربان ہوا

مولانا رومؒ فرماتے ہیں کہ

ہر چہ گویم عشق راشرح وبیاں
چوں بعشق آیم خجل باشم ازاں

مُدّعِیاں مُدّعی کی جمع ہے، دعویدار لوگ

بی خبرانند لاعلم ہیں، وہ حقیقت حال سے بے خبر ہیں کیونکہ جو لوگ معرفت الٰہی کے اسرار سے آگاہ ہوجاتے ہیں تو وہ راز عرفان سے

marfat.com

	کسی کوآگاہ نہیں کرسکتے ہیں مَنَ عَرَفَ رَبَّہٗ فَکَلَّ لِسَانُہٗ	
برتر	ماورا، بالاتر	
خِیال	خواب کی صورت یا بیداری کا تصور، پانی یا آئینہ میں دکھائی دینے والی صورت محسوسہ	
قِیاس	کسی چیز کا کسی چیز سے اندازہ کرنا	
گُمان	یقین کا متضاد، ظن وتخمین	
وَہم	بلاقصدوارادہ دل یاذہن کا کسی چیز کی طرف جانا محض ظنی تصورات	
دفتر	کتاب	
بپایاں رسید	انتہاء وآخر کو پہنچی	
ماندہ ایم	ہم پڑے، ہوئے ہیں محو ہیں	
گِلے	مٹی	
خوشبوئے	خوشبودار، یاء تحقیر کیلئے ہے، عام	
حَمام	بہت گرم پانی، غسل گاہ	
	بآبِ گرم	
دست محبوبے	ایک دوست کے ہاتھ سے	
بدو	بااو، اسے اس کو	
مُشک	کستوری، یاء خطاب کی ہے	
عَبِیر	عَنبر، خشک زَعفران، صندل اور گلاب سے مل کر بنی ہوئی خوشبو	
بُوئے دلآویز	دل کو بھانے والی اور لبھانے والی خوشبو	
مستم	میں مست وبے خود ہوں	
بگفتا	وہ بولی، الف زائدہ ہے برائے حُسنِ صوت	
گِلِ ناچیز	ناچیز مٹی	
مُدّتے	ایک مدت، عرصہ	
جمال	حسن وخوبی اور کمال	
ہمنشین	ساتھی، ساتھ اٹھنے بیٹھنے والا دوست	
اثر کرد	اثر انداز ہوا، اثر کر گیا	
ہَماں	ہم+آں، وہی	

نوٹ۔ بدن وجسم مٹی وخاک ہے۔ روح اس کی ہمنشین ہے جسے دیدارِ اَلَست حاصل ہے اور روح کی محبت ومستی بواسطۂ قلب

marfat.com

بدن پر اثر انداز ہوتی ہے جبکہ روح محبت الٰہی سے سرشار، سرمست اور آواز اَلَسْت سے گوندھی ہوتی ہے	
بحکم ضرورت عندالحاجۃ، ضرورتاً	
تَفَرُّج کُناں خوش ہوتے ہوئے باتیں کرتا ہوا	
بیرون رَفتم میں باہر نکل گیا	
رَبیعی یاءِ نسبت، موسم ربیع، بہار کا موسم	
کہ جبکہ	
صَوْلَتْ رعب، دبدبہ، مراد سختی و شدت	
بَرْد سردی یا برفباری کا دبدبہ	
آرمیدہ بود آرام پا گیا تھا، ٹھنڈا پڑ گیا تھا	
آوان وقت، موسم، زمانہ	
دولتِ ورد گلاب کھلنے کا موسم یا انکی حکومت کا دور۔	
اُرْدِی بہشت سن جلالی تقویم میں بہار کا پہلا ماہ، لفظی معنیٰ مثل و مانند جنت ہے	
اوّل آغاز، ابتداء، پہل	
گوئیندہ چہچہانے والا، گنگنانے والا	
مَنَابِرْ مِنْبَر کی جمع، بلند جگہ	
قَضَبَاں قضیب کی جمع مراد شاخیں ہیں	
گُلِ سرخ گلاب کے پھول	
نَم نمی مراد شبنم، تراوت	
لآلی لؤلؤ کی جمع، موتی، قطرے	
عَرَق پسینہ	
عِذَار رخسار	
شاہدِ غَضْباں غضب ناک محبوب، غصہ سے بھرا ہوا حسین معشوق	
ہمچو جیسے مثل مانند	
شب را رات کو، بوقت شب	
اتفاق مَبِیْت شب خوابی کرنے کا موقع، مبیت کا معنیٰ جائے شب خفتن ہے یہ ظرف ہے	
موضعی خوش وخرم بہت سرسبز وشاداب اور دل خوش کن مقام تھا۔	
دَرْهَم باہم الجھے ہوئے، گھنے۔ گُتھے ہوئے	

marfat.com

گفتی کہ	گویا کہ، ایسے کہ
خُردہ	ٹکڑا، چھوٹا
مِینا	شیشہ، کانچ
عِقد	ہار، لڑی، مالا
ثُریّا	پروین، مجمع النّجوم، ستاروں کا جھرمٹ، مراد تہہ در تہہ گچھے ہیں۔
تاک	انگور کی بیل
آویختہ	لٹکے ہوئے (خوشے)
رَوْضَۃ	وہ ایسا باغ ہے کہ، مرغزار ایسا کہ
سَلْسَالْ	مسلسل جاری وساری اور ٹھنڈا میٹھا جو خوشگوار ہو، پانی
دَوْحَۃ	درخت
سَجْع	نغمہ، قمری، کبوتر اور فاختہ کی آواز جو پُر درد اور پُر سوز ہوتی ہے
موزون	وزن پر پورے اترنے والے جو سُر لَے اور تال پر پورے اتریں، بحر نظم کے مطابق۔
لالہائے	لالہ کے پھول جو رنگ برنگ ہیں
گوناگوں	قسم قسم کے، بوقلموں
گُستر انید	بچھایا (فرش کئی طرح کا)
بماند	رہیگی
زماہر ذرہ	ایسے حال میں کہ جبکہ ہمارے وجود کا ہر ہر ذرہ کہیں ادھر ادھر بکھرا پڑا ہوگا
بقائے	بقا، دوام، ہمیشگی
نقشیت	ایسا نقش یا صورت ہے
اہل فضل	علم وفضل والے
مَشّاطہ	گیسوئے سنوارنے والی عورت، بناؤ سنگھار کرنے والی عورت۔
دلآرام	محبوب، حسین جو دل کو آرام چین اور سکون دے
حاجت	ضرورت
نصیحت	وعظ، پند، خیر خواہی وخلوص
حوالت باخدا	تجھے اللہ کے حوالے کیا۔

marfat.com

حکایات (ترتیب وار)

حکایت نمبر ۱

بزبانیکہ داشت	اپنی زبان میں	میں بلا اضافت پڑھا جائیگا
دُشنام	گالی، دش+نام کا مرکب ہے	اسکا معنیٰ خیال و ارادہ ہے
سِقط	بے ہودہ باتیں، بدگفتن	اَبنائے جنس ہم جنس مراد وزیر ہیں
دست از جان شستن	ناامید ہونا، مایوس ہونا	بنائ بنیاد
ضرورت	مجبوری و ناچاری مراد ہے	روئے آں اس کے پیش نظر
گُریز	بچاؤ، یا جائے مفر مراد ہے	خُبث ناپاکی، پلیدی، برائی و بدی
شمشیر	شم+شیر کا مرکب ہے شم بمعنی دم یا ناخن ہے اور تلوار کی شکل ایسے ہی ہے	دروغ جھوٹ
		مصلحت آمیز بھلائی ملا ہوا، بہتری والا
		فتنہ انگیز شر اور برائی اٹھانے والا
		حَیف افسوس
		طاق محراب، بلند جگہ جو سب کے سامنے ہو
سِنّور	بلی۔ گربہ	
یَصُوْلُ	حملہ کرتا ہے/کرتی ہے	اِیوان محل
وزراء	وزیر کی جمع ہے وِزْرٌ سے بمعنیٰ بار برداشتن، بوجھ اٹھانے والا۔	فریدون ایران کا عادل اور بڑے جاہ و جلال والا بادشاہ جو علوم و فنون کا سرپرست اور قدر دان تھا۔ جمشید کی نسل سے آبتین کا بیٹا تھا
نیک مَحضَر	نیک خیال، صالح فطرت	
کَاظِم	غصہ پی جانے والا	جہان مراد دولت و حکومت ہے
سر	زائدہ بھی ہوسکتا ہے جیسے سرجادہ یا بطور ترکیب قلب کے ہے اس صورت	جہاں آفرین دنیا پیدا کرنے والا، خالق، اللہ تعالیٰ کی ذات۔
		بند لگا، امر ہے بستن سے

marfat.com

تکیہ	اعتماد، بھروسہ
پُشت	اعتماد، امید بھی مراد ہے
آہنگ	ارادہ
چہ	دوبار کلام میں آکر مساوات کا معنیٰ دیتا ہے یعنی چہ در پادشاہی وچہ در مفلسی

نوٹ۔ ہر کہ شاہ آں کند کہ او گوید میں ہر کہ سے مراد وزیر، مشیر، ندیم، مصاحب یا انتہائی مقرب و معتمد علیہ مراد ہے جسے مزاج شاہی میں اثر ورسوخ حاصل ہو اسے غلط مشورہ یا بات نہیں کہنی چاہئے۔

حکایت نمبر ۲

ملک زادہ	شہزادہ
کوتاہ	پست قد، چھوٹا
حقیر	گھٹیا، معمولی
بلند	طویل القامت، بلند قد، اونچا دراز
خوبرو	خوبصورت، حسین
کراہیّت	ناپسندیدگی، نفرت
استحقار	حقیر جاننا، کمتر سمجھنا
فراست	دانائی، بصیرت عقلمندی، رسائی فہم
استبصار	بینائی، بصیرت
دریافت	پا گیا، سمجھ گیا
بقامت	قد و قامت میں، لمبائی و اونچائی میں
کہتر	کمتر، چھوٹا، معمولی، صفت تفضیلی ہے
بقیمت	قدر و قیمت میں، مرتبہ و منزلت میں

☆ یہ کوئی قائدہ یا کلیہ نہیں ہے کہ جو قد میں بلند ہو وہ قدر و قیمت کے لحاظ سے بھی بہتر ہو

الشّاۃ الخ	بکری پاک، حلال ہے اور ہاتھی مردار اور حرام ہے
اقلّ جِبَال الخ	اگرچہ طور نامی پہاڑ، پہاڑوں میں سے روئے زمین پر چھوٹا اور فروتر ہے مگر بہ تحقیق ہر آئینہ قدر و منزلت میں مرتبہ کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا اور بلند ہے۔
لاغر دانا	کمزور و ناتواں عقلمند، دبلا پتلا

marfat.com

ابلہ فربہ موٹا بے وقوف

اَسپِ تازی عربی گھوڑا

طَوِیلہ اصطبل (مراد گدھوں کی کثرت ہے)

☆عربی زبان میں طویلہ اس رسی کو کہتے ہیں جس سے جانوروں کے پاؤں باندھے جاتے ہیں، چرنے کے لئے۔

ارکان دولت کار پرداز ان حکومت، عُمّالِ سلطنت۔

نہُفتہ پوشیدہ، چھپے ہوئے نہفتن مصدر سے

بیشہ جنگل، بَن

گمان مبر خیال مت کر، گمان بردن سے

پلنگ ابلق، چتکبرا، چیتا، تیندوا

☆چار پائی اور زرافہ کو بھی کہتے ہیں

صعب سخت، طاقتور، دشوار

روئے نمود حملہ کر دیا، چڑھائی کر دی

روئے درہم آوردن روبرو ہونا، مقابلہ میں آنا

مُبارزت باہم جنگ وجدل کرنا، لڑائی جنگ

اوّل کسیکہ سب سے پہلا جو آدمی

آں نہ من باشم میں وہ نہیں ہوں، آں نیستم

میانِ خاک وخون آغشتہ، لتھڑا ہوا، مٹی اور خون میں آلودہ۔

دشمن زد دھاوا بول دینا، دشمن پر اچانک پِل پڑنا (ناگہاں بردشمناں ہجوم کردن)

کانکہ کہ+آنکہ، کہ بیانیہ، آنکہ اسم موصول، جو

مردانِ کاری بہادر لوگ

زمین خدمت بوسیدن شاہی آداب بجالانا جھکنا

شخص وجود، جسم، یعنی میرا وجود

تا تاکہ، ہرگز، کلمہ تحذیر ہے

درشتی تندی، سختی، مراد موٹا پا، فربہی ہے

لاغرمیاں پتلی کمر والا

گاوِ پرواری باڑے میں ناند پر پلا ہوا موٹا تازہ تندرست بیل یا گائے

آہنگ گریز فرار کا ارادہ

نعرہ آواز مہیب، للکار، زور کی آواز

اے مردماں اے جوانمردو!

marfat.com

تہوّر	دلیری، جرأت، دلآوری
ظفر	کامیابی، غلبہ، فتح مندی
کنار	آغوش
غُرفَہ	بالاخانہ (چُلو بھر پانی)
دریچہ	کھڑکی، اسم مصغّر ہے
بازکشید	روک لیا
بمیرند	مردن مصدر سے، مرجائیں
بُوم	اُلّو، علامت نحوست پرندہ ہے
ہُما	ایک مبارک پرندہ (جو بھی اس کے زیر سایہ آجائے وہ بادشاہ، وزیر اور غنی بن جاتا ہے)
معدوم	ناپید، نایاب، نابود
گوشمال داد	ادب سکھانا، تنبیہ کرنے سے کنایہ ہے۔
اطراف بلاد	ملک کے حصے، کونے، اجانب
حِصّہ مَرضی	پسندیدہ حصہ یا علاقہ
بِلاد	بلد کی جمع ہے معنی شہر ہے
فرونشست	بیٹھنا، ختم ہونا
نِزاع	جھگڑا، لڑائی، فتنہ
برخاست	ختم ہونا، مٹنا مرادی معنیٰ ہے
گلیم	کمبل، گودڑی
بخُسپند	خفتن مصدر سے، سونا
اِقلیم	ملک، سلطنت، علاقہ
نگنجند	گنجیدن، سمانا، اکٹھا ہونا
نِیم	آدھا، نصف
بذل	خرچ کرنا، مراد کھلانا ہے
بگیرد	گرفتن سے، لینا پکڑنا، فتح کرلے
ہمچناں	اسی طرح، پھر بھی
بند	فکر، سوچ
دِگر	دیگر، دوسرا

حکایت نمبر ۳

طائفہ	اسم جمع ہے، گروہ
دُزداں	دزد کی جمع، چور، ڈاکو، لٹیرے
سرِکوہ	پہاڑ کی چوٹی
مَنفَذ	راستہ، گزرگاہ، راہ
کارواں	قافلہ، اسم جمع ہے
رَعیّت	رعایا، لوگ، عوام
بُلداں	بلد کی جمع۔ شہروں
مَکایِد	مَکیدَہ کی جمع، مکر و فریب،

marfat.com

لوٹ مار مراد ہے

مرعوب خوفزدہ، رعب میں آئی ہوئی تھی

مغلوب ناکام، بے بس (چارہ نہ چلتا تھا)

مَلاذ پناگاہ، چھپنے کی جگہ، ظرف مکان

مَنیع محفوظ، مأمون، ناقابل شکست

قُلّہ چوٹی پہاڑ کی

ماویٰ پناہ گاہ، رہنے کی جگہ، ظرف مکان

مَلجا ٹھکانہ، ظرف مکان

مُدَبّراں مدبر کی جمع، ارباب فکر و نظر، دانا

مُمالِک ملک کی جمع

دَفع دور کرنا، بھگانا، قلع قمع کرنا

مَضرّت نقصان، تکلیف، مصدر میمی

نسق طرح، طور طریقہ

مداومت نماید ہمیشگی دکھاتا ہے، تسلسل رکھتا ہے

مَقاوَمت مقابلہ، ہمسری کرنا

مُمتَنَع مشکل، ناممکن

اُکنُون ابھی ابھی

پاءگرفتن جڑ پکڑنا

نیرُو طاقت، زور، قوت

برآید برآمدن سے، نکلنا، اکھڑنا

روزگارے کچھ عرصہ تک، یاء تقلیل کی ہے

ہِلِیْ ہلیدن سے، چھوڑنا، بگزاری، مضارع ہے

گردوں آسمان، چکّی (مراد بیل گاڑی ہے) ارابہ

بَرِنگُسلی گسلیدن مصدر سے، توڑنا کاٹنا مراد اکھیڑنا ہے۔

سَر چشمہ سوتا، منبع، دھانا

مِیْل سلاخ، سلائی، سیخ

پُرشد بھر گیا، بکثرت ہوا مراد بھر پور چلنے لگا

سخن بریں مقرر شد بات یہ طے پائی کہ، فیصلہ ہوا۔

تَجَسُّس ٹوہ، جاسوسی، نظر رکھنا

marfat.com

برگماشتند	مقرر کردیا، متعین کرنا
فُرصت	موقع
راندہ بود	شب خون مارنا، چھاپہ مارنا، حملہ کرنا
مردان	مرد کی جمع، بہادر، دلآور
واقعہ دیدہ	تجربہ کار، ہنرآزمودہ، دلیر
شِعْب	گھاٹی، پائین کوہ، دامن کوہ
شبانگاہ	رات کے وقت، گاہ علامت ظرف اورا+ن زائدہ ہے شب کے آخر میں
بازآمدند	واپس لوٹے، پلٹے
سفرکردہ	سفر کئے ہوئے تھے
غارت آوردہ	لوٹ کا مال لائے ہوئے تھے
سلاح	اسلحہ، ہتھیار
رَخت غنیمت	مال غنیمت
نُخُستِین	پہلا، اوّلین، یں نسبت کا ہے
تاخت	تاختن سے، حملہ (حملہ کیا)
چندانکہ	کچھ، تھوڑا سا
پاسے	حصہ، پہر، وقت
قُرص	ٹکیہ
خُورشید	سورج

☆ ہر دو مصرع تشبیہی ہیں، خواب، زوالی سے

کمین گاہ	چھپنے کی جگہ (کمن چھپنا)
بدر جستند	باہر نکلے، کودے
یگان	یک یک، ایک ایک کا (ہاتھ)
کتف	شانہ، کندھا، مراد مشکیں کس دیں
بامداداں	صبح کا وقت، ا+ن زائدہ ہے یا پھر یہ بامداد آں بھی ہوسکتا ہے، اس صبح کو
جوانے	ایک ایسا نوجوان
میوہ	پھل
عُنفُوَان	آغاز، ابتداء، نوخیز
نَو رَسِیدہ	نیا نیا پہنچا ہوا تھا اُگا ہوا تھا
سَبزۂ گُلستانِ عِذارش	اس کے رخساروں کے باغ کا سبزہ مراد اس کی مسیں ہیں، خط نکلنا

marfat.com

نودمیدہ نیا نیا اگا ہوا، تازہ تازہ سبزے کا آغاز تھا۔

روئے شفاعت برزمین نہاد لگا سفارش کرنے

بر پھل

رَیعانِ جوانی جوانی کی بہار، بہتر حصہ، آغاز

تمتّع فائدہ، لطف وحظ

مِنّت نہی احسان فرمائیں گے

رُو درہم کشیدن ناپسند کرنا، منہ پھیرنا ناراضگی سے۔

رائے بلند عالی فکر، اعلیٰ رائے، عمدہ سوچ

موافق مطابق

پَرتَو سایہ، عکس مراداثر

بنیاد سرشت، فطرت مراد نسل ہے

گِردگان اخروٹ، جوز

اَخگَر انگارہ، چنگاری

اَفعیٰ اژدھا سانپ، ناگ

آب زندگی آب حیات

بارد باریدن سے، برسائے

بَیَد بے برگ وبار درخت

بر پھل

فرومایہ صفت ترکیبی ہے، کمینہ، گھٹیا، بداصل

روزگا مبر وقت مت گزار، زندگی و اوقات ضائع نہ کر۔

نَئے نِرکل، سرکنڈا، نیشکر، گنا، نِرسل

بُوریا پٹ سن (پودا مراد ہے)

طوعًا وکرھًا چاروناچار، بادل نخواستہ

آفرین خواند شاباش کہی، داددی۔

دَامَ مُلکُہٗ اس کا ملک ہمیشہ سلامت رہے (جملہ دعائیہ)

عین صواب بالکل درست، بہت بہتر

یافتے پاتا، حاصل کرتا

طِینَت خصلت، فطرت، سرشت، عادت

بَغی وعِناد بغاوت ودشمنی، سرکشی

نِہاد فطرت، جبلّت مراد ہے

متمکّن جاگزیں ہونا، قرار پانا جڑ پکڑنا

الفطرۃ فطرت اسلام

marfat.com

یُمَجِّسَانِہٖ اسے مجوسی ،آتش پرست بناتے ہیں

اصحاب کہف غار والے،وہ سات شخص جودقیانوس بادشاہ کے ظلم سے ڈر کر اپنا ایمان بچانے کے لئے ایک غار میں جا چھپے تھے ان کے ہمراہ ایک قِطمِیر نامی کتا بھی تھا غالباً یہ لوگ تین سو سال سوتے رہے۔پھر جاگے اور پھر سو گئے۔

پئے نیکاں نیکوں کا پیچھا مراد معیت وصحبت ہے

نُدَمَاء ندیم کی جمع ہے،مصاحب، مقرب بادشاہ کا ہم مشرب وغیرہ۔

دانی دانستن سے مضارع کیا تو جانتا ہے؟

زال رستم پہلوان کا باپ

نتواں شمرد گمان یا شمار نہیں کرنا چاہئے

بسے بس+ے بسا اوقات،کئی بار

چشمۂ خُرد چھوٹا،معمولی سا چشمہ

ادیب علم وادب کا آموزگار، معلّم،اتالیق

نصب کردند مقرر کردیا،متعین کیا

حُسنِ خِطاب عمدہ گفتگو،خوب سخن گفتن

رَدِّ جواب سوال کا جواب دینا

آدابِ خِدمت مُلُوک شاہوں کے درباری آداب۔

درآموختند سکھادیئے۔

ہمگناں تمام،سب لوگ

شَمَائِل شَمِیْلَہ کی جمع عمدہ خصائل وعادات

شَمَّہ تھوڑا سا،معمولی کچھ

جَہلِ قدیم پرانی جہالت،نادانی

جَبِلَّتْ خلقت،سرشت،فطرت

بدر بردہ (یا رفتہ) نکال دی گئی ہے یا نکل گئی ہے

عاقبت انجام،نتیجتاً،آخرکار

گُرگ بھیڑیا

بزرگ شود بڑا ہونا،پلنا بڑھنا،پرورش پائے

بریں بر+ایں،اسی طرح

marfat.com

اُوباش بدمعاش، آوارہ منش لوگ

پیوستند ساتھ مل گئے، ساتھی بن گئے

عقدِ موافقت یاری ودوستی کا عہد، مرافقت

مَغَارہ غار

عاصی نافرمان، باغی

انگشتِ تحیّر یادستِ تحسّر

حیران ہونا اور کف افسوس ملنا وغیرہ

شمشیرِ نیک عمدہ تلوار

آہنِ بد برا لوہا، ناکارہ لوہا

نا کس نااہل، برا

کس شریف، اچھا، نیک

باراں بارش

خَلَاف اختلاف

لالہ ایک پھول کا نام

شُورہ بُوم بنجر شوری، کلری زمین

خس گھاس پھونس، معمولی تنکا

زمینِ شُورہ شوروالی زمین، نمکین

سُنبل ایک پھول کا نام

روید اگتا ہے، روئیدن مصدر سے

برنیارد نہیں اگاتی ہے

تخمِ عمل محنت کا بیج

حکایت نمبر ۴:۔

سرہنگ زادہ سپاہی زادہ، سر بمعنی سردار+ ہنگ کا معنی سپاہ ہے سپاہ کا سردار، سرِ لشکر (دیگر معانی، ہراول، اگنی فوج، کوتوال، چوبدار، پہلوان بھی ہیں)

سرا محل، حویلی

اَغلَمَش ترکی اسم ہے، ایک بادشاہ جو عجمی تھا

کِیَاسَت دانائی، زیرکی

فِرَاسَت دانائی، بصارت، قیافہ

زائدالوصف تعریف سے بھی زیادہ، بیان سے باہر۔

خُردِی بچپن (کے زمانہ سے)

آثار بزرگی بڑائی کے آثار

نَاصِیَہ پیشانی

پیدا ہُوَیدا، ظاہر، نمایاں

فی الجملہ المختصر

جمالِ صورت ظاہری حسن و جمال (اور باطنی کمال)

marfat.com

جمالِ معنیٰ حسن سیرت، اعلیٰ اوصاف

اَبنائے جنس ہمسر، ہمرتبہ لوگ

جِنایت گناہ، غلطی

مُتّہم کردند الزام لگادیا، اِتّہام باندھا

سعی بیفائدہ بیکار تگ ودو، فضول کوشش

خَصمی دشمنی، یاء صفتی ہے

دام ملکہ اللہ اس کو ہمیشہ قائم رکھے جملہ دعائیہ

باقی باد ہمیشہ رہے، قائم رہے

ہمگناں ہمہ+گاں، سب کو

حسودان حسود کی جمع، حسد کرنے والے

توانم اینکہ یہ تو میں کرسکتا ہوں کہ

اندرون اندر مراد دل یا سینہ

کو کہ+او، کہ وہ

نتواں رست رہائی چھٹکارا نہیں پایا جاسکتا

شُوربختاں بدنصیب لوگ، محروم

مُقبَلان بلند بخت، صاحبان اقبال ودولت

شَپرّہ شب+پرہ، رات کو اڑنے والا چمگادڑ، مراد چشم شبرہ ہے

راست خواہی راست ایں است کہ خواہی یا اگر حرف راست خواہی بگویم کہ، سچی بات یہ ہے کہ

چناں ایسی، اس طرح کی

کُور اندھا، مراد اندھی

حکایت نمبر ۵

غلامِ عجمی ایرانی غلام

دیگر دوسرا مراد پہلے کبھی، پھر

ندیدہ بود نہ دیکھا ہوتھا

محنت رنج، دکھ، تکلیف

نیازمودہ نہ آزمائے ہوئے تھا، لاعلم تھا

آغاز نہاد ابتداء کردی، شروع کردیا

لرزہ کپکپاہٹ، لرزیدن سے اعضاء جسم اَندام

مُنَغّص گدلا، خراب، تلخ، مکدّر

تحمّل برداشت کرنا، اٹھانا، جھیلنا

چارہ نداستند کوئی تدبیر نہ سوجھی، حل نظر نہ آیا

خاموش گردانم چپ کرائے دیتا ہوں۔

marfat.com

غایت	حد، انتہا، مراد بے حد، زیادہ
انداختند	انداختن، ڈالنا، پھینکنا
چندنوبت	چند بار (غوطے کھائے)
مُو لیش	مو+اش اس کے بال
دُکّان	دُنبالہ، پچھلا حصہ (ساکن کی جمع)
آویخت	لٹک گیا، آویختن سے
برآمد	باہر نکلا، ظاہر ہوا
عافیت	صحت وسلامتی (بدن کی)
گرفتار آید	مبتلا ہو، دوچار ہو
سَیر	پیٹ بھرا ہوا
نان جویں	جو کی روٹی (یں نسبت کا ہے)
زشت	بری ناپسند
حُورَان	حُور کی جمع، خود حَوراء کی جمع ہے۔ زنانِ خوش چشم، جنکی آنکھوں کی سپیدی وسیاہی بغایت رسیدہ ہو یعنی بے حد وزیادہ ہو۔
اَعراف	جنت ودوزخ کے درمیان ایک بلند دیوار کا نام ہے اور مذکورہ بالا ہردو کے درمیان ایک مقام بھی ہے جہاں دوزخ کا عذاب اور جنت کی نعمتیں نہیں ہونگی۔
یارش دربر	جس کا دوست اس کے پہلو میں ہو
دوچشم انتظارش	جس کی دوآنکھیں محبوب کے انتظار میں دروازے پر لگی ہوں۔

حکایت نمبر ٦

ہُرمُز	نوشیروان کی اولاد سے ایک ایرانی بادشاہ کا نام
بندفرمودی	آپ نے قید کردیا
مہابت	ڈر، خوف، ہیبت
بیکراں	بہت زیادہ، بے حد
بیم	خوف، ڈر
گزند	تکلیف
آہنگ	ارادہ
چُنُو	چوں، چنوں، ایسے، اس جیسے
برآئی	تو غالب آجائے، فتح پائے

marfat.com

مار	سانپ
رَاعی	شبّاں، چرواہا
کُوبَد	کوفتن سے کوٹنا ٹھوکنا، مراد کچلنا ہے
چُنگال	پنجہ
پلنگ	چیتا
حکایت نمبر ے	
بَالِیْن	تکیہ، سرہانہ
تُربَت	قبر، مزار، مراد سر کی طرف ہے
مُعتکِف	اعتکاف کرنیوالا (مسجد میں عبادت کی نیت سے بیٹھنا)
یحییٰ علیہ السّلام	زکریا علیہ السّلام کے فرزند نبی
جامع	مراد دمشق کی مسجد ہے۔ ملک شام کا ایک مشہور شہر جودارالخلافہ بھی ہے
بےانصافی	ظلم وزیادتی
منسوب	نسبت کیا ہوا، یا پایا ہوا مراد مشہور ہے
حاجت خواست	اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کی۔
بندۂ ایں خاک در	اسی خاک در کا بندہ، غلام
غنی تر	زیادہ مالدار (صفت تفضیلی)
محتاج تر	زیادہ محتاج (صفت تفضیلی)
آنگاہ	تب پھر مراد نماز ودعا کے بعد
ازانجا	چونکہ یا اس وجہ سے کہ
ہمت	روحانی توجہ یا باطنی قوت (والے) جیسے ہمتِ مرداں، ہمتہ لرّجال وغیرہ
خاطری	یک توجہ یا معمولی سی توجہ
اندیشناکم	میں پریشان اور خوفزدہ ہوں
سرِ دست	انگلیوں کی طاقت مراد پنجہ ہے
بازوان	بازو کی جمع
افتادگان	افتادہ کی جمع، عاجز، مسکین
از پای درآید	لغزید، پھسلا، گرا، عاجز ہوا
رحمت کن	کنایہ از اِرْحَمُوا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمُکُمُ الرَّحْمَانُ، رحم فرما۔
نہ بخشاید	نہیں رحم کرتا اور معاف نہیں کرتا کنایہ از مَنْ

marfat.com

لَایَرْحَمْ لَایُرْحَمْ

خیالِ باطل — فکر باطل غلط سوچ کی

دماغِ بیہودہ — فضول دماغ سوزی کی۔

زگوش پنبہ بروں آر — غفلت ترک کر،

اپنے کانوں سے غفلت کی

روئی نکال، دھیان کر!

داد — انصاف، عدل

روزداد — انصاف کا دن مراد روز

قیامت ہے

اعضاء — عضو کی جمع، اندام، جزو بدن

(زیادہ گوشت والی ہڈی)

آفرینش — پیدائش، خِلْقَتْ، حاصل

مصدر ہے آفریدن مصدر

سے، پیدا کرنا

یک جوہر — اشارہ ذات آدمؑ کی طرف

ہے مراد فرزندان آدمؑ ہیں

جو ایک اصل سے ہیں

بدرد آورد — درد سے دوچار کردے زمانہ

یعنی مصیبت یا دد کھ دے،

یا مبتلا ہو۔

قرار — سکون، چین، آرام، راحت

محنت دیگراں — دوسروں کی تکلیف سے

بیغم — لاتعلق، بے خبر، بے فکر

آدمی — آدم زاد یا انسان یا ءنسبت

حکایت نمبر ۸

مُستجاب الدّعوات — جسکی دعائیں قبول ہوتی

ہیں

بغداد — عراق ملک کا پائیہ تخت اور

مشہور عالم شہر جو عروس البلاد

تھا

حَجّاج — حجت باز مگر یہاں ثقفی

خاندان سے متعلق مشہور

ظالم وسفّاک حجاج بن

یوسف مراد ہے۔

خدایا — اے خدا، الف ندائیہ

بِستَانْ — لے لے، قبض کرلے،

امر ہے ستاندن سے۔

☆تو مزید ظلم کرنے سے بچ جائیگا اور

دوسرے تیرے ظلم سے نجات پاجائیں

گے۔ یہ سب کے لئے دعائے خیر ہے۔

زبردست — ظالم، غالب، قوی، توانا

(صفت ترکیبی)

زیردست — مظلوم ومقہور، کمزور

(صفت ترکیبی)

marfat.com

گرم ماندن گرم ہونا، بارونق ہونا چڑھنا گرم بازاری ہونا۔

تا کے؟ کب تک؟

بچہ کار آید؟ کیا کام آئیگا؟

جہانداری بادشاہی، دنیاداری، جو عقبیٰ میں موجب ملال ہوگی

کہ بمعنی از ہے۔(آزاری میں یاء خطابیہ ہے)

حکایت نمبر ۹

کدام کونسی، کونسا؟

فاضِل تر زیادہ فضیلت واجروالی

خوابِ نیمروز دوپہر کوسونا، آرام کرنا

یک نفَس ایک لمحہ، مراد یک پہر ہے

خفتہ سویا ہوا، خفتن مصدر سے

خوابش بردہ غافل شدہ، سویا ہوا ہونا

بدزندگانی صفت ترکیبی ہے، بری زندگی والے

حکایت نمبر ۱۰

مَعْزول برطرف شدہ، جدا کیا گیا ہوا، برخاست کیا ہوا۔

حَلْقہ کڑی، سِلسلہ، مراد گروہ یا مجلس ہے

جَمِیعت خاطر اطمینان قلب، سکون دل

دست داد ملنا، حاصل ہوا

سرایت اثر کرنا، ایک چیز کا دوسری میں

دل خوش کرد دل مائل ہوا، خوش وراضی ہوا

عمل فرمود دوبارہ عہدہ وزارت پیش کیا، تقرری وتعین کیا۔

معزولی ومشغولی الخ بیکار بودن بہ از مشغول بودن

گُنجِ عافِیت سلامتی کے گوشہ میں

بستند طعنہ زنی اور مکروہات دنیا کو اپنی طرف آنے سے روک دیا سدّ باب کردیا۔

حرفگیراں حرف گیر کی جمع، طعنہ دینے والے نکتہ چین لوگ (ان سے رہائی پا گئے)

ہرآئینہ بہرحال، لازماً

کافی کفایت کرنیوالا، وافی، مکمل

باید چاہئے، بائستن سے

تدبیرِ مملکت انتظام وانصرامِ سلطنت

بشاید اہل وسزاوار ہو، مناسب ہو

marfat.com

کافی — کفایت سرکار پاشاہی در نظر داشتہ باشد

باچنیں کارہا — ایسے کاموں میں (مصروف نہ ہو راضی نہ ہو) سے دامن بچائے۔

ہُمَا — سفید رنگ کا ایک مشہور و مبارک پرندہ جو خوش بختی واقبال مندی کی علامت ہے

شَرَف — فضیلت و بزرگی

مُرغَاں — مرغ کی جمع، پرندے

☆ انتظام وتدبیر سلطنت میں حد درجہ کی احتیاط کرے۔

حکایت نمبر ۱۱

توشیر مردی	تو شیر جیسا بہادر مرد ہے، یاءاہلیت کی اسمی ہے۔

حکایت نمبر ۶۸

فضلاء	فاضل کی جمع، عالم شخص جو فضیلت والا ہو
تعلیم	تعلیم و تربیت، سکھانا، پڑھانا
مَلِک زادہ	شاہزادہ
ضربتِ بے مُحابَا	بے تحاشا مار پیٹ، بے دھڑک ڈانٹ ڈپٹ وسزا
زجرِ بیقیاس	زجر کا اصل معنیٰ روکنا ہے مگر فارسی میں لازِم ضرب کہ سرزنش باشد مستعمل ہے۔ بے اندازہ جھڑکنا بے انتہا ڈانٹ
بیطاقتی	کمزوری، (مار کا دکھ درد)
تنِ دردمند	زخمی اودکھی بدن وجسم
بہم برآمد	دل پسیج گیا، دل بھر آیا
چنداں	اتنی، اس قدر
زجر	سختی
سخنِ اندیشیدہ	سوچی سمجھی ہوئی بات، ناپ تول کر بات کرنا۔
حرکتِ پسندیدہ	محبوب حرکات، اچھے کردار
علی العموم	عام طور پر
باید	چاہیے، اپنانا
ہرآئینہ	بہر طور، لازماً، بلاشک
افواہ	فوہ کی جمع منہ، دھن مگر یہاں مراد شہرت ومشہوری ہے، اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ کَلَامُ الْمُلُوْکِ مُلُوْکُ الْکَلَامِ۔
چنداں	کوئی، بالکل
ناپسند	ای فعل وحرکتِ ناپسند (سرزد ہو جائے)
اِقلیم	ملک، (جمع اقالیم ہے)
معلم	اتالیق، آموزگار، مربی
تہذیب	درستگی، کانٹ چھانٹ، سنوارنا
خداوندزادگان	واحد خداوندزادہ، شہزادہ

marfat.com

اَنْبَتَهُمُ اللّٰهُ نَبَاتاً حَسَناً۔
اللہ تعالیٰ ان کی بہتر تربیت فرمائے، یہ کلمہ دعائیہ معترضہ ہے

اَبنَائے عوام عام لوگوں کے بیٹے
ادب نکنی تو ادب نہیں سکھائے گا۔
فلاح برخاست بہتری اور بھلائی گئی، نہ ہوسکی
چُوبِ تر گیلی لکڑی
چنانکہ جس قدر، جس طرح
خواہی پیچ تو جھکالے، موڑ لے
کو کہ+او
جور آموزگار استاد و معلّم کی سختی
جفا بیند وہ زیادتی دیکھتا ہے، ظلم اٹھاتا ہے
حُسنِ تدبیر عمدہ تدبیر، بہتر سوچ
فَقِیہہ علم فقہ جاننے والا، دانا و عقلمند
تقریرِ جوابِ او اسکے جواب کی وضاحت شرح۔
موافقِ آمد پسند آئی، اچھی لگی
پائیہ منصب و عہدہ، مرتبہ

حکایت نمبر ۶۹

معلّم کتابی مکتب میں پڑھانے والا
دَیارِ مغرب عراق و حجاز مراد ہیں
ترشرو بدمزاج، اکھڑ
تلخ گفتار سخت کڑوی کسیلی باتیں کرنے والا
بدخو بدمزاج، بری عادت والا
مردم آزار لوگوں کو ستانے والا، دکھی کرنے والا
کُند طبع خوش طبع کی ضد، سڑیل، گنوار، گدا طبع، حریص، لالچی
ناپرہیزگار غیر متقی، غیر محتاط، بدعمل
عَیش مراد زندگی، سکون و چین
تَبَہ گشتے تباہ و برباد ہوتا
سِیاہ کردے کالا کرتا تھا (اپنی قرآن خوانی سے)
جمعے ایک گروہ، جماعت
پاکیزہ پوتر، پاک، صاف مراد پاکیزہ رو ہیں یعنی خوبصورت و حسین۔
دوشیزہ کنواری نوعمر، نوخیز لڑکی

marfat.com

گرفتار مبتلا و دوچار

زَہرہ خندہ مسکرانے کی طاقت و ہمت، مجال

یارائے گفتار مجال سخن، بولنے کی ہمت

عارضِ سیمیں چاندی جیسے حسین، سفید رخسار

تبانچہ طمانچہ، تھپڑ، دھپڑ

گاہ کبھی

ساق پنڈلی

بلّوریں شیشہ جیسی، کانچ والی، ایک صاف شفاف پتھر جیسا (یں نسبت کا)

درشکنجہ کشیدن شکنجہ میں کسنا، شکنجہ قابو کرنیوالا آلہ، جَلّاد وں، دفتریوں کے پاس ہوتا ہے

القصہ المختصر، مختصر یہ کہ

طَرَفے کچھ تھوڑا سا، ایک پہلو، طرف، جانب پہلوسمت، یاء تقلیل کیلئے ہے۔

خیانتِ نفس بدچلنی، برائی، بدعملی

براندند نکال باہر کیا

آنگہ تب، پھر

مُصلحے ایک صالح، نیک انسان

سلیمے بے ضرر، سلیم الفطرت، سلیم الطّبع

حکیمے دانشمند، عاقل

استادِ نخستین پہلے استاد، سابقہ معلّم

ہیبت رعب، ڈر، دبدبہ

ازسر رفت ختم ہوگئی، نکل گئی

اخلاقِ مَلَکی فرشتوں جیسا اخلاق

دیو صفت شیطان ہونا، شرارتی بن کر

یک یک رمیدند ایک ایک کر کے بھاگ گئے

باعتماد حلم برداشت پر بھروسہ، درگذر پر اعتماد

علم فراموش کردند لکھنا پڑھنا بھول گئے

اغلب اوقات اکثر اوقات، زیادہ وقت

بباز یچہ کھیل کود میں

لوح درست ناکردہ بغیر لکھی ہوئی تختی

برسرہم باہم ایک دوسرے کے سر پر

بے آزار رحم دل، مہربان، نہ مارنے والا

خُرسَک بچوں کا ایک کھیل، چیل

marfat.com

جھپٹنا، عربی میں اسے عجورا کہتے ہیں بچو دوڑو ریچھ آیا!

بازند — بازیدن کھیلنا، کھیلتے ہیں

دل خوش کردہ — راضی کر کے

بازآوردہ — واپس لائے ہوئے تھے

لَاحَوْل گفتم — میں نے لاحول ولاقوۃ کہا

دیگر بارہ — دوبارہ، دوسری بار، پھر ایک مرتبہ

ابلیس — شیطان کاصفاتی نام، دھوکہ دینے والا

(بچونکو ملائکہ سے انکے افعال کی وجہ سے تشبیہ دی اور معلّم کو ابلیس سے کیونکہ وہ معلّم الملکوت تھا)

چرا کردند — انہوں نے کیوں بنایا! کس لئے بنایا؟

پیر مردے — بوڑھا انسان، آدمی، یاء نکرہ کی ہے

ظریف — ہنس طبع، خوش مزاج

جہاندیدہ — تجربہ کار، ماہر، جس نے زمانہ دیکھا ہو

بمکتب داد — سکول، مدرسہ بھیجا، دلبستان

لوحِ سیمیں — چاندی کی بنی ہوئی تختی

کنار — گود، پہلو، مراد بغل ہے

بَنِشتہ بزر — سونے سے لکھا ہوا تھا، سنہری حروف میں تحریر تھا، (بنوشتہ)

جورِ استاد — معلّم کی سختی

مہرِ پدر — باپ کی محبت

حکایت نمبر ۷۰

ادیب — ادب واحترام سکھانے والا

چناں کن — ایسے کر! اس طرح کریں کہ!

کہ یکے الخ — گویا تیرے بچوں میں سے ہے، لہٰذا اپنے فرزندوں کی طرح تعلیم و تربیت دیں۔

بجای نرسید — کسی مقام پر نہ پہنچ سکا، کچھ نہ بنا

منتہی — انتہا کو پہنچنے والا، مرتبۂ کمال پانے والا

مُواخذت — مواخذہ، پوچھ گچھ، گرفت کرنا

مُعاتبت — عتاب کرنا، ناراض ہونا

marfat.com

خَلاف — وعدہ خلافی، بدعہدی

بجا آوردن — بجالانا، پورا کرنا، عمل کرنا (مراد وفاداری نہیں کی)

پوشیدہ نماند — مخفی نہیں ہے، ظاہر باہر ہے

طبائع — طبیعتیں، مزاج

سنگ — پتھر، پہاڑ مراد کان ہے، مگر دوسرے مصرعہ میں سنگ بمعنی مرتبہ ووزن ہے، (مراد ہم مرتبہ)

سُہَیل — ایک ستارہ کا نام جو مشہور ہے، اور بہت بڑا ہے، جس کی خاصیت سے یمن میں عمدہ اور خوشبودار چمڑا تیار ہوتا ہے، جسے انبان کہتے ہیں سہیل ستارے کی تاثیر مسلّم ہے مگر ہر جگہ مختلف ہے، (از خیابان)

اَدِیم — کچا چمڑا، کچی کھال، مگر اسکے برعکس بھی ہے

(☆ انبان عام چمڑا، ادیم رنگدار خوشبودار چمڑا)

حکایت نمبر ۱۷

پیرانِ مربّی — تربیت کرنے والے پیر

مرید — ارادتمند، سالک راہ طریقت وتصوّف، یاء نکرہ کی ہے، (کسی ایک مرید کو)

چنانکہ — جتنا، جس قدر

تعلقِ خاطر — دل کا رشتہ وتعلق مراد توجہ دھیان ہے۔

بروزی — رزق کے ساتھ

بُروزی دِہٗ — رزق دینے والے کے ساتھ

بمقام — مقام ومرتبہ، درجات

درگذشتے — بڑھ جاتا، گذر جاتا، آگے نکل جاتا

اِیزِدْ — اللہ تعالیٰ کے ناموں سے ایک نام (فارسی میں)

درآنحال — اس حالت میں بھی

نطفۂ مدفون — پوشیدہ نطفہ در پشت پدر یا دررِحمِ مادر

مدہوش — دہش سے تحیّر، بے ہوش مجازی معنیٰ ہے

(مگر شعر میں مخلقہ ومضغہ دررحم مادر مراد

marfat.com

ہے)

رُواں روح، جان

اِدراک فہم وعقل

نُطق قوت گویائی

مُرتّب ترتیب دادہ، ترتیب وار لگی ہوئیں

دوش کندھا، (گذشتہ رات)

ناچیز ہمت کم ہمت

حکایت نمبر ۷۲

یابُنَیَّ اے میرے بچے! فرزند!

مَاذَا اکْتَسَبَتْ؟ چہ کردی؟ تونے کیا عمل خیر کیا؟

بِمَنِ انْتَسَبَتْ؟ بکدام کس منسوب ہستی؟ کہ تیرا حسب ونسب کیا ہے؟

ہُنَر کمال، وصف، اچھائی

پِدرت کیست؟ کہ تیرا باپ کون ہے؟

مے بُوسَند بوسہ دیتے ہیں چومتے ہیں

کِرمِ پیلہ ریشم کا کیڑا

نامی شد مشہور ہوا، (یاء نسبت کی ہے)

باعزیزے ایک عزت والے کے ساتھ، یاء برائے نکرہ

وحدت

لَاجَرَم یقیناً، بلاریب

ہمچُواو اسکی طرح، اسی جیسا، مثل آں

گرامی عزت دادہ شدہ، باعزت گرامی قدر،

گرَانْقدر صاحبِ عزت ومرتبت

حکایت نمبر ۷۳

مردکے اسم مصغر، یاء نکرہ ک برائے تصغیر، بیوقوف، احمق

چشم دردخواست آنکھ میں درد ہوا

بیطار سَلوتری، چوپایوں کا علاج کرنیوالا ڈاکٹر، وٹرنری ڈاکٹر۔

چہارپایاں جمع چارپایہ، جانور

کشید ڈال دیا

کُور شد اندھا ہوگیا

حُکومت قَضِیّہ، دعویٰ نالش

دَاوَرْ حاکم، قاضی، مُنْصِفْ

(دادار) دادور کا مخفّف داور ہے

تاوان غرامت، جرمانہ، عوض،

marfat.com

	بدل
خر	گدھا
ناآزمودہ	ناتجربہ کار
کارِ بزرگ	بڑا کام، اہم امر، معاملہ
بآنکہ	اس کے ہمراہ جو، باینہمہ
خِفَّتِ رائ	سبک رائے، کم فہم، بیوقوفی
ہوشمند	عقلمند، باہوش۔
روشن رائے	روشن فکر، عالی دماغ دانا
بافرومایہ	کم عقل، بیوقوف، کمینہ چھچھورا
کارہائے خطیر	اہم کام، بزرگ کار، بڑا کام
بُوریاباف	ٹاٹ بننے والا، بافتن
بافندہ	بننے والا، (ضرور ہے)
کارگاہ	کارخانہ، کام کی جگہ
حَرِیر	ریشم، ابریشم
حکایت نمبر ۴۷	
توانگرزادہ	مالدار کا بچہ
گور	قبر
درویش بچہ	اضافتِ مقلوبی ہے، بچۂ درویش غریب زادہ (جو تربیت یافتہ اور دانا تھا)
بمناظرہ	جھگڑے میں، نزاع میں بحث
درپیوستہ	لگا ہوا تھا، ملا ہوا تھا
صَنْدُوق	بکس کی مثل قبر برزمین
سنگین	پتھر کا بنا ہوا (یں کلمہ نسبت)
کتابہ	تحریر، لوح مزار پر لکھی عبارت مراد کتبۂ قبر رنگین ہے۔
رُخام	سنگ مرمر، سفید پتھر
خِشت	اینٹ، ٹائیل
پیروزہ	فیروزہ کی بنی ہوئی (لگی ہوئی ہیں)
چہ ماند؟	کیا پڑا ہے؟ کیا رکھا ہے؟
خشتے دوفراہم	دو اینٹیں پڑی ہیں
مُشتے دو	دو مُٹھیاں (مٹی خاک ڈال گئی ہے)
پاشیدہ	چھڑکی گئی ہے (ڈالی گئی ہے)
سنگہائے گراں	بھاری پتھر
برخود	اپنے اوپر یا از خود
بجنبد	حرکت کرے گا، جنبش کرے گا

marfat.com

رسیدہ باشد — پہنچ چکا ہوگا

کمتر بار — ہلکا بوجھ، کم بوجھ، وزن

آسودہ تر — زیادہ آرام سے، آسانی سے مراد اچھی رفتار سے چلتا ہے۔

بارِ ستمِ فاقہ — بھوک کے ظلم وستم کا بوجھ

ہَمانا — بے شک

سبُک بار — کم اور ہلکے بوجھ والا

زِیں ہمہ — ازیں ہمہ، ان تمام باتوں کے باوجود

دشوار آید — مشکل ہوگی، سخت ہوگی (موت)

بہمہ حال — بہرحال

اسیر یکہ — وہ قیدی جسے

زِبَندے بجہد — قید سے رہائی، نجات ملی ہے خلاص شود۔

خوش تر — بہتر، اچھا

حکایت نمبر ۷۵

اَعدٰی عَدُوّک — تیرا سب سے بڑا دشمن، سخت ترین دشمن۔

نفس — جان، (بستہ قسم است امّارہ، لوّامہ مطمئنہ، یہاں پر مراد امّارہ ہے)

مُدَارَا — رعایت کردن، صلح وآشتی کردن مراد رواداری، خاطر تواضع ہے۔

بیش — زیادہ

فرشتہ خوی — فرشتہ صفت، نیک ومعصوم

کم خوردن — تھوڑا کھانا

بہائم — بہیمۃ کی جمع، چوپائے

جَماد — پتھر، جمادات، سنگ

بیوفتد — افتد، پڑا رہے، جمارہے

مراد — آرزو، خواہش

خلافِ نفس — مگر سوائے نفس کے

گردن کشید — سرکشی کی، بغاوت کی، سرتابی کی

(☆ مگر نفس کہ ہرقدر مراد یافت نافرمان شد، از خیابان)

marfat.com

حِکَم در پندھائے سعدیؒ
درآداب صحبت

نمبر ۱

عَاقِبت انجام، انتہا

قارون ابن عم موسیٰ علیہ السّلام بود، بخل وخست اور ظلم وستم سے مالدار بنا اور زکوٰۃ سے منکر ہوا اور سوء ادب کی وجہ سے مع خزائن کے زمین میں دھنس گیا، غارت ہوا

سرِ عاقبت آخرالامر، انجام کار

جُدُ امر ہے، بخشش کر!

وَلَاتَمْنُنْ احسان نہ جتلا، مَنّت مَنِہ

بیخ کرد جڑ پکڑی، لگا

برخوری پھل کھائے اور نفع مند ہو

بمنّت الخ احسان جتلا کر آرہ اسکی جڑ پر نہ رکھ

☆ اشارہ بآتیہ کریمہ، یَاایُّھاالّذین اٰمنُوا لاتُبطِلُوْا صَدَقٰتِکُمْ بِالْمَنِّ والْاَذٰی۔

مُوَفَّق شُدی توفیق دادہ شدی

مُعَطَّل محروم، بیکار، بے ہودہ

عبث (کہ تجھے اپنے فضل وانعام سے محروم نہیں فرمایا)

بخدمت بداشتت کہ تجھے اپنی خدمت کیلئے رکھا

نمبر ۲

بہر دین دین کیلئے، اس میں اشارہ آیۃ کریمہ کی طرف ہے مَثَلُ الَّذِیْنَ حُمِّلُوْ التَّوْرٰۃ الخ۔

خِرمَن کھلیان، غلہ کا ڈھیر

گِرد کرد جمع کرد

پاک سارا، تمام، (یکبارگی)

نمبر ۳

ناپرہیزگار بے عمل، غیر متقی

گورِ مشعلہ دار مشعل بردار اندھا

یَھدِی بہٖ دوسروں کو راستہ بتاتا ہے

وَھُوَلَا یَھْتَدِیْ خود راستہ نہیں دیکھ پاتا۔

(☆ مردم باوراہ یابندواو بسبب کور باطنی راہ نمی دارند)

marfat.com

نمبر ۴

خردمند دانشمند، عاقل

جمال زیب وزینت

کمال عروج، مرتبۂ بلند

(☆بادشاہ دانشوروں کے زیادہ محتاج ہوتے ہیں)

ہمہ دفتر مراد تمام کتب ہیں

عمل فرمودن منصب وعہدہ دینا

عمل شاہی ملازمت، درباری کام

نمبر ۵

رحم آوردن رحم کرنا، ترس کرنا

خبیث پلید انسان، کج فطرت

تَعَہّد کردن عہدہ دینا، ذمہ داری سونپنا

بنوازی تو بخشش وعطا کرے گا، نواختن مصدر سے

بدولتِ تو تیری حکومت عطا کرنیکی وجہ سے

بَانبازِی انباز شریک سہیم حصہ دار یاء مخاطبہ یعنی تو اس گناہ میں شریک ہوگا

نمبر ۶

اِمْضَاء جاری کرنا، گزارنا، فرمان جاری و ساری کرنا، حکم دینا، عرف میں قاضی کے نشان یا مہر کو کہتے ہیں۔

متردَّد متذبذب، گومگو کی حالت

بی آزارِ تو برآید تجھے تکلیف دیئے بغیر وہ کام ہو جائے۔ (مثلاً، مَنِ ابْتُلِیَ بِبَلِیَّتَیْنِ فَاخْتَرْ اَھْوَنَھَا)

مردم سہل گو سہولت پسند لوگ، سہل طبع

دشوار مشکل کام

صلح زند صلح کرے، امن چاہے

نمبر ۷

بزر برمی آید پیسے سے کام نکلتا ہو، جب تک دام کام بناتا ہو۔

نشاید نہیں چاہیے، جان خطرہ میں نہیں ڈالنی چاہیے۔

آخِرُ الْحِیَلِ اَلسَّیْفُ

تلوار تو آخری حربہ ہے (جیسے اَلْمَالُ وِقَایَۃُ النَّفْسِ جو گڑ سے مرے اسے زہر دینے کی کیا ضرورت ہے)

درگسست۔ ٹوٹ جائے، رہ جائے

marfat.com

(☆شکستن سخت اشیاء کاٹوٹنا جیسے لکڑی، پتھر وغیرہ اور گسستن نرم اشیاء کاٹوٹنا جیسے رسی وغیرہ)

حیلت حیلہ

نمبر ۸

بدے را برے شخص کو

برہاند رہائی و چھٹکارا دلاتا ہے

خلق آزار ظالم، لوگوں کو ستانے والا

مرہم پھاہا، زخم پر لگانے والی دوا

ریش زخم

مار سانپ

نمبر ۹

بادشاہِ بے حلم وہ بادشاہ جو بُردبار اور برداشت والا نہ ہو۔

زاہدِ بے علم بے علم زاہد، جو عالم نہ ہو۔

مباد نہ ہو

فرماندہ فرماں روا، حکمران

بندۂ فرمانبردار حکم ماننے والا بندہ، مطیع

نمبر ۱۰

شَبِ قدر قدر والی رات

لَعلِ بدخشاں بدخشاں کے قیمتی موتی

نمبر ۱۱

عیبِ نہانی مخفی عیوب، چھپی ہوئی، پوشیدہ عادتِ بد۔

پیدا مکن مت ظاہر کر، افشاء نہ کر

نمبر ۱۲

خَلاب بدبودار کیچڑ، خل+آب

ہماں ویسا ہی، اسی طرح

نفیس عمدہ

خسیس پست، گھٹیا، رزیل، فرومایہ

اِستعداد قابلیت واہلیت

دریغ بیکار، بے فائدہ

نامستعد جس میں قابلیت واہلیت نہ ہو

خَاکِستر بھوبھل، راکھ

جَوہرِ علَوی بلند جوہر، عالی اصل

نَے نیشکر، گنا

خاصیّتِ وے اس کی خاصیت وصف مٹھاس وشیرینی۔

کِنعَان ابن نوحؑ (نافرمان بیٹا) جوغرق ہوا

بے ہنر بے وصف، بے کمال، نااہل

marfat.com

پیمبرزادگی نبی کا بیٹا ہونا

قدرش اس کی قدرومنزلت، مرتبہ

نیفزود نہ افزود، نہ بڑھائی زیادہ نہ کی

بنمای ظاہر کر، دکھا

(☆ای از نسبت کارے نکشاید ہنر باید چنانچہ مصرع ثانی دلیل است یعنی گل نازک از خار درشت وابراہیمؑ درخانہ آذر بت تراش پیداگشت ۱۲۔ازرضی الدین)

(علماء کااس میں اختلاف ہے کہ آذر آنجناب کا والدتھایا چچا، بہرحال بعض علماء کے نزدیک آذر چچا تھااوروالدکا نام تارخ تھا ان کے بعدان کی پرورش آذر نے کی اورعرب چچا کوبھی ابٌ کہہ دیتے ہیں)

نمبر ۱۳

رائے بیقوّت وہ فکرجس کی پشت پر طاقت نہ ہو

مکروفُسون مکر، حیلہ، تزویر، مگر جادوگر کچھ کلمات کو لکھتے ہیں اور ان کاوردکرتے ہیں انہیں فسون کہتے ہیں۔

قوّتِ بےرائے اندھی، محض طاقت

جَہل وجُنون جہالت ودیوانگی

آنگہ تب، پھر، بعدمیں

سلاح جنگِ خدا خدا سے جنگ کے ہتھیار

☆یعنی ناداناں کہ قدرش نمی دانندو عظمتش نمی بینندوناداں رادرایام دولت ظلمِ صریح و امور خلاف شرع بوقوع خواہند آمد کہ موجب نارضامندیٔ حق تعالیٰ خواہدشد۔

نمبر ۱۴

قَضَا ای قضائے مُبرَم، اٹل تقدیر

رزقِ مقسوم قسمت کیا گیا اور مقدر میں لکھا ہوارزق۔

وقت معلوم مقررومعیّن وقتِ موت

دِگرنشود ٹل نہیں سکتی، بدل نہیں سکتی

ازدہنے منہ سے، زبان سے

خزانۂ باد ہوا کے خزانہ پر (مقرر مؤکّل فرشتہ یعنی حضرت میکائیل علیہ السلام)

(☆عندالبعض میکائیل علیہ السّلام صرف روزی رسانی پرمقرر ہیں تواس صورت میں پھرمؤکّلِ باد کوئی اورفرشتہ مراد ہوگا از صرّاح)

marfat.com

بمیرد — یہاںپر چراغ کی نسبت سے معنیٰ بجھنا ہوگا

پیرزن — بڑھیا عورت (بیوہ زن بھی نسخہ ہے)

نمبر ۱۵

بخوری — تجھے روزی ملے گی

مطلوب اجل — ہدف موت

جان نبری — تو جان سلامت نہ بچا سکے گا

جہد رزق — رزق کے حصول میں کوشش

ارکنی — اگر کنی، اگر تو کرے

برساند — (بہر صورت) وہ پہنچائے گا

(خاتمۃ الکتاب)

اہل تصانیف کے آداب میں یہ ہے کہ شروع میں وہ مقدّمہ وافتتاحیہ درج فرماتے ہیں اسی طرح آخر میں وہ خاتمہ کا ذکر بھی فرماتے ہیں اسے اختتامیہ کہتے ہیں۔

ما — ہم نے، مراد شیخ

بجائے خود — اپنی جگہ

نصیحت — خیر خواہی، بھلائی

روزگارے — ایک زمانہ مراد عمر کا ایک حصہ

بسر بردیم — ہم نے صرف کردی، خرچ کرڈالی

رغبت — رجحان، شوق (برما گناہی نیست)

رسولاں — رسول کی جمع، قاصد

بلاغ — پیغام وحکم پہنچانا

☆ آیۃ، وَمَاعَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّاالْبَلَاغُ۔

نامہ — مراد کتابِ گلستان

بعنوان — ای بکمال وتمام رسیدو قاعدہ است کہ بعد تصنیف کتاب رسانند۔

بپایاں — انتہا کو، آخر کو

پیشتر — اکثر، یعنی درزندگی کہ بعد تصنیف گلستان تامدت پنج وسی سال مصنف علیہ الرحمۃ زندہ ماند وسال تصنیف ایں کتاب از مصرع در مقدمہ ظاہر بود

؎ زہجرت شش صدو پنجاہ وشش بود

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

marfat.com

وَاِلَیْہِ الْمَرْجَعُ وَالْمَآبُ

المستعان جس سے مدد مانگی جائے

اللہ کریم کا صفاتی اسم گرامی

باری گھڑنے والا، بنانے والا، صانع

ناظراً اس کتاب کو دیکھنے پڑھنے والے قاری!

مَرْحَمَۃ رحمت، رحم، (طلب کر)

اَلْمُسِی گنہ گار

مولیٰ محسن احسان کرنے والا آقا

الاحسانا احسان کا طالب ہوں، اجرت کا نہیں

چند غزلہائے شیخ اجلّ سعدیؒ

علاقہ مند تعلق دار، ارادتمند

شیریں مٹھاس، انگبینی

نِشاط خوشی، شادمانی، جوش وچستی

بعہد اپنے وقت وزمانہ میں وعدہ کے مطابق

عَوْد لوٹنا، رجوع، واپسی

یارِ گرامی محبوب دوست، پیارا ودل

پسند

عَوْدِ جان ازسرنو حیات ملنا، نئی زندگی

بخشائیندہ الرّحمٰن، دنیا وآخرت میں یکساں مہربان و مددگار و روزی رساں، مبالغہ

بخشائشگر الرّحیم، ہمیشہ مہربان جو آخرت میں ایمان والوں پر رحم فرمائے گا، صفت مشبّہ

غزل نمبر ا

مشتاقی جذبۂ اشتیاق ومحبت

صبوری صبر کرنے کی ہمت ویارا

شکیب صبر، برداشت، شکیبیدن صبر کرنا

بَہ چشمِ احسان احسان و مروت کی نظر سے

خوان دسترخوان مراد مال و دولت ونعمت

راحت چین، سکون، قرار

خشم گیرد ناراض ہوتا ہے، غصہ ہوتا ہے

بندگان حضرت اپنی بارگاہ کے غلام حاضر

marfat.com

	باش
حکمش رسد	اسے حق پہنچتا ہے، اسے روا ہے
حَدّے	کوئی انتہا، کوئی حد
بے تو	تیرے بغیر
نمی پسندم	مجھے پسند اور اچھی نہیں لگتی
گدارا	فقیر کو (یاراں نال بہاراں بجناں!)
چُوں تشنہ الخ	جب پیاسا مرا ہوں تو اب محبوب کا قبر پر آ کر دو آنسو بہانے سے کیا فائدہ؟ محبت میں تشنہ
گیاہِ خاک من	میری قبر کی گھاس، اور کاہ پر
نیازمندی	حالت رغبت و محبت، اظہار آرزو
بازگردی	تو لوٹے گا، پلٹے گا، بازگشتن پلٹنا
ماجرا	حال، بپتا، سرگذشتِ دل
برگ	پتا، مراد تحفہ وہدیہ، ارمغان
آشنا	عاشق، جاننے والا
مہلت دہ	رعایت دے، تھوڑا وقفہ

	دے ذرا زندگی اور دے دے اور پھر سلامتی و جان بھی دے۔
دیدار آشنا	محبوب کا دیدار، جلوہ، زیارت یا پھر ہمدم، دمساز وہمراز ساتھی مراد ہے۔
باز بیند	پھر دیکھ لے، ایک بار اور مل لے
در چشمِ خوبرویاں	محبوبوں کی بے نیاز و خود دار نظروں میں (زہد و پارسائی اور فرمانروائی ہیچ ہیں)
بُرقع فتادے	حجاب و پردہ گر جاتا ہے اور وہ رخ زیبا بے نقاب ہو جاتا ہے اور جلوہ کرتا
مدعی	جھوٹا دعویدار مراد ملامت گر و طعنہ زن
مبتلا	عاشق زار، مبتلائے درد دل
قلم رفتست	تقدیر کا قلم چل چکا ہے اور اس نے سب پیش آنیوالا لکھ چکا چھوڑا ہے۔

marfat.com

گردن بِنہُ	تقدیر کے نوشتہ پر سرِ تسلیم و رضا خم کر دے اور بلاچون وچرا فیصلہ تسلیم کرلو۔ ماننا	عقل میبرد	جو عقل خرد اور ہوش سے بیگانہ کرتی ہے۔
		قرب	مقام قرب، نزدیکی، تقرب بارگاہ الٰہی، قرب خاص۔
غزل نمبر ۲			
زندگی	حیات مراد راز حیات، مقصد زیست	خواجگی	سرداری، سروری
		مَتاب	نہ پھیر، نہ موڑ (پیچ کا مرادف ہے)
مستانِ خواب	زندگی کے ذوق وشوق اور بلند، ارفع واعلیٰ مقاصد سے بے خبر اور مدہوش لوگ	طاعت وخدمت	عبادت اور فرمانبرداری، حکم ماننا۔
مستی	جذبہ صادق سے سرشاری	خفتہ	سویا ہوا، غافل، بے دھیان
شراب	مے، معرفت وحقیقت کی شراب	وادی	جنگل وصحراء مراد دنیا بھی ہوسکتی ہے
خانہ آباداں	ان زائدہ ہے، آباد علامت ظرف ہے جو گھر آباد ہو، رونق والا گھر۔	رفتہ	جا چکا، جو کوچ کر گیا ہو
		کاروان	قافلہ، مراد کاروان زیست بھی ہوسکتا ہے۔
خراب	تباہ، ویران، برباد	ترسمش	مجھے تجھ پر خوف ہے، مجھے ڈر ہے کہ تو۔ خطاب سے غائب کی طرف اشارہ زیادہ بلیغ ہوتا ہے۔
شرابِ شوقِ جانان	محبوب حقیقی کی محبت معرفت کی شراب ناب جو حیات بخش اور ہوش بخش ہے یہ جذبہ لقائے شوق جانانہ ہوتا ہے	منزل نبیند	یعنی تو کبھی منزل آشنا نہ ہوگا گوہر مراد سے محروم

marfat.com

رہے گا، ساحل مراد سے تو دور رہے گا۔

تانپاشی جب تک تو چھڑ کے گا نہیں، قربان نہیں کرے گا

تخمِ طاعت اطاعت و فرمانبرداری، بندگی کا بیج

دخلِ عیش زندگی کے اندر، آمد و سرمایہ زیست

برنگیری پھل نہیں پائے گا، لاحاصل ومحروم رہیگا

رنج بین دکھ اٹھانے والا، دردمند اور دوسرا معنیٰ ہے رنج، بین! دکھ اٹھا، الم، برداشت کر!

گنج یاب خزانہ پانے والا، گوہر مراد سے دامن لبریز کرنے والا اور گنج، یاب! خزانہ، پالے بھی مراد ہے۔

چشمہ حیوان آب حیاتِ جاودانی کا چشمہ

لُؤلُؤ موتی، لعل (از سمندر)

گنج خزانہ (ویرانوں میں)

ہر کہ دائم جو بھی ہمیشہ، جو کوئی بھی مسلسل

حلقہ بر سنداں زند کڑی کوا ہرن پر مارنا مراد ہر قسم کی آزمائش ومشکلات کو برداشت کرنا یا بالفاظ دیگر کسی کے دروازے پر بستر لگا کر اور ڈیرہ ڈال کر بیٹھنا ہے۔

ناگہش: فتحِ باب ایک دن اچانک اس کیلئے دروازہ کا کھلنا، مرادوں کا ملنا، منزل ملنا

رَفت باید کوشش وسعی اور جہد مسلسل چاہیے!

کامِ دل دلی تمنا و آرزو، مقصد و منزل، مراد دل

(☆اگر رُفت ہو تو پھر صفائی، پاکیزگی، طہارت وتقویٰ مراد ہے تاکہ دل کی دنیا آلائشوں اور کثافتوں سے پاک صاف ہو)

شب نشستن شب خیزی وشب بیداری رت جگا کرنا، دامن ورداء کو پھیلا کر رات بھر منتظر رہنا کہ محبوب کب مائل بہ

marfat.com

کرم وعطا ہوتا ہے۔

آفتاب برآمدن دن چڑھنا، روز روشن ہونا

مگر دلی مراد پوری ہونا اور منزل آشنا ہونا بھی مراد ہے

بے عمل بن کام کئے، بدون سعی و کوشش

مُزد مزدوری، اجرت

☆ یہ تو سُراب میں پیاسا سونے کے مترادف ہے جو محال ہے۔

غزل نمبر ۳

زیں در ازیں در، اس دروازے سے کہاں جائیں۔

بخاک او اس کی سرزمین پر، اس کے وطن میں

بخونِ ما ہمارا خون مراد ہمارا قتل اور خون بہانا

خون ریختن خون بہانا، قتل کرنا

حوالت جائز ہے، روا ہے، حوالہ کرنا

گر سر قدم نمی الخ اگر میں آگے نہیں آتا ہوں یا نہیں بڑھتا ہوں۔

پیشِ اہلِ دِل گروہ عُشاق کے سامنے

اور اللہ تعالیٰ کی سچی اور حقیقی محبت سے سرشار لوگوں کے سامنے۔

سر بر کردن سر اٹھانا، آمنا سامنا کرنا

مجالِ خجالت شرمندگی کا محل

☆ بے بضاعتی وکم مائیگی اور تر دامنی کی وجہ سے نیکوں کا سامنا کیسے کروں! سوائے شرمندگی کے کیا حاصل ہوگا؟

یادِ دوست۔ ذکر یار، محو وغرق شدن در ذکر او۔

سِرِّ عشق راز عشق، عشق الٰہی کی پیچیدہ ونہاں مخفی ونہفتہ راز اور کیفیات، شورش پنہاں

بَطالت جھوٹ، لغو، بے حقیقت وبے اصل

مارا دگرا الخ ہمارا کسی اور سے کیا معاملہ وتعلق؟

بَیُعے سودا وتجارت، بیع وشراء، لین دین

بَیُعِ اِقَالَہ اقالت، بیع فسخ کرنا، سودا ختم کرنا

بے حضورِ تو آپ کے بغیر، ہر وہ

marfat.com

معاملہ وعبادت جس میں آپ کی رضاوخوشنودی مقصودومراد نہیں ہے وہ ایسے ہی ہے جیسے بیع اقالہ

جفات دکھ درد، تکلیف، مراد آپکی جانب سے آزمائش۔

بوئے وفا اس میں بے وفائی کی خوشبوآتی ہے مراد یہ جفا بھی توایک تعلّق خاطر کو ہی ظاہر کرتی ہے۔

تأنّی دیر کرنا، تاخیر کرنا، دِرَنگ

اِستمالت مائل کرنا، اپنی طرف بلانا، نرمی ودلجوئی کرنا۔

☆انعام وتوجہ میں تاخیر بھی نسبت وتعلق کا مظہر ہے۔انتظار میں ڈال کرمحبوب کا شاد کام کرنااور بھی لذت انگیز ہوتا ہے۔

نقشِ غیرِ او اس کے سواکوجیسے دل سے ہرنقش مٹادے۔

علمے کہ جوعلم حق نمانہ بنے وہ جہالت ہے۔

غزل نمبر ۴

عیبِ یاران الخ دوستوں کی ہر دو حالت

بہتر ہے۔

درونِ ما ہمارے دل سے، سینہ سے محبت کی مہر۔

چہ تواں گفت کیا کہا جاسکتا ہے، اس کی لطافت میں۔

لطیف تر جوبھی کہوں گا وہ اس سے بھی زیادہ لطیف ہے کہ اوصاف جمیلش کی کُنہَہ حَدِّ ادراک سے ماوراء ہے

؎ حاجتِ مشّاطہ نیست روئے دلآرام را (سعدیؒ)

منظور دیدۂ دل دل کی نظروں کا محبوب

نتواں گفت اسے شمس وقمر نہیں کہا جا سکتا کہ یہ مثال وتشبیہ ناقص ہے۔

بحالِ خود باشد! اپنی دنیا و حالت میں مست وبیخود رہو!

حالِ مادِگر کہ ہماری حالت اور ہے

جانِ معنیٰ روحانی درجات ومقامات سے آشنااور حقیقت اصلیہ سے واقف ومتصف۔

پراکندگان مجموعیم ہم سراپا پریشان اور

marfat.com

بکھرے ہوئے۔

یارمالخ محبوب ہوکربھی نمایاں و ظاہراورجلوہ گرہے۔

چشمانِ تر روتی آنکھیں،چشم گریاں

جان شیرین پیاری جان، قیمتی و گرانمایہ روح

نیک مختصر بہت تھوڑی اورچھوٹی،معمولی

کروں تیرے نام پر جان فدا نہ یہ جاں فقط دو جہاں فدا

دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

(حافظ مظہرالدینؒ)

قربان ہوآپ کی کس کس ادا پر

ادائیں لاکھ اوردلِ بے تاب ایک

اینقدر بس اتناہی،اتنی مقدار میں

دون قدرِاو اس کی شان سے کم ہے۔

حدِ اِمکانِ ما ہمارے لئے ممکن تو اتناہی ہے

حدِ کُنہَہ توبادراک نشایددانست

ویں سخن نیزباندانۂ ادراکِ من است

(عرفی)

پردہ برخود اپنے کومحجوب ونہاں نہیں کرناچاہیے

عشقِ پردہ در عشق توراز کشاہوتا ہے

چوخود کردند، رازخویشتن فاش

عراقیؔ را چرا بد نام کردند

تاخبریافتست الخ۔

ای مرغِ سحرعشق زپروانہ بیاموز

کاں سوختہ راجاں شدوآواز نیامد

ایں مدعیان درطلبش بی خبرانند

کاں راکہ خبرشد خبرش بازنیامد

(سعدیؒ)

ماسراینک نہادہ ایم: سرتسلیم خم ہے،آئے جومزاج یارمیں

عشق است کہ ہردم بدگررنگ برآید

نازاست یکے جادوگرجائے نیازاست

(عراقی)

غزل نمبر ۵

یاران ہمدم ہمراز ودمساز دوست، ہم مزاج

دَرْیَابْ فائدہ اٹھالے،حاصل کرلے

ہماں دم وہی گھڑی حاصل حیات ہے

اوقات ہماں بود کہ بایاربسرشد

باقی ہمہ بے حاصلی وبے خردی بود

خُسْو زَوَائد،فالتو

دَرْهم باہم وصال آشنا،اکٹھے

marfat.com

ربیع بہار، موسم بہار، فَصلِ گل

نیک مُحکَم بہت ہی پختہ، گہرا راسخ

یارِ مَحرَم راز داں دوست، انتہائی قریبی دوست

ریش زخم

رفیق یار، دوست

مُمسِک بخیل

خُرم خوش، شاداں فرحاں

☆ آئینہ نیست دل کہ دہد جابہ ہر کسے
ایں پارۂ عقیق بنامِ تو کندہ شد

کعبہ نہیں کہ ساری خدائی کو دخل ہو
دل میں سوائے یار کسی کا گذر نہیں

غزل نمبر ٦

ہوای محبت الفت، خواہش وتمنا آرزو

غُوغا بلند آواز، شور، خروش

حِرص لالچ۔ آز

لِقا ملاقات، ملنا

رضا خوشنودی

زجرونواخت جھڑک اور عطا، ڈانٹ اور پیار

بروزگار زمانے میں، زندگی میں

ہر جا کہ روئے الخ: ہر ایک کی منزل ومراد تیری ذات ہے اور تو ہی منزل حقیقی راہروانِ عشق ومحبت ہے۔

قُوت روزی، خوراک، غذا

رُوان روح، جان

شیفتگان شیفتہ کی جمع، عُشاق

مرحبا تیرا خیر مقدم، خوش آمدید کہنا

عذر رفتن معافی مانگنا

موقوف منحصر ہے، مبنی ہے، کی وجہ سے ہے

بشرح تفصیل سے، وضاحت سے

☆ گر عشق نبودے وغم عشق نبودے
چندیں سخن نغز کہ گفتے کہ شنودے

☆ گر عشق حقیقی است وگر عشق مجازی است
مقصود ازیں ہر دوسرا، سوز و گداز است
(بوعلی قلندرؒ)

(اَلعِجزُ عَنِ الاِدرَاکِ اِدرَاکٌ)

غزل نمبر ے

دردیست ایسا درد ہے درد عشق کہ اس کا کوئی طبیب نہیں۔

marfat.com

دردمندِ عشق جذبہ عشق ومحبت میں مبتلا اوردکھی

مجانین مجنوں کی جمع، دیوانگانِ عشق

دُرُدِ تلچھٹ، گاد، مراد سوز گدازِ عشق کا پورا جام

امثال طیبات دوسری خوشبوئیں

☆شعر نمبر ۵ میں محبوب کا شکار کیا ہوا اگر رہائی مانگے تو یہ عجب ہے، حالانکہ وہ محبوب تو ایسا ہے کہ

ہمہ آہوان صحرا سر خود نہادہ برکف
بامید آنکہ روزے تو شکار خواہی آمد
(خسروؒ)

باک ڈر، خوف، اندیشہ، مراد ہے

دشمن چہ کند چون مہربان باشد دوست
(سعدیؒ)

برحدیثِ من میری پر درد اور پرسوز مظلومیت بھری گفتار پر۔

☆اس حال پر اجنبی تو مائل بہ تأسف وفضل ہے مگر یارانِ قدیم اور دوستانِ حمیم از کلمۂ وفا وحق خاموش اند۔

دستِ دوست دوست کے رویّوں کی جودگر گونہ ہیں۔

ہم صبر بَر جَیب اپنے ہی گریبان پر بس چلتا ہے

غم دوران نے بھی سیکھے غم جاناں کے چلن
وہی سوچی ہوئی چالیں، وہی بے ساختہ پن
(مصطفیٰ زیدی)

غزل نمبر ۸

ہیچ مشکل کوئی مشکل، مصیبت، درد

امیدِ وصل وصال کی امید، آرزوئے ملن

بیدار باید بود آگاہ ہونا چاہیے، مطلع ہونا

نُوکِ مژگاں پلکوں کی نوکیں مراد قلموں جیسی نوک۔

بیاض مراد کاغذ جو کورا ہو، کاپی، دفتر

روئے زرد غم والم اور فراق کی وجہ سے پیلا چہرہ

اگر باز اتفاقے اگر تجھے پھر جانے کا موقع ملے

زبان کشید لبوں پر مہر سکوت لگانا،

marfat.com

چپ کرنا

حدیثے اگر کوئی بات ہے یا راز و نیاز ہے تو وہ

فَرق چوٹی، سر، مانگ

دلِ من پارہ گشت از غم نہ آنگو نہ کہ بہ گردد
اگر جاناں بدیں شاد است یاربّ پارہ تر بادا
(خسروؒ)

مانی۔ تو مشابہ و مثل ہے لیکن

☆ چو خود کردند رازِ خویشتن فاش
عراقی را چرا بدنام کردند

بدر۔ ماہ کامل

☆ آناں کہ وصفِ حسن تو تفسیر می کنند
خوابِ ندیدہ را ہمہ تعبیر می کنند
(عراقیؒ)

لَوَحْشَ اللّٰہ اصل میں لَا اَوْحَشَ اللّٰہُ ہے اللہ اسے وحشت نہ دے۔ مگر یہ کلمہ تعظیم و استعجاب کے موقعہ پر تحسین و وحشت کے لئے بولا جاتا ہے

سروِ سہی درخت سرو کی طرح سیدھا وبالا

ہمتائیش اس محبوب کی مثل، مانند، نظیر

گنبدِ دوّار مراد آسمان ہے، گھومنے والا گنبد

خیمہ زدن ڈیرہ ڈالنا

☆ روئے نکو معالجہ عمرِ کوتہ است
ایں نسخہ از بیاضِ مسیحا گرفتہ ایم
(نظیری)

غزل نمبر ۹

دل برداشتن دل ہٹانا، منہ موڑنا

کہ گفت کس نے فرمایا؟ کہا

حرامش باد اس کیلئے حرام ہو، ممنوع ہو، منع ہو۔

درون اندر، سینہ، نظر

بیابانِ عشق عشق کے صحراء و جنگل میں

مرد جوانمرد، باہمت انسان

سرِ سفر سفر کا خیال و ارادہ

اندیشہ از خطر خطرہ کا ڈر یا خوف

دیدۂ تر آنسو سے لبریز آنکھ، گریاں چشم

چہ سر کیا خیال و ارادہ؟

marfat.com

برخاک مرادقبر ہے، گور پر
چرانہ کیوں نہیں؟
کدام کون؟
غزل نمبر ۱۰
ہرگز قدمے الخ تیرے سامنے ایک قدم بھی نہ بھر سکتے۔
دُنبالِ تو تیرے پیچھے،
غمزہ اشارہ، محبوب کا آنکھ یا ابرو سے اشارہ کرنا
زِنہار خبردار! ہرگز نہیں!
مجروح زخمی کے پاس سے
چون میگذراند کیا حال کر رہے ہیں؟
سَرگشتہ حیران و پریشان اور سرنگوں
ہمخانہ ایک گھر میں باہم مل کر، وصال ہونا
سرپیوند تعلق جوڑنے کا خیال
درگسلاند تعلق توڑ لیتا ہے، بے ربط ہونا
بگوشت تیرے کان میں
بہ چہ؟ بچہ، کس طرح؟ کیسی؟
سرومال سر، جان اور مال و دولت
بند سوچ، فکر، خیال

غزل نمبر ۱۱
وفانیز کنند وفاداری بھی کرتے ہیں
☆ دردد یں تو دوا بھی دیتے ہیں
ملاحت حسنِ ملیح (کے پادشاہ)
نخچیر شکار
اربابِ کرم بخشش و عطا فرمانیوالے
برخویش اپنے پہلو و دامن سے
مران نہ دور کر، مت بھگا یا اٹھا
سروزر جان اور مال و دولت
ہردو دونوں (تاکید ہے)
فِشانند لُٹاتے ہیں (فشاندن سے)
میل جھکاؤ، رغبت، محبت
بخُوبان حسینوں کی جانب، ماہ جبینوں کی طرف
دھن تنگ تنگ منہ مثل غنچہ
مَتاع قیمتی سامان و سرمایہ
بَہا کردن قیمت لگانا، مول تول کرنا، بیچنا
تو خطائی بچہ تو نے کیا گناہ کیا ہے؟ کونسی خطا کی ہے؟
اہلِ صواب نیکی، خیر اور بھلائی کرنے والے، راہ راست پر چلنے

marfat.com

	والے، ہدایت یافتہ لوگ
باکے	ڈر، خوف، اندیشہ، کوئی بات نہیں
بَغلَط	غلطی سے، بھول کر
مَرَنُج	ناراض ورنجیدہ نہ ہو
مَا کِہٗ	ہم کون ہیں اور کیا چیز ہیں؟ یعنی ہماری وقعت وہستی ہی کیا ہے؟
غزل نمبر ۱۲	
ہرگز	کبھی بھی نہیں، بالکل نہیں
بَبَالا	بلندی میں، رفعت میں، قدمیں
بَصَفَای	صفائی، چکاچوندا ور حسن کی تاب
دل سوختگان	دل جلے عاشق
غُرّہ غَرّا	روشن و سفید پیشانی، سورج جوروشن اور سفید ہو چمکتا دمکتا آفتاب۔
سَرْ وِرَوان	چلتا ہوا سرو بلند قد انسان ومحبوب
گلِ خندان	مثل گل خندان، شگفتہ مسکراتا ہوا پھول مراد

	حسین وجمیل محبوب ہے۔
صورت	چہرہ، شکل، ظاہر
بالا	بلند مراد قد ہے
پیداست	ظاہر ہے، عیاں ہے
سرپنجہ	انگلیاں مراد ہاتھ ہی ہے
سَاعِدِ سیمین	چاندی جیسی سفید براق کلائی (جو توانا اور طاقتور ہے)
سحرِ سخنم	میرے کلام کا جادو وسحر
چہ زَیْد؟	کیسے زندہ رہیگا یا باقی رہے
یَدِ بَیْضَا	حضرت موسیٰ علیہ السّلام بطور معجزہ اپنا ہاتھ بغل میں ڈالتے اور جب نکالتے تو وہ مثل سورج روشن و درخشاں اور ضوفشاں ہوتا، یہ تلمیح ہے مراد کرامت و خارق عادت ہے۔
ننگ	شرم، عار
جایِ مگس	مکھی کی جگہ
حلوا	مراد مٹھاس اور شیرینی ہے
سَوْدا	جنون، پاگل پن، دیوانگی

marfat.com

سُوُد فائدہ

غزل نمبر ۱۳

پری زادہ پری کا بیٹا جو حسن و جمال میں مثل پری ہو۔

کآدمیزادہ یا کہ آدم زاد، انسان ہے؟

بچُنیں ایسا، ایسی

زیبائی حسن و جمال، رعنائی

نہ حلالست مناسب و روا نہیں ہے

☆ جیسے گویم مشکل ور نگویم مشکل والا معاملہ ہے کہ دکھائے بھی نہیں بنتی اور چھپائے بھی نہیں بنتی۔

مجلسِ باغ باغ کی محفل میں مراد چمن میں یا باغ میں۔

ہم بالا ہم قد، بلندی میں برابر

ہنر نیست کہ نیست کونسا وہ کمال و جمال ہے کہ جو نہیں ہے۔

خون مریز خون نہ بہا، قتل نہ کر

آنقدر اتنا مرتبہ و حیثیت یا مقام و منصب

دست آلائی تو ہاتھ آلودہ کرے

بدو چشم + ت تیری دونوں آنکھوں کی قسم

مہیا تیار، حاضر، موجود

دِرَمی بائی تجھے آنا چاہیے اور خرید لینا چاہیے یا محض برائے نام ایک درم کے بدلے لے لینا چاہے۔

☆ بیک آمدن ربودی دل و دین، جانِ خسرہ چہ شود بدیساں گر دوسہ بار خواہی آمد دراو شاید بست کہ جس میں دل لگایا جا سکے

مِہرِ تو جو محبت تجھ سے مخصوص ہو چکی ہے اور یہ پارۂ عقیقِ دل بس تیرے نام کندہ ہو چکا ہے

بخواری ذلّت و رسوائی سے، بے ننگ و نام کر کے۔

عزیز مائی کہ تو ہمارا پیارا اور محبوب ہے

بخدمت غلامی، نوکری، چاکری، دست بستہ بیدام غلامی۔

تو نمی فرمائی آپ حکم کیوں نہیں فرماتے! شاہانہ انداز کیوں نہیں اپناتے!

انفاس نفس کی جمع مراد ذکر، یاد

marfat.com

وغیرہ

بادِنَوروز — موسم بہار کے پہلے دن چلنے والی ہوا جو معطّر و مشموم اور مُعنبر ہوتی ہے۔

لطف — سرور ولطافت، مستی

پیمائی — کہ جو تو ناپتا ہے مراد جس ہوا میں تو چلتا ہے اور وہ تجھے چھو کر گذرتی ہے اور وہ معطّر و مُعَنبر ہو جاتی ہے

بیا بمجلس اقبال

مجلس نمبر ا

ساغر — جام

کش — پی، کشیدن، کھینچنا

سرتراشیدن — سر مونڈنا

قلندری — ایک قسم کا خیمہ، مگر روحانیت میں تنہائی پسند اور گوشہ نشین با خدا انسان کو کہتے ہیں جو آزاد منش ہو اور دنیاوی علائق کو چھوڑ روحانی ترقی کر کے خدا کی ذات میں محو ہو گیا ہو، مجازاً رند، کندہ ناتراش بیباک،

ناشائستہ اور خلاف شریعت فقیر کو کہتے ہیں۔

نہ یابی — تو نہ پائے گا

یارے کہ — ایسا دوست جو کہ

دلنوازی — نواختن دنیا، عطا کرنا، دلنواز اسم فاعل اور یاء اسمی ہے، مشفق و شفیق ہونا۔

بخود گم شَو — اپنے آپ میں ڈوب جا! اپنے اندر کی دنیا میں، من کی دنیا میں سفر کر!

نِگہدار — حفاظت کر، اپنی انا اور خودی قائم رکھ

آبروئے عشق بازی — مقام و مرتبہ عشق کی عزّت

عشق — ایک ایسا سچا جذبہ جو انسان کو سرگرمِ عمل اور مائل بہ کار، بلند نظری اور عالی ہمّتی کے ساتھ رکھتا ہے اور اسکے مظاہر علیحدہ اور جدا جدا ہیں۔

کارآفریں — کام کو پیدا کرنے والا مراد کرنے والا

marfat.com

داغم	میں دکھی ہوں اور مجروح ہوں	علم وفراست	علم ودانش، عقلمندی
ذوق پیدائی	ذوق نمود، جذبہ خود نمائی	پرِکاہ	گھاس پھونس ایک تنکا، معمولی چیز
پوشیدہ دارد	چھپاتا ہے، مخفی کرتا ہے	بیگانہ ساختن	لاتعلّق بنانا، جدا کرنا
شیوہَ	طور طریق، انداز	تیغ وسپر	تلوار اور ڈھال جو بہادری اور اولوالعزمی کی علامت ہیں۔
کارسازی	کارساز، کام کرنے والا، جذبہ عمل	کالا	متاع، پونجی، اسباب
معنی نازک	نرم ونازک مفہوم جس میں ناز وادا ہو۔	سودمند افتد	فائدہ مند اور مفید ثابت ہوگا
اَیّاز	سلطان محمود غزنویؒ کا ایک انتہائی وفادار اور زیرک ترکی غلام جو لاہور کا گورنر بھی رہا۔	ادراک	علم وحکمت کی معراج
		رازیؒ	امام فخرالدّین رازیؒ جو تفسیر کبیر کے مصنّف اور رے کے باشندے تھے، نکتہ شناسی اور نکتہ سنجی میں بے مثل تھے، فہم قرآن کے جید اور نامور عالم دین تھے۔
مِہر	محبت، شفقت، مہربانی، عطا	آموزم	سکھاتا ہوں، بتاتا ہوں
افزوں کند	بڑھاتی ہے، اضافہ کرتی ہے	طریقِ شاہبازی	شاہباز پرندے کے طور طریق اور انداز۔
دردِ	محبت		
ایّازی	ایّاز کی طرف منسوب، تمثیلی طور پر وفاداری جس میں درد محبت کی آمیزش ہو		

☆ علامہؒ کو شاہین بلند پروازی، بے نیازی

marfat.com

اور پہاڑوں کی بلندی پر آشیانہ سازی کی وجہ سے بہت پسند ہے، وہ بندہ مومن کو ایسے ہی دیکھنا چاہتے ہیں۔

اگر ایں کار — اگر تو اس عظیم، اعلیٰ وارفع مقصد کو نفس اور ذات کے لئے سمجھتا ہے۔

دَمِ شمشیر — تلوار کی سی چمک دمک، درشتی اور تیزی وکاٹ وغیرہ

نَے نوازیؔ — بانسری نواز جو اسے بجاتا. ہو، اس عمل کا نام ہے، مراد آوازِ ساز میں بھی تلوار کی سی تیزی اور تاثیر ہونی چاہیے۔

مجلس نمبر ۲

علمے کہ — وہ علم وحکمت کہ جو

آموزی — سیکھنا، سکھانا، تو جانتا ہے

مشتاقِ نگاہ — نظر کا عاشق اور فریفتہ جو روحانی اقدار کا حامل ہو اور محبوب شناس ہو

واماندہ — پیچھے رہ جانے والا، کمزور و عاجز

آوارۂ راہ — راہ اور طریق کا جو پابند نہ ہو

ہو

☆ یہاں پر سیلاب کی طرح تُندی، تیزی اور پھیلاؤ مراد ہے۔

آدم — اعلیٰ وارفع حوصلوں کا مالک پُرعزم انسان

ضمیر — مراد دل اور قلب ونظر کی برق ریزی

نقشِ دو جہاں ریزد — بے نیازی وہ لاتعلقی کی طرف اشارہ ہے، دونوں جہانوں کی ہلکی سی تصویر کو دل سے مٹا دیتا ہے

لَذّتِ آہ — پردرد اور پر سوز آواز کی لذّت جو انسان کے دل سے نکلتی ہے جیسے ہُوک

عشقِ او — اس ذات کا عشق اور محبّت ووارفتگی

داغے — وہ داغ ونشان جو مثل انگارہ واخگر ہو

جگر سوختن — دل جلانا، سوختہ سامانی و اسباب کی کیفیت پیدا کر دے۔

سینۂ ماہے — چاند کے دامن میں

marfat.com

چشم برداشتن	آنکھ ہٹانا، نظر پھیرنا
روئے نگارنیش	اسکے محبوب کی طرح حسین ہے اور جس میں جلووں کی تابانی کے ہمراہ فراوانی و ارزانی بھی ہے۔
مستِ تغافُل	جوغفلت اور عدم توجّہی میں مست اور ڈوبا ہوا ہو۔
توفیقِ نگاہے	ایک نظر ڈالنے کی ہمّت، استعداد توجّہ۔
قَبا	ریشمی قیمتی لباس جو شاہانہ ہو
کارِ جہاں	دنیاوی امور مختلفہ
دریاب	جان لو کہ!
درویشی	ایک روحانی اندازِ حیات جس میں طریقت کو غلبہ حاصل ہوتا ہے، متصوّفانہ زندگی
دَلَق	گدڑی، گلیم، سجادہ
کُلاہ	ٹوپی، (بظاہر علامت درویشی)

مجلس نمبر ۳

بندۂ آزاد	جو پابندیوں کی سلاسل سے آزاد ہو، آزاد منش،

عشق	آزاد فکر جذبہ صادقہ جو منزل و محبوب کے لئے بیقراری کا سبب ہوتا ہے اور کسی بھی شئی یا ذات کیلئے حد درجہ کی محبّت جو جنون کی حدّ تک پہنچ جائے حسین صورت کے دیکھنے سے پیدا ہوتا ہے مراد جذبہ جنون جو سچّی کشش پر مبنی ہو
امام	پیشوا، مقتداء، راہنما
عقل	زیرکی و دانائی جو ناپ تول کی پابند ہو، اور نیک و بد کی تمیز بتائے۔
ہنگامہ	ہاؤ ہو کا شور، رونق حیات
گردش	گھومنا، ہیر پھیر، حرکت
از جامِ من	میرے پیالے سے، مراد یہ سارا ہنگامہ محفل میرے جام مے کو پی کر مست ہونے والوں کی وجہ سے ہے جو میرے ہم مشرب

marfat.com

	ہیں۔
گوُ گبِ شام	شام کا ستارہ جو رات کو روشن وتابندہ اور درخشندہ ہوتا ہے اور گم کردہ راہوں کو نشانِ منزل بتاتا ہے
ماہِ تمام	بدر کامل، پورا چاند جو آب وتاب سے روشن اور ضوفشاں ہو۔
عدم	عالم روح میں
آسودہ	آرام پذیر، باسکون
بے ذوقِ تمنّا	جو تمنّا اور آرزو کے جذبہ سے عاری ہو اور نا آشنا ہو
مَستانہ نوا ہا	مست الست لوگوں کی آوازیں جو جنون کی حالت میں نکلتی ہیں اور آہ رسا کی طرح اثر انداز ہوتی ہیں، نعرۂ مستانہ
عالم	جاننے والا، ظاہری علم وحکمت کو جاننے والا جو کائناتِ رنگ و بو کے اسرار کو جانتا ہو اور علّت و معلول کے قانون کو سمجھتا

مرگ	کو سمجھتا ہو۔ موت جو عدمِ محض کا نام ہے
صحبتِ ما	ہماری صحبت ومعیّت مراد زندگی
عشق	لازوال جذبہ ہونے کی وجہ سے اپنے صاحب کو بھی دوام عطا کر دیتا ہے
پیدا	ظاہر، ہویدا
پنہاں	مخفی، پوشیدہ
ضمیر	اندر، دل، سینہ
دریاب مقامِ مَن	میرا مقام ومرتبہ ڈھونڈلو، کیونکہ میں بھی اس جذبہ کا حامل ہو کر زمان ومکان کی حدود و قیود سے ماوراء اور آزاد ہو گیا ہوں۔

مجلس نمبر ۴

دوعالَم	دونوں جہانوں میں
ہر کجا	ہر کہیں، ہر جگہ ومقام پر
آثارِ عشق	عشق کے اثرات و نشانات
ابنِ آدم	انسان

marfat.com

سِرّے — ایک راز (جو مخفی ونہاں ہو)

اَرْحام — رِحم کی جمع مراد متصوّر و معہود طریق کار کے مطابق تخلیق انسان۔

سام — حضرت نوح علیہ السّلام کے فرزند کا نام جنکی اولاد سفید رنگ ہوئی مراد یورپی لوگ۔

حام — حضرت نوح علیہ السّلام کے ایک فرزند کا نام جنکی اولاد حبشی سیاہ فام ہوئی مراد افریقی

روم وشام — ملک وعلاقے مراد ہیں مراد جذبہ وسر عشق حدود وقیود اور رنگ ونسل کا پابند نہیں ہے یہ آفاقی اور عالمگیر حقیقت ہے۔

کوکب — ستارہ، ایسا ستارہ جو زوال نا آشنا ہے اور سمت وجہت کا پابند نہیں ہے۔

مَدار — گھومنے کی جگہ

اِنّیْ جَاعِلٌ — قرآن حکیم کی آیت کی طرف اشارہ ہے۔

اززمین تا — زمین تا سماء سب اس کی تفسیر اور مظہر شان میں۔

مرگ وقبر الخ — یہ انسان پر طاری ہونے والی مختلف اور عارضی کیفیات ہیں لہٰذا ذات انسان کوئی اور شی ہے۔

نورونار — اچھے یا برے اعمال، اخلاق

مِدَادْ — سیاہی

خُرْدَہْ — تھوڑا تھوڑا کر کے، ذرا ذرا کر کے۔

غیب — عالم غیب، مخفی ومستور دنیا

حُضُور — حاضر، موجودات، ظاہر

حُدُود — انسان کی کوئی حدیں نہیں ہے

ثُغُور — ثغر کی جمع، مراد حد ہے

اِعتبارِ ممکنات — وہ عالم جو ابھی وجود میں نہ آئے ہوں ان کو جانچنے کا آلہ ومِسْبار۔

عَیَار — ترازو، معیار

یَم — سمندر، بحر بے پیدا کنار

marfat.com

اَعصار دھور — زمانے

بگنجد — سما جائے، گم ہو جائے

آشکارا — ظاہر و باہر، نمایاں ممتاز

جلوت — ظاہری صورت حال جو نمایاں ہو

رہِ جبرائیل — جبرائیلؑ کی رسائی یا پہنچ

خلوت — تنہائی، گوشہ نشینی و عزلت

گردوں — آسمان، سمٰوٰت

تہذیب — علمی و ظاہری ترقی

مجلس نمبر ۵

حکمت — دانائی، بصیرت، فراست

خیر کثیر — بہت زیادہ بھلائی و اچھائی

☆ قرآن حکیم میں حکمت کو خیر کثیر قرار دیا گیا ہے

بگیر — حاصل کر! جہاں بھی ملے

حرف و صوت — حروف اور آوازیں

شہپیر — مراد اڑان کی طاقت و ہمّت اور حوصلہ

پاکی گوہر — موتی کی پاکیزگی، آب و تاب مراد خزف کو بھی موتی بنا دیتا ہے۔

اَوجِ فلک — آسمان کی بلندی و رفعت

چشمِ مہر — سورج کی آنکھ

بَرکندن — چھیننا، اکھاڑنا، کھینچنا

تفسیرِ کل — تمام اشیاء کی وضاحت و تفصیل

بستہ — بندھا ہوا، مقیّد، مراد تدبیر کا سوچا سمجھا ہوا

تقدیرِ کل — ہر ایک کے لئے اندازہ معیار ہے

دشت — جنگل و صحراء جہاں پانی معدوم ہو

حُبابے — پانی کا بلبلہ

بحر — سمندر، جہاں پانی کی بہتات ہو

سُراب — پانی کا دھوکہ

واردات — لمحہ لمحہ تغیّر پذیر احوال

مُحکمات — پختہ ترین، صاف اور صریح نشانیاں

بندد — مراد لگانا، وابستہ کرنا

بیگانہ گردد — لاتعلّق ہونا، جدا ہونا

سوزِ دل — دل کی جلن مراد اتھاہ لگن اور شوق

غاز — غازہ یا جنگ اور لڑائی

marfat.com

کُور	اندھا
کَبُود	نیلا، نیلگوں
فَرُو دنیش	اس کی انتہاء واخیر
برگ ریز	جیسے خزاں، پتّے جھاڑنے والی
ہست وبود	زندگی وآثار حیات
راغ	جنگل، دامن کوہ، سبزہ زار پہاڑ کے نیچے کا میدان۔
بم	ایک تباہ کن جنگی ہتھیار BOMB
یلغار	حملہ
سَیرِ وَاژُوں	نامبارک سیر، الٹی اور منحوس، مراد الٹا چکر ہے۔ جوتا ہی لاتا ہے۔
سرمایہ	قیمتی مال ومتاع
نورِنار	آگ کی مثبت کی خوبیاں
اعماق	عمق کی جمع، گہرائیاں
کُشتۂ شمشیرِ قرآن	قرآنی تلوار کی آب وکاٹ سے مزیّن وآراستہ شدہ۔
جلالِ بے جمال	رحم وکرم اور انصاف سے عاری غصّہ۔
الامان	پناہ
طَاغُوت	شیطان
لَاہُوت	عالَم، ذات الٰہی، فنافی اللہ کا مقام
ہَدَف	نشانہ (ناخوردہ جونشانے پر نہ لگا ہو)
بِنِیندہ	دیکھنے والا، بینا
بُولَہَبْ	ابولہب، شعلہ کا باپ، کنیّت ہے
حیدرِ کرّار	حضرت علی کا جذبہ بہادری

مجلس نمبر ۱+۶

ادب	عمدہ روش، ہر چیز کا اندازہ اور حد کا نگاہ میں رکھنا، احترام انسانیت
پیرایہ	پیراستن، سنوارنا، آرائش سجاوٹ، زیبائش۔
بیاراست	آراستن، سنوارنا سجانا
دانش	علم
فزود	بڑھ گیا، زیادہ ہوگیا
کاست	کاستن، گھٹا، کم ہوا

☆علم ہو اور ادب نہ ہو تو انسان بے مایہ ہوتا ہے

marfat.com

نمبر ۲

محبّت — جذبہ محبّت

ازنگاہش — آپ کی نظر دلنواز کا کمال ہے

پائدار — مضبوط و محکم

سلوک — راہ چلنا، نیک روی، رویّہ برتاؤ

(صوفیوں کی اصطلاح میں اللہ تعالیٰ کی نزدیکی چاہنا)

عیار — معیار، ترازو، مسبار

مقامش — آپ ﷺ کا ظاہری مقام و مرتبہ

☆سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ آیۃ پاک کی طرف اشارہ۔

جہانِ شوق — محبّت و عشق کی دنیا (عشق و شوق مستی و محبت تو حسن کی ایک ادنی سے جھلک کا کرشمہ و معجزہ ہے)

نمبر ۳

پُور — بچہ، فرزند

تابد — تافتن، چمکنا دمکنا

نگینش — اس کا نگینہ، موتی، جوہر

فطرت

یدِ بیضا — موسوی معجزہ کی طرف اشارہ ہے

آستین — مراد بغل یا بازو ہے

☆ہنر و کمال معجزاتی طاقت وصلاحیت رکھتا ہے

نمبر ۴

بچشمِ محرمانہ — واقف کار و آشنایانہ رویہ و انداز کے ساتھ۔

نگاہِ ما — خود نگری و خود احتسابی اور اپنی مخفی صلاحیتوں بروئے کار لانا۔

تازیانہ — کوڑا، چھتی، چابک

تلاشِ رزق — روزی کی ڈھونڈ اور جستجو کیلئے اسبابِ ظاہری کو اختیار کرنا، باوجودیکہ رزق مقسوم ہے، تاکہ تحرّک رہے اور جمود نہ ہو

پَرکشُودَن — اڑنے کے لئے پر پرواز تولنا اور کھولنا مراد تگ وتاز اور حرکت ہے۔

marfat.com

نمبر ۵

حرم — خانہ کعبہ کا اردگرد اور قابل عزّت اور حرمت ہونا اور اس کی حدّ توڑنا ناجائز ہے اور احترام ہر ایک پر واجب ہے۔

قبلہ — سمت، مراد خانہ کعبہ جس کی طرف منہ کر کے نماز ادا کی جاتی ہے، سامنے۔

طواف — خانہ کعبہ کے اردگرد چکر لگانا

رَمز — ایک خاص راز اور اشارہ مراد ایسا تعلّق خاطر ہے جس کی اہمیّت و مضبوطی کی جبرائیل کو بھی خبر نہیں

ہم — بھی

نمبر ۶

ساقی — شراب پلانے والا

پیمانہ — مراد مافیہا یعنی مے اور شراب ہے

☆ مجاز کا سہارا میں نے نہیں لیا ہے اگرچہ

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر
(غالب)

بیباکانہ — واضح طور پر نہایت نڈر ہو کر دلیرانہ اور بہادرانہ انداز میں۔

پاکانِ امّت — امّت محمدیّہ کے نیک اور پاک فطرت لوگ جو دانش وحکمت کے ناخدا اور عارف حق ہیں۔

شوخیٔ رندانہ — ایک رند کی دلیری و بیباکی کیساتھ

نمبر ۷

نساید — سائیدن، ملنا، رگڑنا ہے (ماتھا رگڑنا ہے)

☆ مسلمان غیر خدا کے سامنے ماتھا نہیں رگڑتا ہے اور جھکتا نہیں ہے۔

گردوں — آسمان

بکامِ او — اس کی مرضی و منشا کے مطابق

نہ گردد — نہ گھومے اور چکر نہ لگائے

بکامِ خود — اپنی پسند و مرضی کے مطابق

marfat.com

گردانَدُ گھمالیتا ہے، پھیر لیتا ہے

نمبر ۸

دلِ بیگانہ خُو وہ دل جو بیگانگی اور لاتعلّقی کے اطوار اپنائے ہوئے ہے۔

زِیں خاکدان اس عالم خاکی، مراد دنیا

دورِ آسمان آسمان کے چکر اور گھماؤ

وقتِ قیام نماز میں کھڑا ہونے کے وقت

☆جب بندہ خود کو بارگاہ خدا میں حاضر و ناظر دیکھتا ہے۔

دَرُیاب پالے! کبھی اپنا آپ پا اور تلاش کر!

نمازِ عشق و مستی محبّت و عشق اور سوز و ساز کی دنیا کے الگ اور نرالے دستور ہوا کرتے ہیں اور اس میں حضوریٔ قلب و نظر ہی نماز کی معراج ہوتی ہے اور یہ ظاہری علامات واراکین کی پابند نہیں ہوا کرتی۔

نمبر ۹

مقامِ شوق محبّت و عشق کا آخری درجہ نہایت اعلیٰ وارفع رتبہ۔

بے صِدق و یقین بغیر سچے خلوص اور یقین کامل کے خلوص وللّٰہیت کے سچّے جذبہ اور حقّ الیقین کے مقام اعلیٰ کے بغیر۔

یقین مقام حقّ الیقین جس کا جھٹلانا ممکن ہی نہ ہو، مقام شہود کا آخری درجہ۔

نصیبے کوئی حصّہ یا ذرا سا حصّہ

کمیں گھات، مرصاد، تاک

نمبر ۱۰

سوز عشق کی گرمی اور تپش

کشود راز کا افشاء، بیانِ حقیقت

قِیامش بندۂ مومن کا قیام وثبات مظہر جلالِ کبریاء ہے۔

سُجُودش مقام عجز و نیاز کا مشہد و حسن بندۂ مومن کے سجدہ میں ہے

marfat.com

نمبر ۱۱

تب وتاب — جوش و جذبہ کا عروج

نہ گنجد — نہیں سما سکتا، نہ سمائے

نمبر ۱۲

تقریر — وضاحت وتفصیل

مَیل — جھکاؤ، رجحان، شوق

اِکسیر — رسائن، کیمیا، سونا بنانا

کِشتِ خراب — ویران واجاڑ فصل یا کھیت

حاصِلے — فصل، برداشت

☆ جس کشت زار اسلام اور نظریہ وعقیدہ میں خونِ حسینؓ شامل نہ ہو وہ پھل اور فصل نہیں دیتا، مراد خون کی قربانی قوموں اور نظریّوں کو حیات اور جلا بخشتی ہے، شہید کی موت قوموں کی حیات ہوا کرتی ہے۔

نمبر ۱۳

ہم نفس — ساتھی، ہم خیال

باہم — مل کر، اکٹھا

کُشتہ — مارا ہوا، مقتول

شانِ جمال — مہربانی وکرم کی ادا

مرادِ دل — دل کی مراد وتمنّا اور آرزو

بپائَ خواجہ ﷺ — سرکار دوعالم ﷺ کی مبارک قدموں میں۔

چشمان — چشم کی جمع، آنکھیں

بمالیم — ہم ملیں اور رگڑیں

نمبر ۱۴

گُجگُلاہ — معشوق ومحبوب اور مراد

بادشاہ مزاج ہے

رَمِیْد — رمیدن بھاگنا، نکلنا خارج ہونا

سوزِ آہ — دل اور روح کی اتھاہ گہرائی سے نکلنے والی پرسوز آہ اور ہوک (جو پُر درد ہو)

نَالَد — رونا، بے قرار ہونا، تپیدن

نِگاہے — ایک نظرِ کرم ادھر بھی خدارا یَا رَسُوْلَ اللہ ﷺ۔

نمبر ۱۵

پیشِ خدا — بحضور پروردگار، جناب الٰہی میں

زار وخُوار — برے اور ذلیل و خوار و لاچار

دِلے دارند — دل تو رکھتے ہیں

محبوبے — کوئی محبوب

☆ وہ محبوب ومقصود ذات کہ جس کی محبّت

marfat.com

دلوں میں گرمی، سوز اور جذبہ عشق ومحبت پیدا کرتی ہے

از دیوان غالب

حق	سچائی، ذات خداوندی
جلوہ گر	جلوہ نما، ظاہر
طرزِ بیان	انداز بیان واظہار
آرے	ہاں، کیوں نہیں
کلامِ حق	اللہ تعالیٰ کا کلام، کلام الٰہی قرآن
بہ زبان	انکی زبان پر، بزبان عربی
آئینہ دار	ظاہر کرنے والا
پرتو	عکس
مِہر	سورج، آفتاب
ماہتاب	چاند
آشکارا	ظاہر، نمایاں
تیرِ قضا	قضا و تقدیر کا تیر، (اضافتِ استعارہ)
تَرکش	تیردان، تیروں والا تھیلا
اَمّا	لیکن، حرف تفسیر
کُشادِ آں	مراد اس تیر کا چلنا
ہر آئینہ	بہر حال، بلا شک

☆ رضائے محمد ﷺ رضائے حق ہی ہے

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر

جو وہاں پہ ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

دانی	تو جانتا ہے، تجھے معلوم ہے، مراد ہو جائے
لَوْلَاکَ	حدیث لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ کی طرف اشارہ ہے یہ حدیث قدسی ہے کہ اگر آپ ﷺ نہ ہوتے تو میں افلاک مراد کائنات کو پیدا ہی نہ فرماتا۔
وارسی	تو رسائی حاصل کرلے، آگاہی پائے

خود ہر چہ از حق است

کہ حق تعالیٰ کے پاس جو کچھ ہے۔

از انِ محمد ﷺ	وہ سب آپ ﷺ کا ہی ہے۔
عزیز	پیارا، محبوب
قسم خوردن	قسم اٹھانا (جو متہم بالشان کی ہو)
سَوْگَنْد	قسم

☆ خدا تعالیٰ جان محمد ﷺ کی قسم اٹھاتا ہے

marfat.com

واعِظ وعظ کہنے والا، ناصح

حدیث مرادبات، ذکر

طُوبیٰ لفظی معنیٰ پاکیزہ کے ہیں مگر اصطلاحاً جنّت کا ایک درخت۔

فروگذار چھوڑ دے، جانے دے، نہ کر

سروِرَوان مرادقدوقامت ہے

☆حضور ﷺ کے قدمبارک کے سامنے طوبیٰ کی کیاحیثیت ہے۔

بِنگر دیکھ! نگریستن سے

دونیمہ گشتن دوٹکڑے ہونا

ماہِ تمام بدرکامل، پوراچاند

☆معجزۂ شق القمر کی طرف اشارہ ہے۔

نیمۂ جُنبش آدھی حرکت، معمولی سا اشارہ

بُنان انگلیاں

ور اوراگر

خود ازخود، ذاتی طور پر

زنفسِ مُہر مہرنبوّت کی اصل اور حقیقت کے بارے، گفتگو ہو یابات کی جائے۔

آں نیز وہ مہرنبوّت بھی تو۔

نامور مشہورمرادسرفراز ہوئی۔

زنشان ذاتِ گرامی مصطفیٰ ﷺ

خواجہ سرورِ ﷺ کائنات، آقا

ثناء تعریف، حمدوثناءمرارنعت

بہ یزداں خداپر

گزاشیم ہم نے چھوڑ دی ہے

کاں ذاتِ پاک کیونکہ اسی کی ذات گرامی جو بزرگ وبرتر ہے۔

مرتبہ دانِ رتبہ شناس، مقام ومرتبہ کو جاننے والا، مرتبہ شناس

☆ہزار باربشویم دہن زمشک وگلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی ست
(خواجہ ہمام الدین تبریزیؒ)

☆گرنبودے یارسول اللہ ذاتِ پاکِ تو
ہیچ پیغمبرنہ بردے دولتِ پیغمبری
(شاہ ابوالمعالیؒ)

ازکلام شیخ احمد جامؒ

صدر سب سے زیادہ بلند و بالا مقام پر بیٹھنے والا

ایوانِ رسل رسولوں کے محل کے صدر نشین

marfat.com

وَمی — آنجناب ﷺ کی ذات گرامی، وہ

جمعِ انبیاء — تمام انبیاء اور رسولوں کے گروہ کی شمع

بُرجِ سلطنت — گنبد کائنات مراد عالم

خورشید — سورج، مہر تابان

جمشید — مراد بادشاہ کامل، ذیشان و ذی مرتبہ بادشاہ۔

طٰہٰ ویٰس — اسماء گرامی آنحضرت ﷺ

اِنَّافَتَحْنَا — آیت شریف کی طرف اشارہ ہے کہ ہم نے آپ کو فتح مبین سے نوازا ہے

کامِ تو — آپ کی مرضی و پسند اور مقصد ہے۔

☆ کلام حق آپ ﷺ کا پیغام بنا

بَہا — قیمت

آفرینش — آفریدن پیدا کرنا، زندگی حیات

نَامَتْ — سرکار ﷺ کا نامِ نامی، اسم گرامی

سَرْمَدْ — ابدی، دائمی، ہمیشہ والا

حَبْلُ الْمَتِیْن — قرآن کو حبل متین بھی کہتے ہیں، مضبوط رسّی۔

اَحکام — حکم کی جمع، ارشادات عالیہ محکم ہیں

حَاجِبْ — دربان، چوبدار، چوکیدار

رحمۃ للعالمین — تمام جہانوں کیلئے باعث رحمت

(آیۃ پاک کی طرف اشارہ ہے وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَo)

روح الامین — جبرائیل علیہ السلام کا لقب

ہستی — آپ ﷺ ہیں امام الانبیاء

بدرِ عالم — دنیا کے پورے چاند

تاج — بکٹ، بادشاہی ٹوپی

آدمی — مراد عالم انسانیت، نوع انسانی

خَاتَمی — سلسلۂ نبوّت کو ختم اور مکمّل فرمانے والے

مُجْتَبیٰ — چنا ہوا، منتخب، مقبول برگزیدہ

مُصْطَفیٰ — پاکیزہ شدہ، منتخب، مقبول برگزیدہ

تاج بخشش — تاج و تخت عطا فرمانے والے

خسرواں — خسرو کی جمع، بادشاہ

marfat.com

صاحبِقران زحل یا مشتری یا زہرہ اور مشتری ستاروں کے جمع ہونے کے وقت جو انسان پیدا ہو یا اس کا نطفہ قرار پزیر در رحم مادر ہو، قِران سے مراد ان ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ہے، ایسا شخص سعید و مبارک اور بادشاہ ہوتا ہے۔

ماہِ انور روشن چاند

شمعِ خاور سورج کی شمع (مشرق یا مغرب)

خُلق عادات، اخلاق عالیہ

عینِ کوثر خیر کثیر کا سرچشمہ

دریائے عطا جود و کرم اور سخا کا بحرِ بے پیدا کنار

پشت و پناہ سہارا، مددگار، بھروسہ

اِقبال بلند بختی

جاہ عہدہ، منصب، مرتبہ

عُذر خواہ شفیع، سفارش کرنے والا

دریاب پالیں، پہنچیں! مراد دستگیری فرمائیں!

نِہاں مخفی، پوشیدہ

بیکراں بے حد، بے اندازہ

کامران کامیاب، فتحیاب

عفوِ گناہ گناہ کی معافی

☆احمد جام شیخ۔ایک شیخ باکمال بزرگؒ

(حمد و نعت از شیخ سعدیؒ)

بے پایاں بے کراں، بے پیدا کنار، لاانتہا

صُنع قوّتِ تخلیق، قدرتِ خلق

درو جود آورد عدم سے بلا اسباب معرضِ وجود میں لایا، پیکر زیبائی اور خلعت وجود بخشا

الٰہا اے ہمارے معبود حقیقی، مستحق بندگی

قادرا اے قدرت و طاقت کے مالک حقیقی

پروردگارا اے پالنہار! مرتبہ کمال تک پہنچانے والے تدریج کے ساتھ۔

کریما اے کریم، ہمیشہ اور مسلسل کرم فرمانے والے۔

marfat.com

مُنعِما	اے انعام فرمانے والے	پرہیزگار	
آمُرزگارا	اے بخشنے والے (آمر زیدن)	نینداری	تو دھتکارے گا نہیں! در سے اٹھائے گا نہیں، راندۂ درگاہ نہیں فرمائے گا۔
خُداوندا	اے مالک! اے صاحب		
بفضل	محض اپنے فضل وعطا اور انعام سے	منِ ناپارسا	میں گنہ گار اور اثیم اور تر دامن
ہمید ون	اب بھی، اسی طرح	خدایا!	اے خداوندگار! اے اللہ تعالیٰ!
چشم داریم	امیدوار ہیں، طلبگار ہیں	بُرانی	اپنے در سے لوٹا دے گا یا محروم کرے گا یا بھگادے گا۔
کہ دیگر	کیونکہ پھر کبھی		
بازنستانی	تو واپس نہیں لیتا، محروم نہیں کرتا	شفیع آرد	شفاعت ومعافی کے لئے ذات گرامی مصطفیٰ ﷺ کووسیلہ لائے گا۔
خط درگشی	معافی کا قلم چلا دے پھیر دے		
بَدَان	با آن اس کی قسم یا اس کے بدلے، واسطے (جو شرف وعزّت تو نے)	سیّدِ سادات	تمام سرداروں کے سردار آقا ﷺ
مردان	مرد کی جمع، مرد کامل مراد جوانمرد	چراغ	روشنی، نور، مرشدِ راہنما
		چشم	آنکھ، توقّع، امید، قبول
ہوا	خواہش نفس، لالچ	☆ادب گاہیست زیرآسمان ازعرش نازک تر نفس گم کردہ می آید جنیدؒ وبایزیدؒ اینجا (عزّت بخاری)	
بحقّ	اس حق اور حصہ کے واسطے، بطفیل		
پارسایان	پارسا کی جمع، متقی و		

marfat.com

از رباعیات عمر خیام

رباعی نمبر ۱

از منزل	کفر کا گھر، مسکن
یک نفسی	ایک سانس اور ایک لمحہ وپل
نفسِ عزیز	پیارا محبوب اور قیمتی لمحہ
خوش میدار	سنبھال کے رکھا کر، غنیمت جان کر!
حاصلِ عمر	زندگی بھر کا سرمایہ وماحصل

رباعی نمبر ۲

خُروسِ سحری	سحری کے وقت بولنے والا پرندہ
سپیدۂ دم	سپیدۂ صبح طلوع ہونے کے وقت صبح کی روشنی پھوٹنے کا وقت۔
نَوحہ گری	رونا دھونا، پیٹنا، بین کرنا
نُمودند	کارکنان قضا و قدر یا مؤکلانِ صبح وشام وزمانہ نے ظاہر کردیا۔
آئینہ صبح	صبح کے صاف شفاف آئینہ میں
کز عمر	کہ از عمر، زندگی سے
شبے	ایک رات

رباعی نمبر ۳

کُہنہ رباط	پرانی سرائے، دنیا
اَبلق	دن اور رات
بزم	ایسی محفل ومجلس اور رونق گاہ ہے
واماندہ	پیچھے رہ جانے والا یا والی، باقی
صد جمشید	سینکڑوں بادشاہ، جمشید جیسے
گوریست	ایسی قبر یا قبرستان کہ
خوابگاہ	سونے کی جگہ، آرامگاہ
صد بہرام	سینکڑوں بہرام جیسے بادشاہ

☆ نیست درخشک وتر بیشۂ من کوتاہی
چوبِ ہر نخل کہ ''منبر'' نشود، دار کنم
(نظیریؔ نیشاپوری)

(از مثنوی شریف، مولانا رومیؒ)

نمبر ۱

دِمی	گذشتہ روز، کل
شیخ	بوڑھا بزرگ انسان
باچراغ	چراغ بدست
ہمی گشت	گھوم رہا تھا، چکر لگاتا تھا

marfat.com

گِردِ شہر	شہر کے اردگرد مراد شہر میں
کز	کہ+از
دام	جال، پھندا، چرندہ چوپایہ ہرن
